سان فرانسسکو: کورونا وائرس کی عالمگیر وبا کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں ایک دوسرے سے فاصلہ رکھنے کی تحریک جڑ پکڑ چکی ہے۔اب لوگ آن لائن ویڈیو کے ذریعے درس وتدریس کررہے ہیں۔اس تناظر میں ٹویٹر نے لائیو اسٹریمنگ کا آپشن پیش کیا ہے جس میں آپ ویڈیو جاری کرنے سے قبل دوسرے دوستوں کو بھی مدعو کرسکتے ہیں۔ٹویٹر کی جانب سے حقیقی وقت میں ویڈیو اسٹریمنگ سے قبل آپ دوستوں کو بلاسکتے ہیں اور اس میں ایک نئی شے آڈیو کا آپشن ہے جس میں دورانِ ویڈیو آپ کے مہمان اپنی آواز شامل کرسکتے ہیں جب لوگوں کو مدعو کیا جائے تو ناظرین 'ویو' پر جا کر براہِ راست نشریات پر جاسکتے ہیں۔اس سے قبل ڈی ایم یعنی ڈائریکٹ میسجنگ کے ذریعے تمام مدعو کیے گئے دوستوں کو اطلاع دی جاسکتی ہے۔ پہلے ایک فرد لائیو اسٹریم شروع کرسکے گا اور اس کے بعد مزید شرکا شامل ہوسکیں گے۔یاد رہے کہ ٹویٹر کے لائیو اسٹریم میں آڈیو گیسٹ الگ الگ ونڈوز میں نہیں دکھائی دیں گے تاہم ٹویٹر نے یہ اشارہ ضرور دیا ہے کہ مستقبل میں شرکا کو بھی ویڈیو اسٹریم میں شامل کرنے کا آپشن شامل کیا جاسکتا ہے۔تاہم سماجی طور پر لوگ ایک دوسرے سے الگ تھلگ ہیں اور اس ضمن میں ٹویٹر کا لائیو اسٹریمنگ انوی ٹیشن ایک عمدہ قدم ضرور ہے۔



گوگل نے پلے سٹور سے کورونا وائرس والی فیک ایپس صاف کردیں

اینڈرائیڈ یوزرز کورونا وائرس کے بارے میں زیادہ جاننے کیلئے کچھ فیک ایپس کا استعمال کررہے تھے جنہیں ڈویلپرز کی طرف سے بڑی ہی چالاکی سے پلے سٹور پر دستیاب ہوئے کورونا وائرس کو لے کر غلط پلے سٹور سے ہٹا دیا ہے۔ پلے سٹور پر کرینگے تو آپ کو ''No Result آئیگا۔ دراصل گوگل نے اپنے پلیٹ معلومات پھیلنے سے روکنے کیلئے یہ قدم ضروری معلومات لینے کیلئے آپ گوگل سرچ پر سیفٹی ٹپس، نئی اپڈیٹس اور ایس او ایس الرٹ کے جیسی ڈیٹیلز دیکھ سکتے ہیں۔

کیا گیا تھا۔ گوگل نے ایکشن لیتے معلومات دکھانے والی فیک ایپس کو اگر آپ اب کورونا وائرس سرچ Found'' میسج لکھا نظر فارم کے ذریعہ افواہوں فیک اٹھایا ہے۔ کورونا وائرس سے جڑی

گوگل لاؤنچ کرے گی اپنا اینٹری لیول سمارٹ فون

گوگل جلد اپنے اینٹری لیول سمارٹ فون کو بازار میں اتارنے کی تیاری کررہی ہے۔ اس سمارٹ فون کا نام Google Pixel 4a ہوگا جسے ڈیول ریئر کیمرہ سیٹ اپ اور 64GB کی انٹرنل سٹوریج کے ساتھ لایا جائے گا۔ آن لائن ٹیکنالوجی نیوز ویب سائٹ انگجٹ نے اس فون کی تصویر شیئر کرتے ہوئے بتایا ہے کہ گوگل پکسل 4 اے فیس ریکوگنیشن ٹیکنالوجی، فنگر پرنٹ ریڈر اور ہیڈفون جیک جیسی سہولیات کے ساتھ آئے گا۔ گوگل کے اپ کمنگ پکسل 4 اے سمارٹ فون میں 5.7 انچ کی ڈسپلے دی گئی ہوگی اور یہ سنیپ ڈریگن 600 یا 700 سیریز کے پروسیسر کے ساتھ لانچ ہوگا۔ آپ کو بتادیں کہ کورونا وائرس کے ڈر سے گوگل نے اپنی 1/0 ڈویلپرز کانفرنس کو کینسل کردیا ہے۔ ایسے میں اس سمارٹ فون کو آنے والے وقت میں آن لائن بھی لانچ کیا جاسکتا ہے۔

اپنے سوتے ہوئے ویڈیو بنا کر لوگ ہورہے مالا مال

آپ کو جان کر حیرانی ہوگی کہ اب لوگ سوتے ہوئے بھی ویڈیو بنا کر اس سے پیسے کمانے لگے ہیں۔ ٹیک ویب سائٹ وائرڈ نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ پاپولر سٹریمنگ ویب سائٹ Twitch کے یوزرز سوتے وقت اپنی ویڈیو کو لائیو سٹریمنگ کردیتے ہیں جس سے انہیں پیسے مل رہے ہیں اور کمائی کررہے ہیں۔ ٹوچ یوزرز سوتے ہیں اور ویب کیم کو اپنے بیڈ کی طرف ہونے پر صحیح ڈھنگ سے ریکارڈنگ اور یوزرز چھوٹی چھوٹی آن لائن ڈونیشنز کے میں رہنے والے ایک Twitch سٹریمر اس نے ایک رات میں خود کو سوتے ہوئے لائیو سٹریمنگ کرکے 5600 ڈالر کمائے تھے۔ آپ کو بتادیں کہ ٹوچ، ایمازون کی سٹریمنگ ویب سائٹ ہے جس کے دنیا بھر میں 1.5 کروڑ ڈیلی یوزرز ہیں۔ یوزر اس میں فن، میوزک اور گیمنگ سے جڑی لائیو سٹریمنگ کرتے ہیں اس میں پیسے کمانے کیلئے یوزر پیڈ سبسکرپشن، ایڈورٹائزنگ ریونیو اور ڈونیشن کا سہارا لیتے ہیں۔



وہ ایک رات میں ہزاروں ڈالرز کی ہوئے ویڈیو لائیو سٹریمنگ کرتے سیٹ کرلیتے ہیں تاکہ ان کے نیند میں لائیو سٹریمنگ ہوسکے جس کے بعد ذریعہ انہیں کیش بھیجتے ہیں۔ امریکہ میتھیو میجکف رناڈو نے بتایا ہے کہ

کورونا وائرس: مائیکروسوفٹ نے لانچ کی ٹریکنگ ویب سائٹ

مائیکروسافٹ نے دنیا بھر میں کورونا وائرس سے جڑی صحیح معلومات آپ تک پہنچانے کیلئے خاص ویب سائٹ کو لانچ کردیا ہے۔ اس ویب سائٹ کو مائیکروسافٹ نے کی بگ ٹیم نے متعارف کروایا ہے۔ آپ کو بس اپنے فون یا کمپیوٹر میں bing.com/covid ویب سائٹ اوپن کرنا ہوگا جس کے بعد آپ پوری دنیا میں پھیلے کورونا وائرس کے انفیکشن کا ریئل ٹائم اپڈیٹ لے سکیں گے۔ اس ویب سائٹ کے ذریعہ آپ کو اس بات کی معلومات ملے گی کہ پوری دنیا میں اس وقت کتنے لوگ کورونا وائرس متاثرین ہیں اور کتنے لوگوں کو بچایا جاچکا ہے۔ اس کے علاوہ اس ویب سائٹ پر یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کورونا وائرس کے باعث کتنے لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ اس پر آپ کسی ملک کے نقشے پر کلک کرکے اس ملک میں کورونا وائرس کی حالت کے بارے میں جان سکتے ہیں۔ آپ کو بتادیں کہ گوگل بھی ایک الگ طرح کی ویب سائٹ تیار کررہی ہے جس کے ذریعہ دنیا بھر کے لوگ اپنے نزدیکی کورونا وائرس ٹیسٹنگ سینٹرز کا پتہ لگاسکیں گے۔ اس ویب سائٹ سے یوزرز کو یہ بھی پتہ لگے گا کہ کورونا وائرس کی علامتیں کیا کیا ہیں۔ اس ویب سائٹ کو گوگل ایکس لیب کے ڈویلپرز کی بڑی ٹیم تیار کررہی ہے تاکہ اسے جلد سے جلد لائیو کیا جاسکے۔



گوگل کی طرح بات کریگی گوگل کی نئی چیٹ باٹ Meena

سمارٹ فون صارفین موسم کی معلومات، خبریں اور گانے سننے کے علاوہ دوسری انفارمیشن جاننے کیلئے ایمازون ایلیکسا، گوگل اسسٹنٹ اور ایپل سیری جیسے وائس اسسٹنٹ کا استعمال کرتے ہیں حالانکہ ان کے ساتھ بات چیت کرنے میں زیادہ مزہ نہیں آتا ہے۔ اسی بات پر دھیان دیتے ہوئے گوگل اپنی نئی چیٹ باٹ (باتیں کرنے والی اسسٹنٹ) لے کر آئی ہے اس کا نام Meena رکھا گیا ہے جس سے آپ جی بھر کر بات کرسکتے ہیں۔ ٹیکنالوجی نیوز ویب سائٹ Venture Beat کی رپورٹ کے مطابق گوگل نے کہا ہے کہ مینا کو ڈھیر ساری سوشل میڈیا چیٹ کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے اور اس سے لگ بھگ کسی بھی موضوع پر بات کی جاسکتی ہے۔ یہ آپ کو جوک تک بھی سنا سکتی ہے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مینا کو 40 ارب لفظ سکھائے گئے ہیں حالانکہ گوگل نے یہ نہیں بتایا کہ یوزرز کب سے اس کا استعمال کرپائیں گے۔



سام سنگ نے لانچ کی نئی #funbelievable TV سیریز

جنوبی کوریا کی الیکٹرانکس کمپنی سیم سنگ نے کم قیمت میں نئی ٹی وی سیریز بھارتی مارکیٹ میں اتاری ہے۔ اس نئی #funbelievable سیریز کے تحت لائے گئے ان ٹی وی میں یوزر کو پرسنل کمپیوٹر موڈ، کنٹینٹ گائیڈ، میوزک سسٹم اور انٹرنیٹ براؤزنگ جیسے ڈھیروں فیچرز ملیں گے۔ ان ٹی ویز کو دو سکرین آپشنز 32 انچ اور 43 انچ میں لایا گیا ہے اور ان کی قیمت 12990 روپے سے شروع ہوتی ہے ان کے ساتھ کمپنی 2 سال کی وارنٹی بھی دے رہی ہے۔ سیم سنگ انڈیا کنزیومر الیکٹرانکس بزنس کے سینئر وائس پریذیڈنٹ راجو پلن نے کہا کہ نئی ٹی وی سیریز ان نوجوانوں کے دھیان میں رکھ کر تیار کی گئی ہے جو ہمیشہ کنٹینٹ سے کنیکٹ رہنا چاہتے ہیں۔



گوگل پلے سٹور میں شامل ہوا ڈارک تھیم

اگر آپ بھی اینڈرائیڈ سمارٹ فون کا استعمال کرتے ہیں تو یہ خبر آپ کیلئے بیحد خاص ہے گوگل نے اپنے پلے سٹور میں نئے ڈارک تھیم کو شامل کردیا ہے۔ گوگل نے ایک ویڈیو کو اپنے ٹویٹر اکاؤنٹ پر پوسٹ کرکے اس بات کی معلومات دی ہیں۔ اس نئے ڈارک تھیم کو ایکٹیویٹ کرنے کیلئے یوزر کو پہلے پلے سٹور کے سیٹینگز مینیو میں جانا ہوگا۔ اس کے بعد دکھنے والے مینیو میں تھیم آپشن پر کلک کریں۔ ایسے میں یوزر کو سامنے ڈارک اور لائٹ میں سے کسی ایک کو این ایبل کرنے کا متبادل ملے گا جس میں سے آپکو ڈارک چننا ہے اس کے بعد پلے سٹور پر ڈارک تھیم سیٹ ہوجائے گا۔ اس سے رات کے وقت آپ کے احساس کو اور بہتر بنایا جاسکے گا۔

جلد سمارٹ فونز میں آنے والا ہے 150 میگا پکسل کیمرہ

سمارٹ فون بنانے والے کمپنیاں اپنے فون کو بہتر بنانے کیلئے اس کے کیمرے پر کافی کام کررہی ہیں۔ 108MP کیمرے والے سمارٹ فونز کو دنیا بھر میں لوگ کافی پسند کررہے ہیں۔ اسی بات پر دھیان دیتے ہوئے سام سنگ اب 150MP کا کیمرہ سینسر لانے کی تیاری میں ہے۔ اس سینسر کو آپ الگ الگ کمپنیوں کے فونز میں دیکھ سکیں گے۔ اس کیمرہ سینسر کے اس سال کے آخر تک فونز میں شامل ہونے کی امید ظاہر کی گئی ہے۔ سیم سنگ کا نیا 150MP کیمرہ سینسر نوناسیل ٹیکنالوجی پر کام کریگا اور یہ الٹرا گلیکسی S20 میں دی گئی HMI Bright، ISOCELL سینسر تکنیک پر کام کریگا۔ اس ٹیکنالوجی کی سب سے بڑی خاصیت ہے کہ یہ 9 ان 1 پکسل بائننگ ٹیکنالوجی پر کام کرتا ہے جس سے ہائی ریزولیشن کے فوٹو اور ویڈیو شوٹ کئے جاسکیں گے۔ سام سنگ 150MP کیمرے کو لے کر ایک رپورٹ سامنے آئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اس کیمرے کا سائز 1 انچ ہوسکتا ہے۔ ایڈوانس ٹیکنالوجی اور بڑا سینسر ہونے کی وجہ سے اسے صرف مہنگے فلیگ شپ سمارٹ فونز میں ہی دیا جائیگا۔ سال 2021ء کے آغاز میں اوپو، شاؤمی اور ویوو کے اپ کمنگ سمارٹ فونز میں یہ کیمرہ دیکھنے کو ملے گا۔ رپورٹ کے مطابق اس کیمرہ سینسر کو جن فونز میں لایا جائیگا ان میں کوالکام 875 ایس او سی پروسیسر دیا گیا ہوگا۔



کورونا کا خوف: مائیکروسافٹ نے اپنے سبھی سٹورز بند کردیئے

کورونا وائرس کا خوف وقت کے ساتھ ساتھ پوری دنیا میں بڑھتا ہی جارہا ہے۔ اس وائرس کے قہر کو دیکھتے ہوئے مائیکروسافٹ نے اپنے سبھی سٹورز کو بند کرنے کا فیصلہ لیا ہے۔ مائیکروسافٹ نے اس سلسلہ میں ایک ٹویٹ کے ذریعہ بتایا ہے کہ سبھی سٹورز کو بند کیا جارہا ہے اور اس بات کی تصدیق سبھی کارکنان کو ای میل کے ذریعہ دی گئی ہے۔ اس ای میل میں مائیکروسافٹ نے لکھا ہے کہ کورونا وائرس کے باعث سٹافّی صحت کو دھیان میں رکھتے ہوئے ہم سبھی سٹور بند کررہے ہیں۔ ہم اس وقت جس طریقے سے بھی آپ کی حفاظت ہوسکے ضرور کرینگے۔ مائیکروسافٹ کے سبھی سٹورز فی الحال 3 اپریل 2020ء تک بند رہیں گے۔ ایسے میں کسٹمرز کو آن لائن سہولیات ملتی رہیں گی۔ اس کے ساتھ ہی کمپنی نے یہ بھی کہا ہے کہ بھلے ہی سٹورز بند رہیں گے لیکن سٹاف کو تنخواہ ملتی رہے گی۔

کورونا وائرس سے آپ کا بچاؤ کریگا Be a Batman سوٹ

کورونا وائرس آہستہ آہستہ پوری دنیا میں پھیل رہا ہے۔اب تک لاکھوں لوگ کورونا وائرس سے متاثر ہو چکے ہیں اور اب تو WHO (ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن) نے کورونا وائرس کو گلوبل رسک بتاتے ہوئے الرٹ جاری کر دیا ہے اسی دوران لوگوں کی جان بچانے کیلئے چین کے ایک آرکیٹیکٹ ویانگ سن نے ایسا سوٹ تیار کیا ہے جسے کورونا وائرس سے بچاؤ کا سب سے کارگر طریقہ مانا جارہا ہے۔ڈیلی میل کی رپورٹ کے مطابق ویانگ نے ایک خاص پروٹیکٹو سٹرکچر (فائبر فریم) ڈیزائن سوٹ تیار کیا ہے جسے پہن کر یوزر خود کو کورونا وائرس سے بچا سکتا ہے۔یہ سوٹ دیکھنے میں چمگادڑ (بیٹ) جیسا لگتا ہے یہ وجہ ہے کہ اس کا نام Be a Batman رکھا گیا ہے۔چاروں طرف سے بند ہونے کے باعث UV (الٹراوائلٹ) ریز اس کے اندر پہنچتی ہیں اور اندر کا



درجہ حرارت باہری سطح سے زیادہ رہتا ہے۔UV لائٹس کو لے کر ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن نے کہا ہے کہ زیادہ دیر تک ان کے سمپرک میں رہنے سے سکن ایریٹیشن کی شکایت ہوسکتی ہے۔یہ سوٹ انسان کو ایک فریم کے اندر رکھتا ہے جس سے کورونا وائرس سے بچاؤ کیا جاسکتا ہے۔تھرموپلاسٹک میٹریل سے بنا یہ فریم یوزر کے چاروں طرف ایک سکیورٹی لیئر بنا دیتا ہے۔اسے بیک پیک بیگ کی طرح پہنا جاسکتا ہے۔ویانگ نے بتایا ہے کہ Be a Batman سوٹ کار کی ونڈ شیلڈ جیسا ہی ہے۔اس میں کچھ تاریں دی گئی ہیں جو ٹھنڈ کے موسم میں شیشے پر برف نہیں جمنے دیں گے۔اسی کی پروڈکشن شروع کرنے کیلئے اب کام شروع کیا جائیگا لیکن ویانگ کو اسے دنیا میں لانے کیلئے ابھی انویسٹر کی تلاش ہے۔

ٹویٹر میں جلد شامل ہوگا نیا کمال کا فیچر

مائیکرو بلاگنگ سائٹ ٹویٹر میں جلد نیا کمال کا فیچر شامل ہونے والا ہے اس نئے فیچر کے ذریعہ آپ اپنے ٹویٹ کی لمٹ 24 گھنٹوں کی سیٹ کرسکیں گے جس کے بعد آپ کا ٹویٹ اپنے آپ ڈیلیٹ ہوجائیگا۔ٹویٹر ڈس اپیئرنگ ٹویٹس نامی اس فیچر کو فی الحال صرف برازیل میں ٹیسٹ کیا جارہا ہے۔کمپنی نے کہا ہے کہ اپنے آپ ڈیلیٹ ہونے والے ٹویٹس کو ''fleets'' کہا جائیگا اور انہیں ری ٹویٹ نہیں کیا جاسکے گا۔اس کے علاوہ اس فیچر پر لائیک کا آپشن بھی یوزرز کو نہیں ملے گا۔حالانکہ ان پر کئے جانیوالے ریپلائی اور یجنل ٹویٹ کرنے والے کو ڈائرکٹ میسیج کی طرح ہی ملیں گے۔آپ کو بتادیں کہ اس طرح کے ٹویٹس پر پبلک رسپانس اور پبلک ڈسکشن نہیں ہوگی۔ٹویٹر ڈس اپیئرنگ ٹویٹس فیچر کے ذریعہ کمپنی یوزرز کو اپنے پلیٹ فارم پر ڈائریکٹ کرنے کی کوشش کررہی ہے۔یہ نیا فیچر سنیپ چیٹ، فیس بک اور انسٹاگرام کے سٹور پر فیچر سے ملتا جلتا ہے جس میں 24 گھنٹوں کیلئے فوٹو اور میسجز شیئر کئے جاسکتے ہیں۔



ہواوے سمارٹ فون نے بچائی خاتون کی جان

زیادہ بیٹری بیک اپ والے ہواوے سمارٹ فون کی وجہ سے ایک خاتون کی جان بچ گئی۔آپ کو جان کر حیرانی ہوگی کہ یہ خاتون ایک حادثے کے بعد قریب تین دن تک بیہوش پڑی رہی اور جب اسے ہوش آیا تو اس نے ایمرجنسی پر کال کر کے مدد مانگی۔اس دوران خاص بات یہ رہی کہ ہواوے سمارٹ فون نے تین دنوں کا لمبا بیٹری بیک اپ دیا اور بند نہیں ہوا۔انگلینڈ کے شہر لینکسٹر کی رہائشی 42 سالہ میکڈیرماٹ گھر سیڑھیوں سے وہ گریں جس سے وہ بے ہوش ہوگئیں اور تین دنوں تک اسی حالت میں وہیں پڑی رہیں۔تین دن بعد جب انہیں ہوش آیا تو وہ اپنے پیر استعمال کرنے کی حالت میں نہیں تھی۔انہوں نے حال ہی میں ہواوے Y6 سمارٹ فون 116 ڈالر میں خریدا تھا۔انہوں نے سوچا کہ فون کی بیٹری ختم ہوگئی ہوگی لیکن حیرانی کی بات یہ رہی کہ تین دن بعد بھی فون کی بیٹری قریب 50 فیصد چارج تھی۔اسی وجہ سے بیتھ 999 ایمرجنسی کو کال کرپائیں اور اپنی حالت کے بارے میں بتاسکیں۔اسکے بعد ایمبولنس آکر انہیں ہسپتال لے گئی جہاں ان کی حالت میں دھیرے دھیرے سدھار ہورہا ہے۔بیتھ نے اپنے تجربہ کو میڈیا کے ساتھ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ یہ میری زندگی کا سب سے بھیانک احساس رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مجھے یقین نہیں ہورہا کہ میں اب تک زندہ ہوں اور اگر فون کے زیادہ بیٹری بیک اپ دینے والے فیچر کو ایک معجزہ بتایا۔اس سے پہلے وہ آئی فون 6 کا استعمال کرتی تھیں جسے دن میں کئی بار چارج کرنا پڑتا تھا۔



ویسٹرن ڈیجیٹل نے لانچ کی سب سے پتلی 5TB کی ہارڈ ڈرائیو

امریکی ڈیٹا سٹوریج کمپنی ویسٹرن ڈیجیٹل نے انڈین مارکیٹ میں اپنی سب سے پتلی پورٹ ایبل ہارڈ ڈرائیو کو لانچ کردیا ہے۔یہ پورٹ ایبل 5TB سٹوریج صلاحیت والی ہارڈ ڈرائیو آپ کی ہتھیلی میں آسانی سے فٹ ہوجائے گی۔کمپنی نے دعویٰ کیا ہے کہ بازار میں موجود دیگر 5TB کی ہارڈ ڈرائیو کا سائز کمپنی کی اس لیٹسٹ مائی پاسپورٹ ہارڈ ڈرائیو سے 30 فیصد زیادہ ہوگا۔اس ڈرائیو میں آپ فوٹوز، ویڈیوز، میوزک اور ڈاکومنٹ تک سٹور کرسکتے ہیں۔قیمت کی بات کریں تو ویسٹرن ڈیجیٹل کی مائی پاسپورٹ ہارڈ ڈرائیو کے 1TB سٹوریج والے ویرینٹ کی قیمت 4499 روپے اور 5TB سٹوریج ویرینٹ کی قیمت 10999 روپے ہے۔نئی 5TB سٹوریج والی مائی پاسپورٹ ہارڈ ڈرائیو 19.15mm سائز میں پتلی ہے اور اسے تین کلر آپشنز بلیک، بلیو اور ریڈ میں خریدا جاسکے گا۔اس کے ساتھ 3.0 USB کنیکٹر ملے گا یہ کنیکٹر 2.0 USB کو بھی سپورٹ کرتا ہے۔کمپنی نے کہا ہے کہ سکیورٹی کو بڑھانے کیلئے اس ہارڈ ڈرائیو کو ہائی اینکرپشن تکنیک سے تیار کیا گیا ہے۔یعنی بازار میں موجود دیگر ہارڈ ڈرائیوز کے مقابلے یہ کافی سکیور بھی ہے۔



Xiaomi لارہی اپنا سب سے پاورفل Mi10 سمارٹ فون

چین کی سمارٹ فون بنانے والی کمپنی شاؤمی جلد اپنے سب سے پاورفل سمارٹ فون Mi 10 کو گلوبلی لاؤنچ کرنے والی ہے۔فی الحال اسے صرف چین میں ہی دستیاب کیا گیا ہے۔آپ کو بتادیں کہ کورونا وائرس سے جڑے انفکیشن کی وجہ سے کمپنیاں آن گراؤنڈ لانچ ایونٹ رد کررہی ہیں۔ایسے میں اس فون کو بھی آن لائن ہی Mi 10 اور Mi 10 Pro دو ویرینٹس میں لانچ یا جائے گا۔شاؤمی اس فون کے لانچ ایونٹ کو ٹویٹر، یوٹیوب اور فیس بک پر لائیو سٹریم کریگی۔شاؤمی ایم آئی 10 فون میں 90Hz کے ریفریش ریٹ کو سپورٹ کرنے والی 6.6 انچ کی فلم +HD، کروڈ AMOLED ڈسپلے ملے گا۔فون میں کواڈ ریئر کیمرہ سیٹ اپ 108MP+13MP+2MP+2M ملے گا جو 8K ریزولیوشن والی ویڈیو ریکارڈ کرنے کی سہولت کے ساتھ آئی گا حالانکہ سیلفی کیمرے کے صرف 20 میگا پکسل ہونے کی معلومات ہیں۔فون میں 4,780mAh کی پاورفل بیٹری ملے گی جو 30W کے وائر چارجر اور وائرلیس چارجر دونوں کو ہی سپورٹ کرے گی۔Mi 10 فون میں نیا ریورس وائرلیس چارجنگ فیچر بھی ملے گا۔اب تک ملی معلومات کیمطابق Mi 10 سیریز کیس مارٹ فونز کی ابتدائی قیمت لگ بھگ 40000 روپے اور Mi 10 Pro کی قیمت لگ بھگ 47000 روپے ہوسکتی ہے۔



کورونا وائرس کو لے کر واٹس ایپ پر بھیجے جارہے فرضی میسیج

دنیا بھر کیلئے اس وقت کورونا وائرس ایک بہت ہی بڑا پریشانی کا موضوع بنا ہوا ہے ایسے میں واٹس ایپ کو لے کر فرضی میسیج بھیجے جارہے ہیں جس میں اس بیماری کیج لاج کے عجیب وغریب طریقے بتائے گئے ہیں۔واٹس ایپ پر میسیجز کے ذریعہ فرضی معلومات یوزرز تک پہنچائی جارہی ہیں۔ایسے میں اب آپ ایپ میسیجز کے بارے میں آج ہم آپکو بتائیں گے جن پر آپ نے بالکل بھی دھیان نہیں دینا کیونکہ یہ فیک ہیں۔واٹس ایپ پر ایک فیک میسیج بہت تیزی سے وائرل ہورہا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ گرم پانی سے نہانے سے کورونا وائرس سے بچا جاسکتا ہے اس میسیج پر بالکل یقین نہ کریں کیونکہ کسی بھی ڈاکٹر یا ہیلتھ آرگنائزیشن نے اس بات کی تصدیق نہیں کی ہے کہ گرم پانی سے نہانے سے کورونا وائرس کا خطرہ کم ہوتا ہے۔مچھروں کے کاٹنے سے یہ وائرس پھیلنے والا میسیج غلط ہے۔ابھی تک کسی ڈاکٹر، سائنسدان یا ریسرچر نے کورونا وائرس انفیکشن کے مچھروں کے کاٹنے سے پھیلنے کی بات نہیں کی ہے۔اگر آپکے فون میں اس طرح کا کوئی میسیج آتا تو اسے ڈیلیٹ کردیں۔واٹس ایپس میسجز میں کہا جارہا ہے کہ جسم پر الکحل یا کلورین کے چھڑکاؤ سے کرونا وائرس سے بچا جاسکتا ہے یہ میسیج بالکل غلط ہے۔اگر آپ کو کوئی ایسا میسیج بھیجتا ہے تو سینڈر کو میسیج یا کال کرکے اس میسیج کے فرضی ہونے بارے آگاہ کریں۔کہا جارہا ہے کہ کورونا وائرس کوریئر یا پارسل ریسیو کرنے سے بھی پھیل سکتا ہے۔اس میسیج پر یقین نہ کریں اور نہ ہی اسے آگے فارورڈ کریں۔پالتو جانور سے کورونا وائرس کے پھیلنے والا میسیج بھی غلط ہے اب تک ایسی کوئی رپورٹ نہیں آئی جس میں کہا گیا ہو کہ پالتو جانوروں کے چھونے یا ان کے ساتھ کھیلنے سے کورونا وائرس پھیلتا ہے۔ان کے علاوہ واٹس ایپ پر کئی ایسے فرضی میسیج آرہے ہیں جن میں کورونا وائرس سے بچاؤ کے غلط طریقے بتائے گئے ہیں۔ان میسیجز سے ہوشیار رہیں اور اپنے خاندان کے ممبران کو بھی اس بارے صحیح معلومات دیں۔

کورونا وائرس: گھروں میں قید لوگوں نے ڈاؤن لوڈ کیں کروڑوں ایپس

کورونا وائرس کے انفیکشن کی وجہ سے چین میں کارخانے بند ہوگئے ہیں، ڈر کے مارے لوگ گھروں میں قید ہو چکے ہیں ایسے میں خود کو مصروف رکھنے اور ڈر سے باہر نکلنے کیلئے چینی شہری موبائل گیمز و مختلف قسم کی ایپس کا سہارا لے رہے ہیں۔ایپ کا تجزیہ کرنے



والی کمپنی ایپ اینی نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ چین میں 2 سے 8 فروری کے درمیان صرف ایپل سٹور سے 22.2 کروڑ سے زائد ایپس ڈاؤن لوڈ کی گئی ہیں۔اس ہفتے میں 40 فیصد زیادہ ایپس ڈاؤن لوڈ ہوئی ہیں۔ان میں تعلیم، انٹرٹینمنٹ، ویڈیو اور بزنس سے جڑی ایپس بھی شامل ہیں۔رپورٹ میں تو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کورونا وائرس کے مسئلہ کی وجہ سے چین کے قریبی ممالک جنوبی کوریا اور جاپان میں بھی ایسے ہی حالات ہیں لیکن وہاں ایپس ڈاؤن لوڈ نہیں کی گئی ہیں۔چین کے مختلف حصوں میں کارخانے، سٹور اور آفس بند پڑے ہیں۔ایسے میں کمپنیاں اپنے کارکنوں کو گھر سے ہی کام کرنے کیلئے بندوبست کر رہی ہیں۔کلائنٹ سے میٹنگ اور معلومات کے تبادلے کیلئے یہ کمپنیاں ویڈیو اور فون کال کا سہارا لے رہی ہیں۔ایسے میں فون کالز کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

رئیل می لا رہی ہے سب سے سستا فائیو جی سمارٹ فون

چین کی سمارٹ فون بنانے والی کمپنی رئیل می بھارتی مارکیٹ میں سب سے سستا اور نیا فائیو جی سمارٹ فون X50 Pro کو لانچ کر سکتی ہے۔کمپنی کے سی ای او مادھو سیٹھ نے اس بات کی معلومات دیتے ہوئے کہا کہ کمپنی کو امید ہے کہ سال 2020ء تک بھارت سے ہونے والی کمائی



دوگنی ہوکر 30,000 کروڑ روپے ہوجائے گی۔اکنامک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق انہوں نے پلاننگ کی ہے کہ آنے والے وقت میں سمارٹ ٹی وی، سمارٹ بینڈ، سمارٹ واچ اور اس ایکوسسٹم سے جڑے دیگر پراڈکٹس کو لاؤنچ کرینگے۔رئیل می انڈیا نے 2019 میں 14,700 کروڑ روپے کی فروخت کرتے ہوئے 150 لاکھ سمارٹ فون بیچے ہیں جسے کمپنی 2020 میں بڑھا کر 300 لاکھ یومیہ تک لے جانا چاہتی ہے۔کمپنی کے سی ای او مادھو سیٹھ نے کہا کہ ہمارے پاس کئی چپ سیٹ ہیں لیکن ہم اپنے پہلے فون میں فلیگ شپ چپ سیٹ دینا چاہتے ہیں تاکہ کسٹمرز کو بہتر تجربہ مل سکے۔

کورونا وائرس کے ڈر سے 2020 گیم ڈویلپرز کانفرنس کینسل

پھیل چکا ہے۔اس وائرس کی وجہ سے دنیا کے کئی بڑے ٹیکنالوجی سے جڑے پروگرام رد ہوگئے ہیں جن میں موبائل ورلڈ کانگریس سے لے کر فیس بک ایف 8 کانفرنس بھی شامل ہے۔اب کورونا وائرس کے ڈر سے گیم ڈویلپرز کانفرنس یعنی GDC 2020 ایونٹ کو بھی رد کر دیا گیا ہے۔یہ ایونٹ 16 مارچ سے 20 مارچ کے درمیان منعقد ہونے والا تھا لیکن اب اسے کینسل کر دیا گیا ہے۔GDC2020 ایونٹ میں دنیا کی سرکردہ گیمنگ کمپنیوں نے حصہ لینا تھا اس کے علاوہ کئی گیمز کو بھی لانچ کیا جانا تھا لیکن



لوگوں کیس کیورٹی کو دھیان میں رکھتے ہوئے اہتمام کرنے والوں نے اس پروگرام کو رد کر دیا ہے۔آپ کو بتا دیں کہ اس سے پہلے کورونا وائرس کی وجہ سے دنیا کا سب سے بڑا ٹیکنالوجی شو موبائل ورلڈ کانگریس 2020 رد ہوا ہے تو ایسے میں کہا جا سکتا ہے کہ اس وائرس نے ٹیکنالوجی کی دنیا کو بری طرح سے متاثر کر دیا ہے۔

کرکٹ موڈ فیچر کے ساتھ لانچ ہوگا رئیل می کا پہلا فٹنس بینڈ

چین کی سمارٹ فون بنانے والی کمپنی رئیل می جلد اپنا پہلا فٹنس بینڈ بازار میں اتارنے والی ہے اس کا نام Realme Band ہوگا جسے جلد مارکیٹ میں اتارے جانے کا امکان ہے۔اندازہ ہے کہ اسے رئیل می 6 اور رئیل می 6 پرو کے ساتھ لانچ کیا جائے گا۔نئے رئیل می بینڈ میں بائیک رن، واک، ہائکنگ، کلائمبنگ، یوگا فٹنس اور کرکٹ سمیت 9 الگ الگ سپورٹس موڈ دیئے گئے ہونگے ان میں سے کرکٹ موڈ فیچر کو خاص طور پر بھارت میں کرکٹ فٹنس کیلئے ہی ڈیزائن کیا گیا ہے۔کمپنی نے فی الحال اس بینڈ کی قیمت کے بارے کوئی معلومات نہیں دی ہیں۔رئیل می انڈیا کے سی ای او مادھو سیٹھ کے ٹویٹ کے مطابق اسے لانچ کے ساتھ ہی فروخت کیلئے دستیاب کیا جائے گا اور اسے رئیل می انڈیا کی ویب سائٹ کے ذریعے خریدا جا سکے گا۔



ریلائنس جیو کرنے والی ہے ایک اور دھماکہ

ریلائنس جیو اب ایک اور دھماکہ کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔کمپنی 2 سے 3 ہزار روپے کی قیمت میں 4G سمارٹ فون لانچ کرنے والی ہے۔بزنس سٹینڈرڈ نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ ریلائنس جیو نے موبائل بنانے والی غیر ملکی اور بھارتی کمپنیوں کے ساتھ اس بات میں بات چیت کی ہے۔3000



روپے کا فور جی سمارٹ فون خریدنا ایک بیسٹ ڈیل ہوگی لیکن کمپنی کو کچھ باتوں کا دھیان ضرور رکھنا ہوگا۔سستے سمارٹ فون سے یوزر کو خطرہ نہ ہو اس لئے کمپنی اس میں بہتر کمپونینٹس کا ہی استعمال کرے۔بازار میں بہت سے ایسے فون موجود ہیں جو سستی قیمت پر خریدے جا سکتے ہیں لیکن ان پر پوری طرح سے بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔اسی لئے کمپنی کو دھیان رکھنا ہوگا کہ سستے 4G LTE سمارٹ فون یوزر سیفٹی کے لحاظ سے اپنی پرفارمنس، بلڈ ڈسپلے کوالٹی، بیٹری، کنیکٹو یٹی اور سیگمنٹ میں سب سے بیسٹ ہو۔جیو چاہتی ہے کہ اس کے سبسکرائبرز کی تعداد 50 کروڑ تک پہنچ جائے اس لئے کمپنی نے سستے 4G سمارٹ فون لانے کی سٹریٹجی تیار کی ہے بتا دیں کہ جیو کے کل سبسکرائبرز کی تعداد ابھی لگ بھگ 37.5 کروڑ ہے۔

آنیوالے دور میں سمارٹ فون اس طرح دکھائی دیں گے

اس سال کورونا وائرس کے ڈر سے بارسلونا میں ہونے والے موبائل ورلڈ کانگریس ایونٹ کو کینسل کر دیا گیا ہے جس کے بعد فون بنانیوالی کمپنیاں اپنے آئیڈیاز کو آن لائن ہی شیئر کرنے لگی ہیں۔چین کی سمارٹ فون بنانیوالی کمپنی ویوو نے Curvy Apex



2020 کانسیپٹ فون کو آن لائن شوکیس کر دیا ہے اس کے ڈیزائن کو دیکھ کر آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مستقبل میں ملنے والے سمارٹ فون کس طرح کے دکھیں گے اور کن کن فیچرز کے ساتھ آئینگے۔ڈسپلے کو بہتر بنانے کیلئے اس میں 4 ان 1 سپر پکسل فوٹو سینسٹو لگی ہے جو کہ دیگر کسی بھی ڈسپلے سے بہتر کوالٹی دے گی۔ڈسپلے کے دائیں طرف 16 میگا پکسل کا سیلفی کیمرہ لگا ہے۔Apex2020 کانسیپٹ فون میں 6.4 انچ کی واٹر فال فل ویو ڈسپلے دیکھی جا سکتی ہے یہ ڈسپلے کورڈ سکرین ہے یعنی اس میں کوئی کنارہ نہیں ہے اور یہ مڑی ہوئی ہے۔48 میگا پکسل کا مین کیمرہ اس میں دیا گیا ہے جو کہ 7.5x آپٹیکل ڈیجیٹل زوم کو سپورٹ کریگا جس سے آپ سٹل اور ویڈیو ریکارڈنگ کر سکتے ہیں۔فون میں کوئی پورٹ نہیں دیا گیا ہے یعنی کہ یہ وائرلیس طریقے سے چارج ہوگا۔سپر فلیش چارج 60-W سسٹم اب فون میں ملے گا جو 2000mAh کی بیٹری کو صرف 20 منٹ میں چارج کر دیگا۔

واٹس ایپ نے اینڈرائیڈ اور iOS میں ڈارک موڈ فیچر شامل کر دیا

اگر آپ انسٹینٹ ایپ واٹس ایپ کا استعمال کرتے ہیں تو یہ خبر آپ کیلئے بے حد خاص ہے لمبے عرصے کے انتظار کے بعد آخر کار واٹس ایپ نے اینڈرائیڈ اور iOS پلیٹ فارمز میں ڈارک موڈ فیچر کو شامل کر دیا ہے۔اس کے بیٹا ورژن کی ٹیسٹنگ پچھلے کئی مہینوں سے چل رہی تھی لیکن اب اس فیچر کو آفیشل طور پر جاری کر دیا گیا ہے۔اس فیچر کو لے کر واٹس ایپ نے کہا ہے کہ ٹیسٹنگ کے دوران ہم نے پایا کہ پیور وائٹ اور بلیک کلر کمبی نیشن سے آنکھوں کو کافی جلدی تھکان ہو جاتی ہے۔اسی لئے اب اس خاص ڈارک موڈ کو لایا گیا ہے جسے آن کرنے کے بعد یوزر کو ڈارک گرے بیک گراؤنڈ اور آف وائٹ کلر دکھیں گے جو نہ صرف سکرین کی برائٹ نیس کو کم کرینگے بلکہ پہلے کے



مقابلے یوزر کے تجربہ کو بھی بہتر بنا دینگے۔ڈارک موڈ فیچر کی سب سے بڑی خاصیت یہ ہے کہ اسے آن کرنے پر رات کے وقت چیٹنگ کے دوران آپ کی آنکھوں پر زور نہیں پڑے گا۔ڈارک موڈ سکرین سے نکلنے والی لائٹ کو بھی کم کر دے گا جس سے بیٹری بھی کم خرچ ہوگی۔

پرانے لینڈ لائن فون کو بنا دیا گوگل اسسٹنٹ

آج کے دور میں اگر آپ کو یہ کہا جائے کہ آپ کے پرانے لینڈ لائن فون کو ہائی ٹیک بنایا جا سکتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ آپ اس بات پر بھروسہ نہ کریں لیکن یہ سچ ہے۔ایک Reddit یوزر نے اپنی کریٹیو یٹی سے برسوں پرانے روٹری لینڈ لائن فون کو سمارٹ اسسٹنٹ میں بدل دیا ہے۔Movieman75 نام کی آئی ڈی والے اس Reddit یوزر نے پرانے روٹری فون میں گوگل ہوم منی سمارٹ سپیکر کو فٹ کر دیا۔یوزر نے فون کے ریسیور کو اس طرح سے سیٹ کیا تاکہ وہ گوگل اسسٹنٹ کے فنکشنز کیلئے مائیک اور سپیکر کے طور پر استعمال کیا جا سکے۔یہ اسسٹنٹ انٹیگریٹڈ فون اس وقت کام کرتا ہے جب اس کے ریسیور میں کوئی کمانڈ دیتا ہے۔یہ بالکل فون پر بات کرنے جیسا ہی ہے۔اس ڈیجیٹل اسسٹنٹ کو آن کرنے کیلئے Hey Google بولنا پڑتا ہے۔کمانڈ ملنے کے بعد فون کے اندر موجود گوگل اسسٹنٹ جواب دے دیتا ہے جسے ریسیور کے اوپر والے حصے سے سنا جا سکتا ہے اس میں آپ وائس کال اٹینڈ کرنے کے ساتھ میوزک بھی پلے کر سکتے ہیں۔

کیو موبائل پاکستان کی نمبرون موبائل کمپنی
Q Mobile

تصویری خبرنامہ



فیصل آباد: وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار شہریوں میں راشن تقسیم کر رہے ہیں



اسلام آباد: الخدمت کمیٹی کے رضا کار اینٹی کورونا سپرے کر رہے ہیں



اسلام آباد: پولیس اہلکار پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے لے جا رہے ہیں



لاہور: نادرا آفس کے باہر لاک ڈاؤن کے حوالے سے نوٹس چسپاں کئے گئے ہیں



اسلام آباد: لاک ڈاؤن کے دوران غیر ملکی سائیکلسٹ حفاظتی اقدامات کئے جا رہے ہیں



لاہور: ایسٹر کے موقع پر مسیحی خواتین کا مقامی چرچ میں گروپ فوٹو



اٹک: صوبائی وزیر مال ملک محمد انور علماء کرام کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں



کراچی: لاک ڈاؤن کے دوران شہری اپنے گھر کی کھڑکیوں سے باہر جھانک رہے ہیں



لاہور: احساس پروگرام سنٹر پر خواتین فاصلہ برقرار رکھے ہوئے کھڑی ہیں



لاہور: ایک خاتون احساس پروگرام سنٹر پر انصاف کارڈ اور حاصل کی گئی رقم دکھا رہی ہے



پشاور: اپنے خاندان کا پیٹ پالنے کیلئے بچہ سڑک پر ٹیشو پیپر فروخت کر رہا ہے



کراچی: لاک ڈاؤن کے دوران ایک شخص ایزی لوڈ فروخت کر رہا ہے



لاہور: ایک شخص اپنے بچے کو گود میں اٹھائے سڑک پر ٹوکریاں فروخت کر رہا ہے



حیدرآباد: غریب خانہ بدوش خواتین اپنے روزمرہ کے کاموں میں مصروف ہیں



لاہور: بادشاہی مسجد میں فاصلہ برقرار رکھنے کیلئے نشاندہی کی جا رہی ہے



اٹک: کسان کھیتوں میں کام کرنے میں مصروف ہیں



فیصل آباد: معذور شہری اپنے بچے کے ہمراہ راشن کے حصول کیلئے آ رہا ہے



فیصل آباد: موٹر سائیکل سوار حفاظتی فیس ماسک ہیلمٹ پہنے جا رہا ہے

4G SUPER TIME
WINNER OF SPEEDTEST AWARDS By OOKLA

کیو موبائل پاکستان کی نمبر ون موبائل کمپنی
Q Mobile

تصویری خبرنامہ



اسلام آباد: گورنر پنجاب چودھری محمد سرور اور ابرار الحق پریس کانفرنس کر رہے ہیں



اسلام آباد: خاتون ٹریفک اہلکار سرجیکل سیفٹی ماسک تقسیم کر رہی ہے



اسلام آباد: کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے لڑکیاں ہینڈ سینیٹائزر سے ہاتھ دھو رہی ہیں



لاہور: مقامی تنظیم کے زیر اہتمام لوگوں میں ماسک تقسیم کیے جا رہے ہیں



کراچی: ایک شخص کورونا وائرس کے حوالے وزیر اعظم کی ویڈیو کانفرنس سن رہا ہے



اٹک: شہد کے فارم میں ورکر کام میں مصروف ہیں



لاہور: علامہ محمد ناصر مدنی میڈیا نمائندگان کو تشدد زدہ جسم دکھا رہے ہیں



ایبٹ آباد: پہاڑوں پر بنے گھروں کا خوبصورت منظر



لاہور: کورونا وائرس سے پھیلاؤ کیلئے شہری ماسک پہنے جا رہے ہیں



لاہور: خانہ بدوش بچے نلکے سے پانی بھر رہے ہیں



مظفر آباد: پروفیسر ہارون الرشید سابق صدر سنٹرل بار مقبول الرحمٰن کو شیلڈ دے رہے ہیں



حیدر آباد: ریسکیو اہلکار اور ریلوے ملازمین سکھر ایکسپریس ٹرین کا ٹریک کلیئر کروا رہے ہیں



کراچی: لاک ڈاؤن کے باعث کلفٹن سنٹرل ایونیو پر روڈ ویران پڑی ہے



لاہور: لاک ڈاؤن کے دوران بچے نے فیس ماسک سے چہرہ ڈھانپ رکھا ہے



فیصل آباد: ممبر اسمبلی رائے فردوس ویسٹ مینجمنٹ کے عملہ میں راشن تقسیم کر رہی ہیں



اسلام آباد: میڈیکل سٹاف بزرگ شہری کا ٹمپریچر چیک کر رہا ہے



لاہور: آسمان پر چھائے بادلوں کا خوبصورت منظر



پشاور: قصہ خوانی بازار میں بزرگ جوتے فروخت کر رہا ہے

کیو موبائل پاکستان کی نمبرون موبائل کمپنی
Q Mobile

تصویری خبرنامہ



راولپنڈی: صدر عارف علوی قلیوں میں راشن تقسیم کررہے ہیں



ڈی جی خان: وزیراعظم عمران خان قرنطینہ سنٹر کا دورہ کررہے ہیں



فیصل آباد: ایران سے آنیوالے زائرین کو زرعی یونیورسٹی کیمپس قرنطینہ منتقل کیا جارہا ہے



اسلام آباد: موٹر سائیکل سوار ون ویلنگ کررہا ہے جو کسی بھی حادثے کا باعث بن سکتا ہے



لاہور: خانہ بدوش بچے نلکے پر نہار ہے ہیں



لاہور: ریلوے سٹیشن کورونا وائرس کی وجہ سے ویرانے کا منظر پیش کررہا ہے



لاہور: کورونا سے لڑنے کیلئے آرمی اہلکاروں کا دستہ پاسنگ آؤٹ میں الرٹ کھڑا ہے



اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں چھائے سیاہ بادلوں کا خوبصورت منظر



لاہور: ہیلتھ ورکر کورونا سے بچاؤ کیلئے شہریوں کی سکریننگ کررہے ہیں



اسلام آباد: جاپانی سفیر اور وفاقی سیکرٹری سید پرویز عباس معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کررہے ہیں



اسلام آباد: آبپارہ مارکیٹ میں لڑکیوں نے کورونا سے بچاؤ کیلئے ماسک پہن رکھے ہیں



لاہور: فریش فاؤنڈیشن کی چیف ایگزیکٹو شبہ کامران پریس کانفرنس کررہی ہیں



لاہور: کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے خواتین سینیٹائزر سے ہاتھ دھورہی ہیں



لاہور کے مضافات میں درختوں پر پرندوں کے گھونسلوں کا منظر



اسلام آباد: لاک ڈاؤن کیوجہ سے بچے اپنے گھر پر تعلیم حاصل کررہے ہیں



حیدرآباد: خواتین احساس پروگرام سنٹر پر قطاروں میں کھڑی اپنے شناختی کارڈ دکھارہی ہیں



کراچی: پولیس اہلکار نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر نوجوانوں کو کان پکڑوا رکھے ہیں



حیدرآباد: تحریک انصاف کے رہنما علی ہنگورو خواجہ سرا کمیونٹی میں راشن تقسیم کررہے ہیں

4TIME WINNER OF SPEEDTEST AWARDS By OOKLA

کیو موبائل پاکستان کی نمبر ون موبائل کمپنی
Q Mobile

حکیم نیاز احمد ڈیال

کورونا وائرس: بزرگ ہی سب سے زیادہ متاثر کیوں ہوتے ہیں؟

ہمارے بزرگ ہمارا ایسا سرمایہ ہیں جن کے ہوتے ہوئے زندگی کی ہر خوشی، ہر کامیابی اور ہر منزل بہ آسانی ہمیں میسر رہتی ہے۔ یہ دکھوں کی کڑی دھوپ میں بھی سکھوں کی گھنی چھاؤں سا سکون اور مشکلات کے کڑوے ذائقوں میں راحتوں کی دل آویز لذت دیتے ہیں اور جیون کو جنت نما بنائے رکھتے ہیں۔ ایک زمانہ تھا جب گھر کی چار دیواری میں دادوں، دادیوں، اور نانوں نانیوں کی کھانسی اور کھنگورے کی کھنک چھوٹوں اور بڑوں کے لیے کسی چابک سے کم نہیں ہوتی تھی۔ نئی نسل کی تربیت کا سب سے بڑا ذریعہ بزرگوں کی سنائی گئی کہانیاں اور کہاوتیں ہوتی تھیں۔ پھر ایسا وقت آن پہنچا کہ چندنام نہاد تہذیبوں اور قوموں میں وہی سرمایہ بے بہا اولاد کے لیے سب سے بڑا بوجھ بن گیا۔ اولاد کو بزرگوں کی دعائیں لینے سے زیادہ اپنے سکون اور بچوں کا ماحول خراب ہونے کا ڈر ستانے لگا۔

سراپا رحمت وراحت جاں بزرگ باعث زحمت دکھائی دینے لگے۔ بزرگوں سے بے زاری کا بازار پہلے بھی کچھ کم گرم نہ تھا لیکن پھر کورونا کی وبا بزرگوں کے لیے پیغام اجل بن کر وارد ہوگئی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کورونا موجودہ دور کی ایک خطرناک متعدی وبا ہے اور یہ بلاتفریق ہر ایک کو متاثر کر رہی ہے لیکن اس کے سبب موت کے منہ میں جانے والے افراد میں زیادہ تعداد بزرگوں کی ہے۔ محبتوں، راحتوں، قربتوں اور جیون کی سانسوں کا یہ سفر نفرتوں، اذیتوں، دوریوں اور موت کے حملوں میں کیسے اور کیوں تبدیل ہوا؟ آیئے اس پہلو کا جائزہ لیتے ہیں:

انسانی وجود اور انسان کا بغور مشاہدہ کیا اور جائزہ لیا جائے تو ہمارے سامنے اس کے تین دور سامنے آتے ہیں۔ اوّل: بچپن اور لڑکپن، دوم: نوجوانی اور جوانی، سوم: ادھیڑ عمری اور بوڑھاپا۔ زندگی کے کھیل کو سمجھنے کے لیے اگر سورج کے آغاز، عروج اور اختتام کی مثال سامنے رکھی جائے تو اسے سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ ابھرتا ہوا سورج انتہائی پرکشش، جاذب نگاہ اور پرکیف رنگوں کے ساتھ دل لبھاتا ہے، جوں جوں عروج پر جاتا ہے، اس کی حدت، حرارت اور شدت بڑھتی جاتی ہے۔ وقت زوال سورج کی حدت، حرارت اور شدت میں کمی ہوتی اور پھر وہ نگاہوں سے غائب ہوجاتا ہے۔ اسی طرح انسانی زندگی کے تین ادوار اپنی خوبصورتی و دلکشی، جوبن و جولانی اور عروج وزوال کے بہترین سنگم کا حسین شاہکار ہیں۔

بچپن میں والدین کی توجہ، تحفظ اور دھیان بچے کو ہر پریشانی، بیماری اور مشکل سے بچائے رکھتا ہے۔ جوانی کا جوش انسانی وجود کو طاقت کا وہ نشہ فراہم کرتا ہے کہ اسے کوئی پریشانی، بیماری اور مشکل متاثر کر ہی نہیں پاتی۔ بڑھاپا بذات خود ایک بہت بڑی بیماری ہے، انسان کو بے شمار مسائل کی دلدل میں دھنسا دینے کا سبب بنتا ہے۔ اعضاء و قویٰ کمزور ہوتے ہیں، عضلات و اعصاب جواب دینے لگتے ہیں، منہ سے دانت ایک ایک کر کے غائب ہونے سے غذا کھانے کا عمل دشوار بن جاتا ہے۔ بغیر چبائے کھائی جانے والی خوراک معدے کے مسائل پیدا کر کے غذائی اجزاء کو جزو بدن نہیں بننے دیتے۔ غذا ہی بدن کا سب سے بڑا ایندھن ہے اور بدن انسانی کی تمام تر توانائیوں کا ذریعہ بھی یہی خوراک ہے۔

مضبوط اور بھرپور جسم میں ہی بیماریوں کے خلاف مضبوط قوت مدافعت پائی جاتی ہے لیکن بزرگوں کے مختلف نظام بدن میں کمزوری پیدا ہونے سے ان کا دفاعی نظام بھی کمزوری کا شکار ہوجاتا ہے، یوں وہ بیماریوں کے آسان شکار ثابت ہونے لگتے ہیں۔ جیسا کہ ہم کورونا میں مبتلا بزرگ افراد کی زیادہ شرح اموات دیکھ رہے ہیں۔ دنیا بھر میں کورونا سے مرنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد بوڑھے لوگ ہیں۔ زیر نظر سطور میں ہم بزرگ افراد کے خورونوش معمولات کے حوالے سے چند مفید اور صحت بخش تراکیب پیش کر رہے ہیں جن پر عمل پیرا ہوکر عمر رسیدہ افراد بھی مضبوط اور طاقت ور دفاعی نظام بدن کے مالک بن سکتے ہیں۔ دانت گر جانے کے سبب کچھ کھا نہ سکنے والے بزرگ افراد درج ذیل گھریلو غذائی تدابیر اپنا کر صحت مند و توانا زندگی سے بھرپور لطف اٹھا سکتے ہیں۔ دلیہ گندم پانی میں بنا کر درج ذیل اجزاء کا مرکب شامل کر کے ناشتہ کریں۔ مغز بادام 20 عدد، کشمش 20 دانے رات کو عرق گلاب میں بھگو کر صبح نہار ایک گلاس دودھ میں شیک بنا کر دلیے میں ملا کر استعمال کریں۔ اسی طرح رات سوتے وقت ڈیڑھ پاؤ دودھ میں 5 سے 7 کھجوریں تر کر کے صبح چار کیلے ملا کر شیک بنا کر ناشتہ کریں۔ ایسے بزرگ افراد جنہیں دائمی قبض کا مسئلہ ہو انہیں چاہیے کہ عمدہ انجیر 3 سے 5 عدد رات کو عرق گلاب میں بھگو کر صبح حسب ضرورت دودھ شامل کر کے شیک بنالیں اور نوش کریں۔

بلڈ پریشر اور شوگر میں مبتلا بزرگوں کو چاہیے کہ عرق گاؤزبان پون کپ اور عرق گلاب چار چمچ ملا کر نہار منہ پئیں۔ مغز بادام، مغز اخروٹ، مغز پستہ، مغز چلغوزہ اور مغز فندق ہم وزن سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔ پانی میں تیار شدہ جو کے دلیے میں حسب گنجائش ملا کر بطور ناشتہ استعمال کریں۔ یہ مرکب، دماغی، اعصابی، عضلاتی اور جسمانی قوت میں بے بہا اضافے کا سبب ثابت ہوگا۔ دوپہر کے کھانے میں سیاہ یا سفید چنوں کے شوربے میں چپاتی بطور سرید استعمال کریں۔ ادرک 100 گرام، پودینہ 100 گرام، انار دانہ 100 گرام، لہسن 100 گرام، کالی مرچ 10 گرام اور سبز مرچ 10 گرام کا مرکب بنا کر دوپہر کے کھانے کے ساتھ دو سے چار چمچ بطور رائتہ استعمال کریں۔ چائے میں ادرک، دارچینی اور لونگ کا مناسب مقدار میں شامل کرنا بھی مفید ثابت ہوگا۔ سبز چائے کے پتوں میں ادرک پکا کر پینا بھی بے حد فوائد کا ذریعہ ہے۔ موسمی پھل حسب ضرورت اور گنجائش بھی لازمی کھائیں۔ پھلوں کے جوسز کا پینا زیادہ مفید ثابت ہوا کرتا ہے لہٰذا پھلوں کے جوسز بدنی ضرورت اور گنجائش کو مدنظر رکھتے ہوئے دن میں دو سے تین بار لازمی پیے جائیں۔ موسم گرما آچکا ہے لہٰذا برف کے استعمال سے بچتے ہوئے پانی تازہ ہی پیا جانا چاہیے، جب تک کورونا کی وباء ہے رات سوتے وقت پانی کی بھاپ لازمی لیں اور صبح وشام نیم گرم پانی نمک اور شہد ملا کر غرارے کرنے میں بھی کوئی قباحت نہیں ہے۔ رات کو کھانا لازمی کھائیں خواہ دو چار لقمے ہی کیوں نہ ہوں۔ روٹی کو دودھ میں بھگو کر کھانا انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے۔ گندم کی غذائیت کے ساتھ ساتھ دودھ کے فوائد کا حصول بھی ہوجاتا ہے۔

اگر بلغم کی شکایت نہ ہو تو دودھ، چاول اور کھچڑی بہترین غذائیں ہیں۔ بزرگ افراد کے لیے کلونجی اور شہد، روغن زیتون، دودھ میں دارچینی، لونگ اور ادرک کا قہوہ، پیاز کا پانی اور شہد ہم وزن اور کالی مرچ و شہد وغیرہ بہترین گھریلو مرکبات ہیں۔ علاوہ ازیں انگور، کشمش، پپیتہ، آم، مربہ آملہ، مربہ ہرڑ، مغز بادام، ایلو ویرا وغیرہ کا مناسب استعمال بھی بہترین نتائج کا حامل ہوتا ہے۔ دھیان رہے کہ عام طور پر بڑھاپے کے عوارض سردی اور خشکی بڑھ جانے سے پیدا ہوتے ہیں، عمر رسیدہ افراد کا غذائی مینیو بناتے وقت ہر دو طرح کے مزاج والوں کی طبعی اور جسمانی ضروریات کا خیال رکھا جائے۔

بزرگ افراد اپنے آپ کو ہمہ وقت متحرک اور سرگرم رکھیں۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر سماجی فاصلے کے اصول پر سختی سے کاربند رہیں۔ اگرچہ ہمارا ایمان ہے کہ مرض وصحت قادر مطلق کے قبضہ قدرت میں ہے لیکن سبب اختیار کرنے کے بعد توکل علی اللہ کے اصول پر کاربند ہونا بھی صاحب ایمان کا شیوہ ہے۔ سماجی میل جول کو چند دنوں کے لیے ترک کر کے طویل مدتی تعلقات بحال کرنے کی سبیل پیدا کی جاسکتی ہے۔ دنیا بھر کے طبی ماہرین کے تجربات ومشاہدات کے نتائج میں سامنے آنے والے حقائق کی رو سے کورونا ایک شدید وبائی مرض ہے لیکن مہلک نہیں ہے۔ اب تک جہاں کمزور قوت مدافعت کے حاملین ہزاروں افراد کورونا کے سبب زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں وہیں لاکھوں لوگ بغیر کسی علاج معالجے اور دوادارو کورونا کو شکست سے دوچار کر کے زندگی کی بہاروں کو بھرسے مہکانے لگے ہیں۔

قارئین بالخصوص بڑے بوڑھے افراد سے التماس ہے کہ وہ اپنی روزمرہ خوراک کو متوازن، متناسب اور معیاری حفظان صحت کے اصولوں کے عین مطابق کریں۔ تمام مطلوبہ غذائی عناصر کے حصول کو لازمی بناتے ہوئے اپنی بدنی ضروریات بہر طور پوری کرنے کی بھرپور کوشش کریں۔ حسب استطاعت تیز قدموں کی سیر کرتے ہوئے لمبی لمبی سانسیں لیں، ذہنی تناؤ و اعصابی دباؤ اور تفکرات سے ممکنہ طور پر دور رہنے کی سعی کریں۔ مثبت، تعمیری، پُرامید اور ہمت افزاء انداز فکر و طرز زندگی کو فروغ دیں۔ منفی، تخریبی، ناامیدی، مایوسی اور ہمت شکن سوچوں اور رویوں سے مکمل دور رہیں۔ میٹابولزم اور معدے کی کارکردگی کو خراب کرنے والی غذاؤں سے مکمل پرہیز کیا جائے۔

غیر ضروری چکنائیوں، بازاری مٹھائیوں، فاسٹ فوڈز، کولا مشروبات، بیکری مصنوعات، قابض، بادی اور ترش غذائی اجزاء کے قریب بھی نہ جائیں۔ پانی نیم گرم پئیں، نیند بھرپور لیں، نماز پنجگانہ ادا کریں اور کوشش کریں کہ سجدے کا دورانیہ معمول سے طویل تر ہو۔ لمبا سجدہ سر کی جانب خون کی گردش بڑھاتا ہے جس سے دماغی خلیات میں آکسیجن کی ترسیل مناسب ہوجانے سے تمام اعضاء قویٰ، عضلات و اعصاب مناسب کارکردگی کا مظاہرہ کرنے لگتے ہیں۔ یوں ایک صحت مند دماغ پورے بدن کو صحت مند رکھنے کے لیے اپنا کردار بخوبی نبھا سکے گا۔ اولاد بھی والدین کی موجودگی کو غنیمت جانتے ہوئے ان کی قدر کرے۔ باپ شجر سایہ دار کی مانند تمام عمر اپنے بچوں کو جیون کے مسائل کی دھوپ سے بچانے میں گزارتا ہے جبکہ ماں جنت کی ٹھنڈی چھاؤں اور اس کی دعائیں اولاد کی ترقی کے زینے بنتی ہیں۔ بزرگوں کی صحت، ان کی بدنی ضروریات، طبعی رجحانات اور فطری میلانات کے مطابق پوری کرنے کی کوشش کریں۔ انہیں اپنے نظر انداز کیے جانے کا احساس کبھی نہ ہونے دیں ورنہ یہ سوچ انہیں مزید بوڑھا کر دے گی۔ انہیں خوش رکھیں کیونکہ خوشی کا احساس ہی ان کی سب سے بڑی صحت مندی اور تن درستی ہے۔

سائیں بابا "لیبارٹری والے"



یاسر پیرزادہ

کالم کی سری: اللہ کے کچھ نیک بندے ایسے بھی ہیں جو بونگ پائے بنانے میں یدِ طولیٰ رکھتے ہیں، ایسے ہی ایک اللہ لوک سے آج صبح میرا ڈرائیور لاہور کے علاقے سنت نگر سے بونگ پائے لایا، یہ دکان صبح چار سے پانچ بجے تک محض گھنٹے کے لیے ہی کھلتی ہے، میں نے اِس کی دو پلیٹیں کلچوں کے ساتھ "چڑھائیں" اور اب اِس قدر خمار میں ہوں کہ کالم کی کچھ سمجھ نہیں آرہی کہ کیسے لکھوں! 1981 میں لاس اینجلس کے اسپتال میں ایک مریض داخل ہوا، مریض کو سانس لینے میں دشواری ہورہی تھی، ڈیوٹی پر ایک اٹھائیس سالہ تائیوانی ڈاکٹر 'ہو' موجود تھا، ڈاکٹر نے اُس کے ٹیسٹ کیے جن سے پتا چلا کہ مریض کو پھیپھڑوں میں عجیب قسم کا انفیکشن اور کینسر ہے، اِن دونوں علامات کا ایک ساتھ ظاہر ہونا اِس بات پر دلالت کرتا تھا کہ مریض کے مدافعاتی نظام میں کوئی کمی ہے، ڈاکٹر ہُو نے اسے اینٹی بائیوٹک دے کر ڈسچارج کر دیا مگر کچھ عرصے بعد مریض کا انتقال ہوگیا۔ چند ماہ بعد ایسی ہی علامات کے پانچ مزید مریض ڈاکٹر ہُو کے پاس آئے، ڈاکٹر نے اِس مرتبہ اِن تمام مریضوں کی رپورٹ بنا کر متعلقہ ادارے کو بھجوادی، یہ 'ایڈز' کی پہلی باقاعدہ رپورٹ تھی۔ ڈاکٹر ہُو نے فیصلہ کیا کہ وہ اِس بیماری کا کھوج لگائے گا چنانچہ اُس نے اپنی تحقیق شروع کردی اور اسّی کی دہائی میں ایچ آئی وی سے متعلق کئی نئی باتیں دریافت کیں جن کی مدد سے ایڈز کے مریضوں کا علاج کرنے میں بہت کامیابی ملی۔ 1994 میں ڈاکٹر ہُو نے ایک ایسی دوا ایجاد کر لی جو ایڈز کے وائرس کو کمزور کرنے کا سبب بنتی تھی مگر مصیبت یہ تھی کہ ہر نئے مریض میں وائرس اپنی جُون بدل لیتا تھا اور یوں مریض کا علاج مشکل ہو جاتا تھا، ایک دوائی اِس کے لیے ناکافی ثابت ہورہی تھی۔ ڈاکٹر ہو اور اُس کی ٹیم نے اِس کا بہت دلچسپ حل نکالا، انہوں نے تین چار دوائیوں کی ایک کاک ٹیل سی تیار کی جو ایڈز کے وائرس کو کمزور کرنے میں کامیاب رہی، یہ ایک ناقابلِ یقین کامیابی تھی۔ 1996 میں ڈاکٹر ہُو کی تصویر ٹائم میگزین کے سرورق پر شائع ہوئی اور اسے 'مین آف دی ائیر' کا خطاب دیا گیا۔ ڈاکٹر ہُو آج کل کولمبیا یونیورسٹی میں اپنی ایک لیبارٹری قائم کر رہا ہے جہاں وہ صرف کورونا وائرس ہی نہیں بلکہ مستقبل کی تمام وباؤں کے لیے ایک "متحدہ" دوا تیار کرنا چاہتا ہے۔



سچ پوچھیں تو یہ کہانی ڈاکٹر ہُو کی نہیں بلکہ اُس سائنسی سوچ کی کہانی ہے جس سے کم از کم ہمارا کوئی لینا دینا نہیں۔ یہ سائنسی سوچ ہمیں سکھاتی ہے کہ بیماریوں اور وباؤں کا علاج صرف اُن "برگزیدہ ہستیوں" پر "منکشف" ہوتا ہے جو لیبارٹری میں "عبادت" کرتے ہیں۔ انسانی جسم میں وائرس کیا تباہی مچاتا ہے یہ جاننے کے لیے بائیولوجی کی تجربہ گاہ میں 'مراقبہ' کرنا پڑتا ہے اور وبائیں کیسے پھیلتی ہیں اِس کا علم ریاضی کے 'سائیں نورولے' سے ہی مل سکتا ہے۔ ایسے ہی ایک سائیں نے 1910 میں ایک کتاب لکھی، نام تھا The Prevention of Malaria، اُس "بابے" نے ہمیں ریاضی کی مدد سے حساب لگا کر بتایا گیا کہ اوسطاً اڑتالیس ہزار مچھر ایک انسان میں ملیریا کا سبب بنتے ہیں چنانچہ اگر آپ گندے پانی کے ذخیرے یا جوہڑ ختم کر دیں تو مچھروں کی افزائش ختم ہوجائے گی، نتیجتاً ملیریا اپنے آپ ختم۔ یہ بات آج دودھ پیتے بچے کو بھی پتا ہے مگر اِس کے پیچھے کیا سائنس ہے، کم ہی لوگ جانتے ہیں۔ کچھ ایبولا وائرس کی سن لیں۔ 1976 میں ایک حاملہ عورت کانگو کے ایک اسپتال میں داخل ہوئی، وہ شدید بیمار تھی، اسے بخار تھا، آنکھیں سوجی ہوئی تھیں اور مسوڑھوں سے خون بھی رِس رہا تھا، تیماردار نرس کو لگا شاید اسے ملیریا ہوا ہے، بہرکیف نرس نے زچگی میں مدد دی، بچہ پیدا ہوا اور اِس پورے عمل کے دوران حسبِ عادت نرس نے کوئی دستانے استعمال نہیں کیے۔ زچگی کے دوران ماں کا انتقال ہوگیا مگر کانگو جیسے ملک میں یہ کوئی ایسی انہونی بات نہیں تھی، انہونی البتہ یہ ہوئی کہ پانچ دن بعد اس نرس کو شدید بخار ہوگیا اور ساتھ ہی خون کی الٹیاں شروع ہوگئیں، بیماری کی شدت سے وہ نڈھال ہوگئی، اس دوران مقامی چرچ کے پادری نے اُس کی عیادت کی۔ فادر کو دیکھ کر نرس رو پڑی، پادری بھی اُس کی حالت دیکھ کر سکتے میں آگیا، حسبِ روایت فادر نے نرس کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر صلیب بنائی اور دعا دی اور اپنے رومال سے نرس کے آنسو پونچھے اور اسی رومال سے اپنی نم آنکھوں کو بھی صاف کیا۔ نرس کچھ دن بعد مرگئی۔ پادری تیرہ دن بعد انتقال کر گیا۔ اور پھر چند دنوں میں کانگو کا کیتھولک مشن اسپتال ایبولا وائرس کے مریضوں سے بھر گیا۔

آخری مثال سارس کی پیش خدمت ہے۔ 2003 میں جب سارس کا پہلا مریض گانگ زاؤ میں آیا تو ڈاکٹروں کو اِس بارے کچھ نہیں پتا تھا۔ علاج کرنے والا ڈاکٹر چین سے پانگ کانگ گیا، وہاں وہ ایک ہوٹل میں ٹھہرا جہاں یہ بیماری اُس نے انجانے میں بارہ لوگوں کو لگائی جن میں ایک ائیر ہوسٹس بھی شامل تھی۔ وہ ائیر ہوسٹس سنگاپور گئی، بیمار پڑ گئی اور اسپتال داخل ہوگئی۔ جس ڈاکٹر نے اُس کا علاج کرنا تھا، اُس کی نیویارک کی فلائٹ تھی مگر اسے بھی یہ وائرس لگ گیا اور وہ فرینکفرٹ تک ہی جاسکا۔ آگے جانے کے قابل ہی نہ رہا۔ باقی جن لوگوں میں یہ وائرس منتقل ہوچکا تھا، انہوں نے ویت نام، کینیڈا اور امریکہ کا سفر کیا اور یوں ایک دن میں یہ وائرس پانچ براعظموں میں پھیل گیا۔ دنیا میں اِس وقت کورونا وائرس کی دوا تیار کرنے کے مختلف طریقوں پر کام ہو رہا ہے، ان میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ وائرس کو انسانی خلیے میں داخل ہونے سے روکا جائے، انسانی جسم میں وائرس کو فعال ہونے کے لیے enzyme کی ضرورت ہوتی ہے سو بعض دوائیں اس فارمولے پر بنائی جارہی ہیں تاکہ وہ وائرس کو اِس enzyme سے 'رابطہ' کرنے سے روکیں اور اسے کام نہ کرنے دیں، ہائیڈروکلوروکین نامی دوا سے اسی کام کی امید ہے۔ دوسرا مرحلہ وہ ہے جب ایک دفعہ وائرس انسانی خلیے میں داخل ہوکر اپنا جینوم کاپی کر دے اس کے بعد انسانی خلیے اِس وائرس کے احکامات کے تابع کاپیاں بناتے چلے جاتے ہیں اور انفیکشن ہوجاتا ہے، یہ ایک پیچیدہ مرحلہ ہے چنانچہ ایک ایسی دوا پر تحقیق کی جارہی ہے جو وائرس کے اُس پروٹین پر حملہ کرے گی جو کاپیاں بنانے کا کام کرتا ہے تاکہ وائرس کی کاپیاں خراب ہوجائیں اور وہ ناکارہ ہوجائے۔ اِس کے علاوہ بھی پڑھی لکھی دنیا میں مختلف طریقہ علاج زیرغور ہیں۔ جو دوائیں مغربی ممالک میں تیار ہوتی ہیں وہ انہی مرکبات سے بنائی جاتی ہیں جنہیں قدرت نے پیدا کیا ہے اور قدرت اپنا علم اُن کی جھولی میں ڈالتی ہے جو خوردبین میں جھک کر رب سے گڑگڑا کر مانگتے ہیں، ایسا ہی کوئی ایک لمحہ ہوتا ہے جب حقیقت منکشف ہوتی ہے اور "سائیں" لیبارٹری سے جھومتا ہوا نکلتا ہے اور کہتا ہے "میں نے پالیا، میں نے پالیا"۔

TIME WINNER OF SPEEDTEST AWARDS By OOKLA
4G SUPER
Flare

کرونا وائرس آسیب سایہ بھوت بیماری یا دنیا کی آبادی کنٹرول کرنے کیلئے عالمی طاقتوں کی سازش!



حفیظ شہزاد ہاشمی

کورونا وائرس کی تباہ کاریاں نہ صرف جاری ہیں بلکہ دن بہ دن بڑھتی جارہی ہیں دنیا میں اب تک 27 لاکھ کے قریب لوگ کورونا وائرس کا شکار ہو چکے ہیں جن میں سے قریب 172000 ہزار افراد اپنی زندگی کی بازی ہار چکے۔ امریکہ میں 10 لاکھ متاثر 50 ہزار ہلاک' ایران میں بھی لاکھوں متاثر اور ہزاروں اموات' سپین میں دو لاکھ 5 ہزار کرونا وائرس کا نشانہ 20000 کے قریب ہلاک' اٹلی 2 لاکھ سے زائد مریض 22000 ہزار ڈیتھ، چین 3320 ،فرانس 120000، جرمنی 150000 مریض، ترکی 1 لاکھ، پاکستان میں 11000 افراد کورونا وائرس کے مریض 230 ہلاک 2500 صحتیاب۔ پنجاب میں 4650 سندھ 3500 کے پی کے 1550 گلگت بلتستان 300 بلوچستان 550 اسلام آباد 210 آزاد کشمیر 55 آچکے ہیں جبکہ 8000 زیر علاج ہیں۔ ایران سے آنے والے زائرین اور تبلیغی جماعت کے افراد کی وجہ سے کورونا وائرس نے نقب لگائی بیرون ممالک سے آنے والے ہمارے شہری کورونا وائرس کو اپنے ساتھ لائے۔ تبلیغی جماعت کے 50 افراد کے ٹیسٹ میں 42 افراد کے رزلٹ پازیٹیو آئے ہیں اسی لئے رائے ونڈ کو مکمل طور پر سیل کردیا گیا ہے۔ اس وقت ساری دنیا کی طرح پاکستان میں بھی لاک ڈاؤن ہو چکا ہے باشعور لوگ گھروں تک محدود ہو چکے ہیں مگر چند عاقبت نا اندیش ابھی بھی باہر نکلتے ہیں لوگوں سے ملتے جلتے ہیں اور یہی لوگ ہماری پریشانی کی اصل وجہ ہیں۔ اس کیلئے این جی اوز حکومت میڈیا اور سوشل میڈیا پرسنز پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ لوگوں کو کورونا وائرس بارے ایجوکیٹ کریں تاکہ لوگ حالات کی سنگینی کا ادراک کرکے خود کو گھروں تک محدود کریں اور ممکن حد تک اس وائرس سے بچا جاسکے لوگوں کے گھروں تک محدود ہوتے ہی ہمارے ملک میں ذخیرہ اندوز مافیا ایکٹو ہو چکا ہے بازار سے خوردونوش کی اشیاء غائب ہو چکی ہیں آٹا نایاب اور آنکھوں سے مستور ہو چکا ہے غربت بیروزگاری تو پہلے ہی ہمارا المیہ تھی اب اس شدید ترین بحران نے عام آدمی کو یاسیت کے کنارے لا کھڑا کیا ہے ہر چند کہ کچھ لوگ جن کے دل میں خدا کا خوف اور انسانیت باقی ہے اپنے تئیں مستحقین کی امداد کررہے ہیں لیکن انکی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے۔

وزیراعظم پاکستان نے بھی 1200 ارب روپے کا ریلیف پیکیج اناونس کیا ہے جو بہت ہی کم ہے اور یہ 12 سو ارب بھی ان تک پہنچتا ہے یا نہیں جن کے لئے یہ جاری ہوا یہاں کوئی ایک بیماری ہو تو اسکا رونا رویا جائے یہاں حاکموں سے لے کر ووٹرز تک سب بدعنوان ہیں مال مفت کی لت پڑ چکی ہے ہمارے ملک میں آج تک جتنے بھی ترقیاتی پراجیکٹس اناونس ہوئے ان میں اکثر کاغذات میں مکمل ہوئے اگر کچھ زمین پر نظر آئے تو گراونڈ تک آتے آتے 20 فیصد رہ گئے سیاستدان ٹھیکیدار بیوروکریٹس اور دیگر نے 80 فیصد تک اپنے اپنے حصے وصول کئے چوکیداروں نے چور کا کام کیا حکومتیں بدلیں تو چوروں نے ایک دوسرے کو تحفظ فراہم کیا قوانین ایسے ناقص بنائے کہ کوئی اس کی گرفت میں نہ آئے نتیجے میں ملکی معیشت کا بیڑہ غرق ہوگیا۔

غریب غریب تر اور امیر امیر ترین ہوتا چلا گیا کونسلر سے لیکر وزیراعظم (عمران خان کے علاوہ) اور کلرک سے لیکر سیکرٹری تک سب نے کرپشن گنگا میں اشنان کئے۔ تاجر برادری کو تاجر سیاستدانوں نے ذخیرہ اندوزی ناجائز منافع خوری کی ایسی لت لگائی کہ انکے منہ کو حرام کا چسکہ پڑ گیا ادارے تباہ ہوتے چلے گئے شعراء درباری مولوی سرکاری غلام لکھاری استاد بازاری ہوگئے معاشرتی تنگدستی کے آسیب نے ان کو گھیر لیا۔ سابق حکمرانوں کی عاقبت نا اندیش پالیسیوں، کرپشن اور اقربا پروری نے ہماری معیشت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا سابقہ حکمرانوں نے اولادوں کو بیرون ممالک میں شفٹ کرکے جائیدادیں بنائیں، قومی خزانے کو بیدردی سے لوٹا اور چلتے بنے۔ غریب جو اپنی دو وقت کی روٹی مشکل سے کماتے ہیں اور ٹیکس بھی وہی ادا کرتے ہیں ملک قرضوں کے بوجھ تلے دبتے ہی چلے گئے۔ قدرتی وسائل معدنی ذخائر سیمالا مال ملک کا حشر نشر کردیا گیا ملک بھر میں ترقیاتی منصوبوں کی آڑ میں لمبا مال اور کک بیکس لی گئیں کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے جہاں مصطفیٰ کمال کے بعد کسی نے اسکواپ گریڈ تو درکنار مین ٹین تک نہیں کیا جسکی وجہ سے روشنیوں کا شہر ایک اجڑے دیار کا منظر پیش کرتا ہے سڑکیں ٹوٹی ہوئی ، پارک خستہ حال، سیوریج کا نظام درہم برہم، ہر طرف کچرے کے ڈھیر سٹریٹ لائٹس کا فقدان، غرض یہ کہ ہر سمت ویرانیوں کا راج ہے یہ وہ شہر تھا جس میں پاکستان کے کونے کونے سے لوگ رزق کی تلاش میں آتے تھے مزدور اور متوسط طبقے کے لئے یہ شہر دوبئی کہلاتا تھا لیکن آج اسکی حالت دیکھ کر دل کٹتا ہے ہر قبیلے کے لوگ روزگار کی تلاش میں آتے تھے اور یہ شہر ماں کی آغوش کی طرح انھیں اپنے دامن میں سمولیتا تھا آج بھی ملک بھر کے لوگوں کی نمائندگی نظر آتی ہے پی پی کی طویل دور حکومت میں اس شہر سے سوتیلی ماں والا سلوک کیا گیا ایم کیو ایم کی صوبائی حکومت میں جب جب شراکت رہی کچھ نہ کچھ کراچی کو توجہ ملی پانی، گیس اور بجلی کی بندش بجلی صفائی واٹر سپلائی کراچی کے فوری حل طلب مسائل رہے ہیں۔ کراچی شہر کے اندرونی علاقوں بلدیہ ٹاؤن ،اورنگی ٹاؤن، کورنگی، لانڈھی، ڈیفنس جیسے ایئریا میں لوگ مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں گرمیوں میں تو پانی کی شدید قلت ہوتی ہے بہت سے حکمران ان اندرونی علاقوں سے بہت زیادہ ووٹ حاصل کرکے حکومت کی بڑی بڑی سیٹوں پر بیٹھ جاتے ہیں اور مڑ کے ان علاقوں میں رہنے والوں کے مسائل کو دیکھتے بھی نہیں کہ غریب عوام کن مشکلات کا سامنا کررہے ہیں لیکن انھیں اپنے پالتو جانوروں کے کھانے، پینے کی فکر ضرور رہتی ہے کس ملک سے ان کے لیے پانی اور غذا منگوائی جائے اب رہی سہی کسر انداز بدلے حرام حلال کی تمیز ختم ہوگئی قانون کا خوف نہ رہا اس لئے ہر شخص ریاست میں اپنی ریاست بنائے بیٹھا ہے مفادات نظریات قتل کرچکے ضرورت طوائف بن گئی مجبوری نے گھنگھرو باندھ لئے ہمارا سماج ایک کوٹھا بن کر رہ گیا جہاں تماش بینی ہو رہی ہے دین مذہب نظریہ انسانیت بہت پیچھے رہ گئے دولت ہر درد کا درمان بن گئی غرض کی بندگی ہونے لگی غفلتوں کو پیرہن بنالیا ملت سے ہجوم بن کر رہ گئے کورونا وائرس نے آکر ہمیں گھروں تک محدود کرکے سوچنے کا موقعہ دیا کہ کیا تھے ہم کیا ہیں اور کیا ہو گئے بڑے بڑے بحران بعض اوقات بڑے انقلاب کی نوید بھی ہوتے ہیں اگر اس وائرس کی بدولت ہمارا ضمیر جاگ جائے انسانیت بیدار ہو منصفی انگڑائی لے لے وقت کی آنکھ اجالا کردے ایمان کی ضیاء سے معمور ہو جائیں آئینے میں اپنی شکل صاف دکھاء دے تو ہم حقوق العباد سے آشنا ہو جائیں اپنے ہمسائیوں سے آغاز کریں انھیں حق پہنچائیں اپنے احباب کی خبر لیں رشتہ داروں کا پتہ کریں جسے جو چاہیئے اسے فراہم کریں اپنے محلے بستی یا گاوں کے غربا یتیم بیکس مسکین بزرگ بیوگان کی ذمہ داری لے لیں تو ہجوم سے ایک ملت اور قوم بن جائیں ہمارے اس سدھار سے ہمارا رب خوش ہو جائے اور ہمارے سبھی گناہ معاف کردے وہ رب جس کی قدرت میں ہماری سانسیں ہیں جو ابابیلوں سے ہاتھی مروا دیتا ہے وہ ہمیں اس کورونا وائرس سے بھی نجات دلائے گا انشااللہ۔



کورونا وائرس پر ایک اور بھی بحث چھڑ چکی ہے کہ یہ وائرس قدرتی ہے یا مصنوعی روس کے صدر پیوٹن نے چند روز قبل کورونا وائرس بارے اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کورونا وائرس کو پھیلانے والے ہمیں بیوقوف نہ سمجھیں ہم جانتے ہیں کہ وہ کونسی طاقتیں ہیں جنھوں نے دنیا کی آبادی کنٹرول کرنے کے اس وائرس کو تخلیق کیا ہے اور ہم انھیں خبردار کرتے ہیں کہ وہ اسکا علاج سامنے لائیں ورنہ ہم چپ نہیں بیٹھیں گے اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر حسین ہارون نے بھی کورونا وائرس بارے بہت سے انکشاف کئے ہیں اور اسکا ذمہ دار امریکہ اور برطانیہ کو ٹھہرایا ہے اس سلسلے میں ہمارے ملک کے مایہ ناز سائنسدان ڈاکٹر عطاالرحمٰن نے اپنے بیان میں کہا کہ چند سال قبل ہمیں یہ اطلاعات موصول ہوئیں کہ امریکہ اور برطانیہ میں دو لیب میں یہ وائرس تیار کیا جارہا ہے پھر اس بارے اطلاعات تک رسائی نہ رہی اس لئے اس امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا کہ یہ وائرس مصنوعی نہیں اس کے علاوہ بھی مقتدر حلقوں میں اس پر مختلف قیاس آرائیاں ہورہی ہیں مقام افسوس کہ تاریخ سے کسی نے کوئی سبق نہیں سیکھا سپر پاورز اپنی رعونت تکبر اور غرور کی بدولت ہی ہمیشہ خاک میں ملیں فرعون نمرود اور شداد بھی طاقت کے نشے میں دنیا کی تاریخ میں نشان عبرت بن گئے جس نے بھی اللہ کو چیلنج کیا وہ اپنا وجود تک کھو بیٹا فرعون کا عبرتناک انجام تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہے جسے دھرتی نے قبول کیا نہ پانی نے انڈیا میں مودی نے بیگناہ کشمیریوں کو گھروں میں قید کیا ان پر دھرتی تنگ کی انکی آہ ایسی لگی کہ آج سارا انڈیا بند اور لوگ گھروں تک محدود ہیں دنیا نے اس ظلم اور بربریت پر چشم پوشی کی دنیا لاک ڈاون ہو چکی ہے اگر امریکہ اور برطانیہ نے وائرس کا عذاب دنیا پر مسلط کیا ہے تو دیکھئے آج 10 لاکھ کے قریب امریکی کورونا وائرس کی زد میں ہیں ہزاروں جان کی بازی ہار چکے ہیں ویسے امریکہ نے نے چین پر کرونا وائرس پھیلانے کا الزام لگا کر مقدمہ بھی درج کروادیا ہے برطانیہ کا اس میں کردار ہے تو برطانیہ کا وزیراعظم، پرنس چارلس، منسٹر ہیلتھ ،اور ہیلتھ چیف سمیت لاکھوں برطانوی شہری اسکا شکار ہو چکے ہیں کیونکہ یہ یونیورسل ٹرتھ ہے جو کسی کے لئے گڑھا کھودتا ہے اسی میں وہ خود گرتا ہے دنیا میں کتنی آبادی ہونی چاہئے یہ وہی طے کرتا ہے جو اس جہاں کا خالق ہے کتنی آبادی رکھنی ہے اسکا نظام بھی اس نے ہی بنایا ہے دوسرا کوئی نہ ہے نہ ہوگا اللہ تھا ہے اور رہیگا۔



ساجدہ سلطانہ گل

زندگی خوف اندیشوں امیدوں و نا امیدی کے گرداب میں پھنس کر رہ گئی کرونا وائرس نے باشعور طبقے کو گھروں تک محدود کردیا لیکن جن کے اذہان میں شعور کی بیداری کی کرن نہیں پھوٹی وہی لوگ اپنوں کیلئے شدید خطرہ ہیں۔ آج دنیا کرونا وائرس کی لپیٹ میں ہے جس کی وجہ سے مختلف ممالک میں لاکھوں لوگ اسکا شکار ہو گئے ہیں ہزاروں موت کی وادی کے پار اتر چکے۔ یہ وائیرس چائینا کے کاروباری شہر وہان سے پھیلنا شروع ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے بہت سے ممالک میں پھیل گیا۔ 3300 لوگ چائینا میں موت کا لقمہ اجل بن گئے۔ تحقیق کے بعد پتا چلا کرونا وائرس متاثرہ شخص سے دوسرے شخص کو چھونے کھانسنے، چھینکنے سے دوسرے میں منتقل ہوتا ہے۔ ہاتھوں کے ذریعیہ وائرس منہ میں جاتا ہے چار سے چھ گھنٹے تک گلے میں موجود رہتا ہے اس دوران اگر احتیاط نہ کی جائے تو یہ پھیپھڑوں پر اثر انداز ہوکر بلغمی ریشہ بن کر پھیپھڑوں کو جکڑ لیتا ہے جس سے سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے اور جن کی قوت مدافعت کم ہوتی ہے وہ اس میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اس موذی وبا کو چائینا نے کرونا وائرس کا نام دیا ہے۔ کرونا وائرس نے تیزی سے کئی ممالک کے ساتھ پاکستان کو بھی اپنے نرغے میں لے لیا ہے یہاں کے لوگوں نے اس کو سنجیدگی سے لیا ہی نہیں ایران سے آئے ہوے کچھ افراد کی وجہ سے یہ پاکستان میں داخل ہوا اور یہاں مؤثر اقدامات نا ہونے کی وجہ سے پھیلنے لگا گورنمنٹ نے سارے پاکستان کو لاک ڈاؤن کردیا تاکہ کرونا وائرس کو کنٹرول کیا جاسکے گورنمنٹ کا یہ اقدام ایک لحاظ سے تو بہتر تھا پر دوسری طرف ملک جو پہلے ہی معاشی طور پر بدحالی کا شکار ہے کمزور معیشت ہمارے مسائل کی اصل جڑ ہے کرونا وائرس نے نظام زندگی مفلوج کرکے ملکی معیشت کو مزید کمزور کردیا دیہاڑی دار مزدور پیشہ، چھابڑی والے، ٹھیلے والے، فروٹ والے اور بہت سے ایسے لوگ جن کو قسمت سے روزگار ملتا تھا لاک ڈاؤن کی وجہ سے ان کا وہ روزگار بھی بند ہوگیا اور مزید کرونا وائرس نے نکال دی یہ وائرس آسیب کے سائے کی طرح پھیلتا ہی جارہا ہے اس پر ستم یہ کہ اس کا کوء علاج ہی نہیں ہے صرف احتیاطی تدابیر سے اس پر قابو پایا جاسکتا ہے

1۔ اپنے آپ کو گھروں تک محدود کرلیں۔
2۔ گلی محلے میں بلاضرورت نا نکلیں۔
3۔ بچوں اور بزرگوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔
4۔ ضرورت کے تحت گھر سے نکلنا ہو تو چہرے پر حفاظتی ماسک اور ہاتھوں میں گلوبس پہنیں۔
5۔ دن میں دو یا تین بار سٹیم لیں۔
6۔ اپنے گھر کے دروازوں کے ہینڈلز ڈیٹول ملے پانی سے صاف کریں۔
7۔ باہر سے گھر آکر واش روم میں جاکر گرم پانی میں ڈیٹول ملا کر غسل کریں اور کپڑے فورا دھو کر دھوپ میں 2 گھنٹے تک سکھالیں۔
8۔ ہینڈ سنیٹائزر لازمی استعمال کریں۔
9۔ ہاتھوں کو صابن لگا کر 20 سیکنڈ تک اچھی طرح دھویں۔

کراچی کی بدقسمتی یہ ہے کہ یہاں اکثر علاقوں میں پانی کی ترسیل کا انتظام اس قدر ناقص ہے کہ کئی کئی دن پانی کی فراہمی معطل رہتی ہے روٹین کے دنوں میں تو کسی نہ کسی طرح گزارا کیا جاسکتا ہے لیکن اب کرونا وائرس سے بچاو کیلئے پانی جہاں روزمرہ کی ضرورت ہے وہاں اب ایک دوا بھی ہے ہاتھ دھونے غسل کرنے صفائی رکھنے کیلئے ناگزیر ہے لیکن مقامی ایڈمنسٹریشن کی مجرمانہ غفلت اور غیر ذمہ داری کی وجہ سے یہاں زندگی شدید خطرات کی زد میں ہے جسکی ذمہ داری موجودہ انتظامیہ پر ہے ہمارے ملک میں کرونا کی وجہ سے لاک ڈاون ہے اور یہاں گھروں میں پانی تک نہیں وزیراعظم پاکستان فوری نوٹس لیں اور یہاں ہنگامی بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنا کر دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اللہ ہمارے ملک پر اپنی رحمتوں کا سایہ رکھے آمین اور ہم وطنوں سے بھی اپیل ہے کہ کرونا وائرس سے بچاو کیلئے خود کو لاک ڈاؤن کریں۔

کورونا وائرس۔۔۔کیسے بچا جائے



کے لیے کام اور مواقع کی کوئی کمی نہیں ہے۔ اگر آپ نوجوان ہیں، آپ کا رجحان ''سوفٹ ویئر ڈیولپمنٹ'' کی طرف ہے، آپ اس شعبے میں قدم رکھنا چاہتے ہیں اور آپ کو سوفٹ ویئر کی فیلڈ پسند بھی ہے تو پھر دیر مت کریں۔ پاکستان میں سوفٹ ویئر ڈیولپمنٹ کی مختلف سطح پر تعلیم کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ ملک بھر کے تمام ہی سرکاری اور نجی کالجز میں انٹرمیڈیٹ کی سطح پر اس کے مختلف پروگرامز مثلاً سرٹیفکیٹ کورسز اور ڈپلوما کورسز کیے جاسکتے ہیں، جب کہ اس شعبے میں یونیورسٹی سطح پر اعلیٰ تعلیم یعنی بیچلرز، ماسٹرز، اور پی ایچ ڈی تک کے بہت سے تعلیمی پروگرامز بھی دستیاب ہیں۔

گرافک ڈیزائننگ

انسان خوب صورتی کو پسند کرتا ہے اور ایک قابل گرافک ڈیزائنر اس بات کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنی صلاحیتوں اور سافٹ ویئر کی مدد



سے کسی بھی چیز کو اس انداز سے تخلیق کرتا ہے کہ اس میں خوب صورتی، انفرادیت اور نفاست کے پہلو کچھ مزید اُجاگر ہوکر دیکھنے والے کی بھرپور توجہ اپنی جانب سمیٹ لیتے ہیں۔ جب ہم گرافک ڈیزائننگ کی بات کرتے ہیں تو بظاہر یہ آسان سا کام محسوس ہوتا ہے لیکن اب یہ شعبہ اتنا زیادہ وسیع ہوگیا ہے کہ اس میں مہارت حاصل کرنے کے لیے مختلف طرح کے 6 سے 7 ''سرٹیفکیٹ کورسز'' کرنا ضروری ہوگیا ہے۔ گرافک ڈیزائننگ کے شعبے کو اختیار کرنے کا ایک سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اگر آپ کی تعلیم کم ہے یا آپ کو انگریزی زبان پر عبور حاصل نہیں ہے تو بھی آپ اس شعبے میں نمایاں مقام بنا سکتے ہیں۔ یہ ایک ایسا ''سرٹیفکیٹ کورس'' یا ہنر ہے جسے سیکھ کر صرف ایک کمپیوٹر کی مدد سے اپنے کاروبار کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے، آپ چاہیں تو اس کو پارٹ ٹائم کرلیں اور فل ٹائم کرنا چاہیں تو پھر تو کہنے ہی کیا۔ گرافک ڈیزائننگ کورس مکمل کرنے کے بعد بہ آسانی اپنا ذاتی کام شروع کیا جاسکتا ہے۔ باقاعدہ آفس بنا کر یا گھر بیٹھے بھی انٹرنیٹ پر فری لانس گرافک ڈیزائنر کے طور پر کام کا آغاز کیا جاسکتا یا پھر کسی ایڈورٹائزنگ ایجنسی یعنی تشہیری ادارے، اخبار، ٹی وی چینل یا ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ میں گرافک ڈیزائنر کی ملازمت بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

ویب سائیٹ ڈویلپمنٹ

یہ بات تو سب ہی جانتے ہوں گے کہ دنیا بھر میں اس وقت کروڑوں ویب سائٹس کام کر رہی ہیں۔ یہ ویب سائٹس اپنے موضوع اور مقاصد کے لحاظ سے مختلف نوعیت کی ہیں۔ ان میں سے کچھ تو کاروبار سے متعلق ہیں اور کچھ خبروں، تعلیم، ادب، تفریح، علم، ثقافت اور سیاسی موضوعات پر ہیں۔ ویب سائیٹ بنانے کی تعلیم کو ہی ویب سائیٹ ڈویلپمنٹ یا ویب سائیٹ ڈیزائننگ کہا جاتا ہے۔

ویب سائٹ ڈیزائننگ کی بنیادی تعلیم حاصل کرنے کے لیے کم از کم تعلیم میٹرک درکار ہوتی ہے۔ بنیادی کورس تین ماہ کا ہوتا ہے، جس کے بعد مزید چار سے چھ ماہ کے مختلف اعلیٰ کورسز بھی کیے جاسکتے ہیں، جن کے لیے کم از کم ایف اے کی تعلیم درکار ہوتی ہے۔ پاکستان بھر میں ہزاروں کی تعداد میں سرکاری اور نجی ادارے اس کی بنیادی اور اعلیٰ تعلیم دے رہے ہیں، جن کی فیس پانچ ہزار سے بیس ہزار تک ہے، جب کہ صوبہ پنجاب میں ''یو کے ایڈ'' کے تعاون سے مختلف ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں مستحق افراد کو نہ صرف مفت تربیت بلکہ ماہانہ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے مزید تفصیلات جاننے کے لیے یہ ویب سائیٹ وزٹ کریں:

https://www.psdf.org.pk/

اس کے علاوہ اکثر بڑی یونیورسٹیاں بھی چھٹیوں میں اس مضمون میں شارٹ کورسز کرواتی ہیں۔ اگر آپ آرٹ یا فن کی جانب رجحان رکھتے ہیں اور گرافکس، رنگوں اور دیگر ڈیجیٹل طریقوں سے اپنے اندر موجود پوشیدہ صلاحیتوں کا اچھا اظہار کرسکتے ہیں تو یہ راستہ آپ کے لیے ترقی اور کامیابی کا راستہ ثابت ہوسکتا ہے۔ چوں کہ اس کام کا تعلق آرٹ یا فن سے ہے اس لیے اس کا کوئی فکس فارمولا طے نہیں، لہٰذا اس وقت اچھے ویب سائیٹ ڈویلپرز ایک ٹیمپلیٹ ڈیزائن کرنے کے لیے دس ہزار سے ایک لاکھ روپے تک معاوضہ وصول کر رہے ہیں۔ اسی طرح آن لائن بیٹھ کر دیگر ممالک کے گاہکوں سے ان کی مرضی کے ٹیمپلیٹ ڈیزائن کرنے کا معاوضہ 200 ڈالر سے 1500 ڈالر تک ہوسکتا ہے، جب کہ اپنے تیار شدہ ٹیمپلیٹ کی قیمت فروخت 50 ڈالر سے 500 ڈالر تک فی کاپی ہوسکتی ہے، مطلب اگر ایک سال میں 100 ڈالرز مالیت کی ایک سو کاپیاں فروخت ہوں تو اس شخص کو دس ہزار ڈالر سالانہ آمدنی ہوسکتی ہے۔ یعنی آپ کو ایک دفعہ محنت سے ویب سائیٹ ٹیمپلیٹ ڈیزائن کرنا ہے اور پھر اس ویب سائیٹ ٹیمپلیٹ کی فروخت سے آئندہ کئی سالوں تک آپ کو معاوضہ ملتا رہے گا، ہے ناں چپڑی چپڑی اور وہ بھی دو دو۔ اس کے علاوہ چھوٹی اور درمیانے درجے کی آرگنائزیشنز، اخبارات، میڈیا ہاؤسز، مالیاتی ادارے، امپورٹ ایکسپورٹ، ای کامرس سے وابستہ اداروں، سوفٹ ویئر ہاؤسز، این جی اوز وغیرہ میں بھی اس سرٹیفکیٹ کے حامل افراد کی شدید ضرورت ہوتی ہے۔

آٹو کیڈ

رئیل اسٹیٹ جسے عرفِ عام میں پراپرٹی کا کام بھی کہا جاتا ہے۔ واحد ایک ایسا شعبہ ہے جس نے گذشتہ کئی سالوں سے پاکستان میں سب سے زیادہ شرح نمو دکھائی ہے۔ رئیل اسٹیٹ سیکٹر اس وقت سب سے زیادہ نفع بخش صنعت کا درجہ حاصل کرچکا ہے اور اس صنعت میں کام کرنے والے افراد ترقی کے بیش بہا مواقع رکھتے ہیں۔ اگر آپ بھی اس شعبے میں اچھی اور صاف ستھری ملازمت کے خواہش مند ہیں تو پھر آپ کو آٹو کیڈ سرٹیفکیٹ کورس یا آٹو انجینئرنگ ڈپلوما ضرور کرنا چاہیے۔

اس شارٹ کورس میں آٹو کیڈ سافٹ ویئر میں کام کرنا سکھایا جاتا ہے۔ آٹو کیڈ کورس میں 1 مرلہ، 10 مرلہ، 1 کنال کے گھروں کے نقشے، مارکیٹ، پلازا، چھوٹے شاپنگ مال کے نقشے بنانا، فلیٹ، ہاؤسنگ سوسائٹی کا نقشہ بنانا جس میں گھر، روڈ سیوریج لائن الیکٹرک پلان بنانا اور فائنل ڈرائنگ Submit کرنا یعنی Submittion بنا کر PDF فائل میں کنورٹ کرنا ٹوٹل سٹیشن سے پوائنٹ آٹو کیڈ میں Draw کرنا، اس کے بعد ایکسل کے پوائنٹ کو آٹو کیڈ میں Draw کرنا یعنی تصوراتی ڈیزائن، ماڈل دستاویزات سول ڈرافٹنگ ہاؤس ماڈل الیکٹریکل ڈرائنگ مکینیکل ڈرائنگ وغیرہ بنانا سکھایا جاتا ہے۔

ٹیکسٹائل ڈیزائننگ

ٹیکسٹائل ڈیزائننگ ایک ایسا فن ہے جس میں کسی پہناوے کے حسن میں اضافہ کے لیے روایتی انداز سے ہٹ کر جدید، ڈیجیٹل اور تخیلی تیکنیکوں کے استعمال سے چیزوں کے قدرتی انداز بدلے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ٹیکسٹائل ڈیزائننگ سہ جہتی تیکنیکوں کو استعمال کر کے کسی بھی پہناوے کے حسن کو دوبالا کرنے کا جدید فن بھی ہے۔ جیسا کہ سب ہی جانتے ہیں کپڑے پر ڈیزائن سے ہی کپڑا ایک پراڈکٹ بنتا ہے جب کہ ڈیزائن خود کسی تصوراتی ہیئت کا نمونہ ہوتے ہیں۔ اس لیے ان کا اظہار تصویری خاکوں کے ذریعے کیا جاتا ہے اور یہ تصویری خاکے ایک اچھا ٹیکسٹائل ڈیزائنر ہی بنا سکتا ہے۔

ٹیکسٹائل ڈیزائننگ کی تعلیم بڑی اہمیت اور افادیت کی حامل ہے۔ ٹیکسٹائل ڈیزائننگ میں ڈپلوما کورس کے لیے طلباء و طالبات کا کم سے کم ہائی اسکول پاس ہونا ضروری ہوتا ہے۔ ٹیکسٹائل ڈیزائننگ میں ڈپلوما ہولڈروں کی اس صنعت سے متعلق مختلف عہدوں، ریڈی میڈ ہوزری اور گارمنٹس کی بڑی بڑی کمپنیوں میں فیشن ڈیزائنر، فیشن کوآرڈینیٹر، سِلک مینیجر، مارکیٹنگ اور کنٹرولر کے عہدوں کے لیے اچھی ملازمت کے علاوہ خود روزگاری کے بھی بہتر امکانات ہر وقت موجود ہوتے ہیں۔ کپڑوں کے فیشن میں روز بروز ہونے والی تبدیلی نے ٹیکسٹائل ڈیزائننگ کے شعبے میں کیریئر بنانے کے انقلاب آفریں مواقع پیدا کر دیے ہیں۔ طالبات کے لیے اس سرٹیفکیٹ کورس کا انتخاب زیادہ مفید ثابت ہوسکتا ہے۔

ڈیسک ٹاپ ایپلی کیشنز ڈیولپمنٹ

اس سے مراد ایسے سوفٹ ویئرز کی تیاری کی مہارت حاصل کرنا ہے جو ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز میں استعمال ہوسکیں، مثلاً کسی کمپنی کا اکاؤنٹ، پے رول سسٹم، اسکول یا کالج مینجمنٹ سسٹم، لائبریری مینجمنٹ سسٹم، وغیرہ۔ آپ اپنے کمپیوٹر میں جو بھی سوفٹ ویئر استعمال کرتے ہیں، مثلاً مائیکروسوفٹ آفس وغیرہ، یہ سب ڈیسک ٹاپ ایپلی کیشنز کہلاتے ہیں۔ ڈیسک ٹاپ ایپلی کیشنز عموماً کسی ایک مخصوص آپریٹنگ سسٹمز کے لیے تیار کی جاتی ہیں، لیکن ڈیسک ٹاپ ایپلی کیشنز کو کچھ اس طرح بھی تیار کیا جاسکتا ہے کہ ایک سے زیادہ آپریٹنگ سسٹمز پر کام کرسکیں۔ ڈیسک ٹاپ ڈیولپمنٹ کے لیے بہت سی پروگرامنگ لینگویجز استعمال ہوتی ہیں جن میں مائیکروسوفٹ کی ڈاٹ نیٹ، ویزول اسٹوڈیو (StudioVisual)، جاوا اور سی (#CC,) لینگویجز کی مارکیٹ میں زیادہ مانگ ہے۔ ڈیسک ٹاپ ایپلی کیشنز میں مہارت رکھنے والے افراد ایسے سوفٹ ویئر پروگرام بھی تیار کر سکتے ہیں جو مخصوص مشینوں پر کام کرتے ہوں، مثلاً ٹیلی فون ایکسچینج، فوٹو کاپی مشین یا پرنٹر کے اندر موجود سوفٹ ویئر، جو صرف ایک ہی مخصوص کام کرتے ہیں۔ ایسے سوفٹ ویئرز ''ایمبیڈڈ سوفٹ ویئر'' کہلاتے ہیں۔ اس مضمون میں ''سرٹیفکیٹ کورسز'' یا ''ڈپلوما کورسز'' کرنا یکساں اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ یہ کورس اُن طلباء وطالبات کے لیے زیادہ سہل ہوتا ہے جو ریاضی کے اچھی طالب علم ہوتے ہیں۔

ویب ایپلی کیشنز ڈیولپمنٹ

ویب ایپلی کیشنز ڈویلپمنٹ کے سرٹیفکیٹ کورس میں ویب ایپلی کیشنز بنانے کے بارے میں تخصیصی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ ویب ایپلی کیشنز اس قسم کے سوفٹ ویئرز کو کہا جاتا ہے جو براؤزرز پر چلتے ہیں۔ اس طرح کے سوفٹ ویئر کی خوبی یہ ہے کہ یہ تقریباً ہر طرح کی مشین پر استعمال کے قابل ہوتے ہیں، یعنی ڈیسک ٹاپ، ٹیبلٹ، اسمارٹ فون وغیرہ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ براؤزر بیس ہوتے ہیں۔ جس بھی مشین میں براؤزر انسٹال ہو، یہ ایپلی کیشنز کام کرتی ہے۔ ان کو ڈیسک ٹاپ ایپلی کیشنز کے مقابلے میں زیادہ بہتر تصور کیا جاتا ہے، کیوں کہ ویب ایپلی کیشنز ہر طرح کے آپریٹنگ سسٹمز اور مشین وغیرہ پر کام کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ اس کی مارکیٹ بہت وسیع ہے۔ تقریباً تمام ہی بڑی ویب سائٹس، خاص طور پر متحرک ویب سائٹس کو اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایسے افراد کی ضرورت ہوتی ہے جو ان کے لیے ویب ایپلی کیشنز تیار کرسکیں یا پہلے سے موجود کسی ویب ایپلی کیشن کو ان کی ضروریات کے مطابق تبدیل کر سکیں۔ ویب ایپلی کیشنز کی ڈیولپمنٹ کے لیے زیادہ تر کام ایچ ٹی ایم ایل، ایکس ایم ایل، پی ایچ پی، سی ایس ایس، جاوا اسکرپٹ، اور ایس کیو ایل وغیرہ میں ہوتا ہے۔



موبائل ایپلی کیشن ڈیولپمنٹ

موبائل فون کے اندر جو مختلف طرح کے فنکشن استعمال کیے جاتے ہیں اور خاص طور پر اسمارٹ فون میں ہم اپنی ضرورت کی جو ''ایپس'' استعمال کرتے ہیں، ان کی تیاری کی تعلیم ''موبائل فون ایپلی کیشن ڈیولپمنٹ'' کہلاتی ہے۔ اس وقت دنیا میں گوگل کے ''اینڈرائیڈ'' آپریٹنگ سسٹم کا راج ہے۔ اس کورس میں ایپ ڈویلپمنٹ کے لیے طلباء وطالبات کو ''جاوا'' یا ''سی پلس پلس'' میں مہارت ہونی چاہیے، جب کہ اس شعبے میں ''ایپل'' کا آئی او ایس آپریٹنگ سسٹم بھی موجود ہے، جو آئی فون کے بعد اب آئی پیڈ اور ایپل ٹی وی میں بھی استعمال ہو رہا ہے، اس میں کام میں مہارت پیدا کرنے لیے طلباء کو اس سرٹیفکیٹ کورس میں ''آبجیکٹو۔سی'' لینگویج پڑھائی جاتی ہے۔ اسمارٹ فونز کے بڑھتے استعمال سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس کورس کو کرنے والے طلباء وطالبات کا مستقبل کس قدر شان دار ہوسکتا ہے۔

ڈپلوما کورسز

''سرٹیفکیٹ کورسز'' کے تحت جن شارٹ کورسز کا ذکر کیا گیا ہے۔ اُن تمام کورسز میں کمپیوٹر سائنس میں ایک سال یا دو سال کے ڈپلوما کورسز بھی صوبائی ٹیکنیکل بورڈ سے منظور شدہ اداروں میں کرائے جاتے ہیں۔ ڈپلوما کورسز کی تکمیل کے بعد امیدوار، کمپیوٹر کی مختلف زبانوں اور ان کے استعمال سے واقف ہوجاتا ہے۔ کمپیوٹر پروگرام تیار کرسکتا ہے، اپنے ادارے کے لیے موزوں کمپیوٹر کا انتخاب کرسکتا ہے اور مائیکرو کمپیوٹر کو بہ خوبی استعمال کرسکتا ہے۔ کسی بھی ڈپلوما کورس میں داخلے کے لیے امیدوار کو کم از کم بارہویں جماعت میں کام یاب ہونا چاہیے۔ چند اداروں میں داخلے سے پہلے میلان طبع کا امتحان ہوتا ہے اور کام یاب ہونے والے امیدواروں کو ہی داخلہ دیا جاتا ہے۔

بی ایس سی کمپیوٹر سائنس

یہ کمپیوٹر سائنس میں تین سال کا ڈگری کورس ہے۔ اسے آپ کمپیوٹر سائنس میں اعلیٰ تعلیم کا نقطہ آغاز بھی قرار دے سکتے ہیں۔ پاکستان کی تمام بڑی جامعات میں یہ ڈگری کورس کیا جاسکتا ہے۔ اس ڈگری پروگرام میں داخلہ لینے کے لیے بنیادی اہلیت انٹرمیڈیٹ (سائنس، آرٹس، کامرس) سیکنڈ ڈویژن، ریاضی میں 45 فی صد یا اس سے زیادہ نمبروں کے ساتھ کام یابی ہے۔ امیدواروں کو داخلے کا امتحان کام یاب کرنا ہوتا ہے۔ اس امتحان میں کام یاب امیدواروں کا انٹرویو ہوتا ہے۔ داخلہ صرف اور صرف اہلیت کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔ تین سالہ ڈگری کورس کے اخراجات 40 سے 80 ہزار روپے تک ہیں، لیکن جس امیدوار کو اہلیت کی بنیاد پر منتخب کرلیا جاتا ہے اگر وہ جامعہ کے بھاری اخراجات برداشت نہ کرسکے تو مالی اعانت کی درخواست کر کے اسکالرشپ بھی لے سکتا ہے۔ اسکالرشپ کے لیے منتخب ہونے والے امیدواروں کے تعلیمی اخراجات کے لیے جامعہ کی طرف سے انھیں وظیفہ دیا جاتا ہے۔ یہ سہولت بھی پاکستان کی کم و بیش تمام جامعات میں دستیاب ہے۔

بی ای کمپیوٹر ٹیکنالوجی

بی ای کمپیوٹر سائنس بھی ایک ڈگری کورس ہے۔ بی ای کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں داخلے کے لیے امیدوار کی بنیادی اہلیت پری انجینئرنگ کے ساتھ سائنس میں بارہویں جماعت کام یاب ہونا ہے۔ داخلہ میرٹ کی بنیاد پر اور مختلف طبقوں کی مخصوص نشستوں پر ہوتا ہے۔ کمپیوٹر سائنس میں بی ای کی سند کے حامل نوجوان کمپیوٹر ہارڈ ویئر سے متعلق امور انجام دیتے ہیں جن میں کمپیوٹر کی ڈیزائننگ، آپریشن، دیکھ بھال اور مرمت، تنصیب، خرید و فروخت کے امور شامل ہیں۔ چار سالہ ڈگری کورس کے تعلیمی اخراجات کا اندازہ پچاس ہزار روپے سے لے کر دو لاکھ روپے تک ہے۔ بی ای کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں چار سال کا ڈگری کورس مندرجہ ذیل جامعات سے بھی کیا جاسکتا ہے۔

۱۔ این ای ڈی یونی ورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، کراچی
۲۔ مہران یونی ورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، جام شورو
۳۔ لاہور یونی ورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور ۴۔ قائد عوام یونیورسٹی انجینئرنگ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، نواب شاہ

ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس

ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس کا نصاب سافٹ ویئر سے متعلق امور پر مشتمل ہوتا ہے، جس میں کمپیوٹر کا تعارف، ان کی مختلف اقسام، کمپیوٹر کی زبانیں، ان کے پروگرام اور نظری و عملی مضامین شامل ہیں۔ داخلے کے لیے بنیادی اہلیت کمپیوٹر سائنس، ریاضی، شماریات، طبیعیات میں سے کسی ایک مضمون میں بی ایس سی یا بی اے ہے۔ دیگر مضامین میں بی اے، بی ایس سی کی سند کے حامل طلباء و طالبات کو بھی بعض جامعات اس پروگرام میں داخلہ مل سکتا ہے مگر اس کے لیے اُنہیں داخلہ کا ایک خصوصی امتحان جسے آپ انٹری ٹیسٹ بھی کہہ سکتے ہیں پاس کرنا لازم ہوتا ہے۔ کمپیوٹر سائنس میں ایم ایس سی کا دو سالہ ڈگری پروگرام کروانے والی پاکستان کی چند نامور جامعات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ جامعہ کراچی ۲۔ جامعہ قائد اعظم، اسلام آباد ۳۔ جامعہ این ای ڈی، کراچی۔ ۴۔ لاہور انجینئرنگ یونی ورسٹی، لاہور ۵۔ جامعہ پشاور، پشاور۔



کمپیوٹر کی آن لائن تعلیم

جی ہاں! کمپیوٹر کی آن لائن تعلیم بھی ممکن ہے۔ مگر اس کے لیے طلباء و طالبات میں دو چیزوں کا ہونا بہت ضروری ہے۔ سب سے اہم تو خود احتسابی ہے کیوں کہ آن لائن کورسز میں آپ اپنے اُستاد خود ہوتے ہیں۔ اس لیے اپنے اُوپر آپ کو خود ہی نظر رکھنی ہوتی ہے۔ دوسری چیز ہے مستقل مزاجی یعنی روزانہ وقتِ مقررہ پر کمپیوٹر اسکرین کے سامنے بیٹھ کر کلاسیں لینا، کیوں کہ آن لائن کلاسیں لینے کے لیے کمپیوٹر آپ کو زبردستی اپنے سامنے تو بٹھا نہیں سکتا۔ اگر یہ دونوں کام آپ بخوبی نبھا سکتے ہیں تو کمپیوٹر کے آن لائن کورس کام یابی کے ساتھ کرنا کچھ مشکل نہیں۔ آن لائن ویڈیو کورسز کے لیے ایک بڑی مشہور ویب سائٹ lynda.com ہے جو 1995 سے کام کر رہی ہے اور lynda نامی ایک امریکی خاتون نے قائم کر رکھی ہے۔ اس کی کچھ ممبر شپ فیس ہے لیکن اس کے ویڈیو کورسز بہت معیاری ہیں۔ اس کے علاوہ مفت ان لائن کورسز کرنے کے لیے دنیا کی چند بہترین ویب سائیٹس کے لنک بھی ذیل میں درج کیے جارہے ہیں، جہاں سے آپ گھر بیٹھے بہ آسانی کمپیوٹر کے شارٹ کورسز کر سکتے ہیں اور وہ بھی بالکل مفت میں:

http://bit.ly/2DHFjEF
http://bit.ly/2RfvkdF
http://bit.ly/2P67NK6

TIME
WINNER OF SPEEDTEST AWARDS By OOKLA
Flare 9

''کمپیوٹر کی تعلیم''

راؤ محمد شاہد اقبال

موبائل فون پر آنے والی کال وصول کرنے کے لیے جیسے ہی اُسے کان پر لگایا، دوسری طرف سے ایک نسوانی مگر بارعب آواز سماعت سے ٹکرائی: ''کیا آپ وہی ہیں جو اخبارات وجرائد میں کمپیوٹر سائنس کے حوالے سے بہت اچھے مضامین لکھتے ہیں۔''

''جی ہاں! خاکسار بالکل وہی ہے مگر میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں۔'' اپنی غیر متوقع تعریف سُن کر میں نے تشکرانہ لہجے میں جواب دیا۔ ''جی بات یہ ہے کہ میری چھوٹی بیٹی نے ابھی حال ہی میں ایف ایس سی کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کیا ہے اور وہ جلد ہی ایک جامعہ میں اپنی میڈیکل کی تعلیم کا آغاز کرنے والی ہے لیکن اس دوران اُس کی خواہش ہے کہ وہ کمپیوٹر کا کوئی مختصر دورانیہ کا شارٹ کورس یا ڈپلومہ کرلے، جس کے لیے ہمیں آپ کے مشورے اور راہ نمائی کی ضرورت ہے کہ کون سا شارٹ کورس میری بیٹی کے لیے مناسب رہے گا جو مستقبل میں اُس کے شان دار کیریر میں بھی مددگار ثابت ہوسکے۔ مہربانی فرما کر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ بھی کوئی ایسا بتایئے گا جو فیصل آباد کے قریب ہو کیوں کہ ہمارا خاندان فیصل آباد میں رہتا ہے۔''

خاتون کی تفصیلی گفتگو سُن کر میں نے اُن کی صاحبزادی کے ذہنی وتعلیمی رجحان کو سمجھنے کے لیے ایک دو مزید سوالات کیے اور اُنہیں اپنی دانست میں ایک بہتر شارٹ کورس کے بارے میں بتادیا۔

اس اچانک آنے والی موبائل کال سے دو اہم ترین باتیں میرے علم میں آئیں۔ پہلی تو یہ کہ اخبارات وجرائد میں چھپنے والے مضامین اور اُن کے لکھاریوں کو قارئین انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے دور میں بھی کس درجہ سنجیدگی سے لیتے ہیں جو بلاشبہ اخباری صنعت کو قائم ودائم رکھنے والے کہنہ مشق مدیران کی برسہا برس کی محنت شاقہ کا منہ بولتا ثبوت ہے اور دوسری بات یہ کہ درست کمپیوٹر کورسز کے انتخاب وراہ نمائی کے لیے ایک تفصیلی مضمون لکھنے کا وقت آگیا ہے۔

کمپیوٹر کے اُردو میں لفظی معنی ''حاسب'' کے ہیں، جس کا مطلب ہے ''حساب کنندہ'' یعنی حساب کرنے والی مشین لیکن آج کی جدید دنیا میں کمپیوٹر کی شناخت صرف ایک حسابی مشین کی نہیں رہی ہے کیوں کہ زندگی کے ہر شعبے میں کمپیوٹر پوری طرح دخیل ہوچکا ہے۔ اب چاہے وہ تعلیم ہو، کھیل تفریح ہو، مواصلات یا سفر ہو، حتیٰ کہ کوئی صنعت ہو یا ہسپتال ہو۔ کمپیوٹر ہر عمر اور ہر طبقے کے لوگوں کی ضروریات بخوبی پوری کرتا نظر آتا ہے۔

کہیں یہ بچوں کو گیمز کے ذریعے تفریح مہیا کررہا ہے، کہیں یہ اسکول، کالجز اور جامعات کے طلباء کی تعلیمی ضروریات کو پورا کررہا ہے تو کہیں یہ بڑے بڑے سائنس دانوں، ڈاکٹرز اور انجینئرز کی مشکلات ان کی تجربہ گاہوں میں حل کرتا ہوا نظر آرہا ہے۔ اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ آج کمپیوٹر نے استاد کی جگہ لے لی ہے اور کمپیوٹر، تدریس کے لیے نہ صرف ناگزیر ہوچکا ہے بلکہ دورِ حاضر کے طالب علم کو اس وقت تک طالب علم کہنا ہی، درست نہ ہوگا جب تک وہ اس نئے استاد یعنی کمپیوٹر کے سامنے زانوئے تلمذ تہ نہ کرے۔ یوں تو ہر ایجاد اپنی جگہ حیران کن ہوتی ہے لیکن کمپیوٹر کی ایجاد سے انسانی دنیا میں ایک انقلاب رونما ہوگیا ہے۔ پاکستان میں کمپیوٹر سے متعلق پیشوں کا باقاعدہ آغاز 1961 سے ہوا، جب آئی بی ایم نے ہمارے ملک میں پہلا کمپیوٹر درآمد کرکے نصب کیا۔ کمپیوٹر کی افادیت اور اس کے روزافزوں استعمال کی رفتار کے پیش نظر پاکستان میں کمپیوٹر کی اعلیٰ تعلیم کا باقاعدہ آغاز 70 کے عشرے میں شروع ہوا اور سب سے پہلے قائداعظم یونی ورسٹی اسلام آباد میں کمپیوٹر کی ڈگری کلاسوں کا آغاز ہوا۔ اس وقت ملک کے مختلف حصوں میں سرٹیفکیٹ، ڈپلوما، بیچلر اور ماسٹر ڈگری کے مختلف کورسز، مختلف جامعات اور اداروں میں ہو رہے ہیں۔

اس کے علاوہ نجی شعبے میں بھی بے شمار کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ قائم ہیں جہاں کمپیوٹر سے متعلق ایک سال، چھ ماہ اور تین ماہ کے سرٹیفکیٹ کورسز کروائے جاتے ہیں۔ عام طور پر تمام نجی انسٹی ٹیوٹس کا متعلقہ صوبے کے بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے منظور شدہ ہونا ضروری ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک کے ہر گلی و محلے میں ایسے انسٹی ٹیوٹ کی بھی بہتات ہے جو کسی بھی مستند ادارے سے منظور شدہ نہیں ہیں، جس کی وجہ سے کمپیوٹر کی تحصیل میں طلباء وطالبات کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نیز کس طالب علم کے لیے کس قسم کا کمپیوٹر کورس یا ڈپلوما مستقبل میں اُس کے کیریئر کو سنوارنے میں فائدہ مند ہوسکتا ہے۔

اس حوالے سے بھی کافی ابہام پایا جاتا ہے کیوں کہ نجی انسٹی ٹیوٹ زیادہ سے زیادہ فیسیں اینٹھنے کے چکر میں طلباء وطالبات کو ایسے کورسز میں بھی داخلے کی ترغیب دے دیتے ہیں، جن کی طلباء کو قطعی ضرورت نہیں ہوتی۔ بعض مرتبہ ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ فائن آرٹس کے طلباء کو کمپیوٹر پروگرامنگ اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر کو کورسز کروادیے جاتے ہیں جن کا اِن کے آنے والے کیریئر میں کوئی عمل دخل نہیں ہوتا۔ اس کے بجائے اگر انہیں گرافکس ڈیزائننگ یا ویب ڈیزائننگ کے کورسز کروائے جائیں تو بلاشبہ اِن کے کیریئر میں چار چاند لگ سکتے ہیں۔



زیرِ نظر مضمون میں کمپیوٹر کی تعلیم سے متعلق طلباء وطالبات اور ان کے والدین کو درپیش چند ایسے ہی مسائل اور اُن کے حل کو زیرِ بحث لانے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً کمپیوٹر کی اعلیٰ تعلیم کس کے لیے ضروری ہے؟ کمپیوٹر کے شارٹ کورسز کس طالب علم کو کیا فائدہ پہنچا سکتے ہیں؟ کمپیوٹر ڈپلوما مختصر دورانیے کا بہتر رہتا ہے یا طویل دورانیے کا؟ یا کمپیوٹر کورسز کرتے ہوئے مضامین کا انتخاب کس بنیاد پر کرنا چاہیے؟ وغیرہ وغیرہ۔

کمپیوٹر کی تعلیم میں ''ڈگری'' اور ''شارٹ کورس'' کا فرق

سادہ لفظوں میں کہا جاسکتا ہے کہ کمپیوٹر کی تعلیم میں ایک یونیورسٹی یا جامعہ کی ''ڈگری'' آپ کو ''کمپیوٹر کی سمجھ'' دیتی ہے جب کہ کسی انسٹی ٹیوٹ میں کیا گیا کورس ''ہنر'' پیدا کرتا ہے۔ یعنی کمپیوٹر کے شعبے میں ''اعلیٰ ڈگری'' حاصل کرکے آپ کمپیوٹر ٹیکنالوجی سے لیس کسی بھی ادارے، دفتر یا کمپنی میں وہاں موجود کمپیوٹر کے ایک پورے نظام کو تن تنہا بہ آسانی سنبھال سکتے ہیں جب کہ کمپیوٹر کے کسی مخصوص شعبے میں کیے گئے شارٹ کورس یعنی ''ہنر'' کی بدولت آپ کو کسی بھی جگہ موجود کمپیوٹر کے نظام کے اندر ایک متحرک اور کارآمد کارکن کے طور کام کرنے موقع میسر آسکتا ہے۔

مثال کے طور پر ایک کال سینٹر میں بیک وقت سینکڑوں ملازمین کام کررہے ہوتے ہیں، یہاں کام کرنے والے عام کارکنان کے لیے یہ ہی کافی ہوتا ہے کہ وہ چھ ماہ یا سال کا متعلقہ شعبے کی ضرورت کے لحاظ سے ایک مختصر سا شارٹ کورس کرلیں، جب کہ کال سینٹر میں تیکنیکی و انتظامی معاملات سنبھالنے والوں کے لیے ازحد ضروری ہے کہ وہ متعلقہ شعبے میں کمپیوٹر کی اعلیٰ تعلیم کی ڈگری ضرور رکھتے ہوں۔ اس مثال سے یہ سمجھنے میں بھی مدد ملتی ہے کہ کمپیوٹر کے میدان سب سے زیادہ ملازمتیں ''شارٹ کورسز'' کرنے والوں کے لیے دستیاب ہوتی ہیں، جیسے ڈیٹا انٹری آپریٹر، لوئر ڈویژن کلرک، اپر ڈویژن کلرک، آفس اسسٹنٹ، اکاؤنٹنٹ، ریسپشنسٹ، پرسنل سیکریٹری جیسی تمام ملازمتوں کے لیے کمپیوٹر کے ''شارٹ کورسز'' پوری طرح اعانت کرتے ہیں۔ اسی مناسبت سے ذیل میں چند انتہائی اہم ترین ''شارٹ کورسز'' کا تفصیلی جائزہ پیش کیا جارہا ہے، تاکہ طلباء و طالبات کو درست کورس کا انتخاب کرنے میں آسانی ہوسکے۔

شارٹ کورسز یا سرٹیفکیٹ کورسز

شارٹ کورسز کو آج کل عرف عام میں ''سرٹیفکیٹ کورسز'' بھی کہا جاتا ہے۔ بہرحال مراد دونوں سے ایک ہی ہے۔ یہاں اس بات کی صراحت کرنا اس لیے ضروری سمجھا گیا ہے کہیں ناموں کے تھوڑے بہت فرق سے ہمارے قارئین کسی مخمصے کا شکار نہ ہوجائیں۔ کراچی، لاہور، راول پنڈی، اسلام آباد، حیدرآباد، پشاور، کوئٹہ سمیت ملک کے تمام بڑے شہروں میں کمپیوٹر کی تعلیم کے نجی و نیم سرکاری ادارے مختلف شعبوں میں 3 ماہ سے ایک سال تک کی میعاد کے ''سرٹیفکیٹ کورسز'' کی تربیت فراہم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے ''سرٹیفکیٹ کورسز'' ایسے بھی ہیں جن کی مدت تکمیل ایک سے چھ ماہ ہے۔

''سرٹیفکیٹ کورسز'' کی تعلیم کے بھی اتنے ہی فائدے ہوتے ہیں جتنی کے ڈگری سطح کی تعلیم کے، بلکہ کچھ معاملات میں ''سرٹیفکیٹ کورسز'' ڈگری سے بھی زیادہ فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں، کیوں کہ ڈگری کے لیے آپ کو چار سال میں 40 سے زیادہ مضامین پڑھائے جاتے ہیں جب کہ شارٹ کورسز میں ایک ہی چیز پر زیادہ فوکس کیا جاتا ہے، جس سے کم وقت میں ہنر میں زیادہ نکھار آتا ہے۔ عام طور پر ''سرٹیفکیٹ کورسز'' میں داخلے کے لیے بنیادی اہلیت دسویں یا بارہویں جماعت کے امتحان میں کام یابی ہے۔ نیز کمپیوٹر کی تعلیم فراہم کرنے والے بعض معیاری اداروں میں داخلے سے پہلے میلانِ طبع کا امتحان بھی دینا ضروری ہوتا ہے۔

ایک بات ہمیشہ یاد رکھیں کہ ''سرٹیفکیٹ کورسز'' میں داخلے کے لیے صرف ان ہی اداروں سے رجوع کرنا چاہیے جو آپ کے متعلقہ صوبے کے سرکاری فنی تعلیمی بورڈ سے منظور شدہ ہوں یا جن کے امتحانات حکومت پاکستان سے منظور شدہ فنی تعلیمی بورڈ کی نگرانی میں لیے جاتے ہوں۔ عموماً ایک سرٹیفکیٹ کورس کے اخراجات 3 سے 4 ہزار روپے کے درمیان ہوتے ہیں۔ ہماری رائے میں ورچوئل یونیورسٹی ''سرٹیفکیٹ کورسز'' سمیت ''ڈپلوما کورسز'' کے لیے بھی آپ کا ایک بہتر انتخاب ثابت ہوسکتی ہے، کیوں کہ ورچوئل یونیورسٹی نہ صرف ہائر ایجوکیشن سے منظور شدہ ہے بلکہ اس کے کیمپس بھی کثیر تعداد میں پاکستان کے ہر اہم شہر میں موجود ہیں۔ آپ اپنے علاقے سے قریب ترین ورچوئل یونیورسٹی کے کیمپس کو یونیورسٹی کی آفیشل ویب سائیٹ پر بہ آسانی تلاش کرسکتے ہیں۔ ویب سائیٹ کا آفیشل لنک یہ ہے: www.vu.edu.pk۔ ہاں! اگر آپ کو اپنے مطلوبہ کورس کرنے کی سہولت ورچوئل یونیورسٹی میں دستیاب نہ ہو تو پھر اپنے علاقے میں موجود کسی اچھے کمپیوٹر انسٹی ٹیوٹ سے بھی رجوع کیا جاسکتا ہے۔ اب چند اہم ترین ''سرٹیفکیٹ کورسز'' کا اجمالی تفصیل پیشِ خدمت ہے۔



فنڈامینٹل آف کمپیوٹر اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی

کمپیوٹر کی بنیادی مبادیات میں دسترس حاصل کرنے کے لیے یہ ایک اہم ترین کورس تصور کیا جاتا ہے۔ اس شارٹ کورس کی خاص بات یہ ہے کہ زندگی کے ہر شعبے سے متعلق شخص اسے بہ آسانی مکمل کرسکتا ہے، جب کہ ہر خاص وعام کے لیے یہ کورس یکساں طور پر مفید بھی ہے۔ اس شارٹ کورس کو کرنے کے بعد طلباء وطالبات کے لیے زیادہ آسان ہوجاتا ہے کہ وہ کمپیوٹر کے میدان میں کسی مخصوص مضمون میں ڈپلوما یا ڈگری حاصل کرسکیں۔ اس کورس میں کمپیوٹر سے متعلق ابتدائی معلومات، ونڈوز انسٹالیشن، انٹرنیٹ، سوشل میڈیا اور کمپیوٹر لینگویج کی عملی ونظری آگہی فراہم کی جاتی ہے۔ سرکاری ونجی اداروں میں آفس اسسٹنٹ یا ڈیٹا انٹری آپریٹر سے مماثل ملازمتوں کے لیے عموماً اسی کورس کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

آفس آٹومیشن

جیسا اس کورس کے نام سے ہی ظاہر ہے اس کورس میں ایسے سافٹ ویئرز سے متعلق نظری وعملی تربیت فراہم کی جاتی ہے، جن کا تعلق



روزمرہ کے دفتری اُمور سے ہوتا ہے۔ اس کورس میں خاص طور پر مائیکروسافٹ ایکسل، مائیکروسافٹ ورڈ، مائیکروسافٹ ایکسس، فرنٹ پیج اور آؤٹ لک استعمال کرنے کی تفصیلی تربیت فراہم کی جاتی ہے تاکہ تربیت کنندہ دفتری اُمور میں پیش آنے والے ہر قسم کے مسائل سے کماحقہ نمٹنے کی صلاحیت سے بہرہ مند ہوسکے۔ یہ شارٹ کورس عموماً چھ ماہ میں پایہ تکمیل کو پہنچتا ہے، مگر بعض انسٹی ٹیوٹ اس شارٹ کورس کا ایڈوانس ورژن ایک سال تک بھی پڑھاتے ہیں جس کے باعث اس کورس کی افادیت میں مزید اضافہ ہوجاتا ہے۔ یہ شارٹ کورس اُن طلباء طالبات کو ہی کرنا چاہیے جن کا مستقبل میں کسی نجی وسرکاری ادارے میں ملازمت کرنے کا پختہ ارادہ ہو۔

ای کامرس

ای کامرس کے اردو میں معنی الیکٹرونک تجارت ہے، سادہ الفاظ میں آن لائن ویب سائٹ کے ذریعہ اشیاء یا خدمات کی خرید وفروخت کو ای کامرس کہتے ہیں۔ بے شمار فوائد کی وجہ سے یہ تصور دنیا بھر میں بہت تیزی سے عام ہوگیا ہے۔ اگر آپ پہلے سے کوئی کاروبار کررہے ہیں یا آپ کوئی نیا کاروبار شروع کرنے چاہتے ہیں یا آپ کاروباری رجحان رکھتے ہیں تو آپ کو ای کامرس کا سرٹیفکیٹ کورس ضرور کرنا چاہیے۔ ای کامرس کورس مکمل کرنے کے بعد آپ کے لیے فیصلہ سازی آسان ہوجائے گی کہ آپ کو اپنے ای بزنس کی طرف قدم بڑھانا ہے یا نہیں۔ یہ شارٹ کورس ایسے طلباء وطالبات کو بھی ضرور کرنا چاہیے جنہوں نے رسمی تعلیم میں کامرس بطور اختیاری مضمون کے پڑھا ہو۔ اگر آپ کاروباری ذہن کے حامل ہیں تو یہ شارٹ کورس شان دار کیریئر بنانے کے بے پناہ مواقع رکھتا ہے۔ میڈیکل اور انجینئرنگ کی رسمی تعلیم کے حامل طلباء وطالبات کو اس شارٹ کورس سے ممکنہ حد تک احتراز کرنا چاہیے کیوں کہ اس شارٹ کورس میں پڑھائی جانے والی بنیادی مبادیات اُن کے تعلیمی وذہنی رجحان سے قطعاً مختلف ہوتی ہیں۔

سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ

کمپیوٹر یا موبائل فون کے اندر کسی بھی مخصوص کام کو سرانجام دینے کے لیے کمانڈز یا ہدایات کے مجموعے کو سوفٹ ویئر کہتے ہیں۔ چوں کہ کمپیوٹر کی بنیادی زبان مشینی ہے، اس لیے انسان اور مشین کے درمیان رابطے کے لیے ایک ''ریاضیاتی زبان'' استعمال ہوتی ہے، جس کو پروگرامنگ لینگویج کہتے ہیں۔ اس وقت سوفٹ ویئرز ڈویلپمنٹ کے ''سرٹیفکیٹ کورس'' کے تحت کئی قسم کی پروگرامنگ اور اسکرپٹنگ لینگویج کی تعلیم دی جارہی ہے، جن میں زیادہ مشہور سی (C)، جاوا (Java)، پائتھن (Python)، روبی (Ruby)، ایچ ٹی ایم ایل (HTML)، ایکس ایم ایل (XML)، پی ایچ پی (PHP)، ڈاٹ نیٹ (.Net)، ڈیلفائی (Delphi) وغیرہ شامل ہیں۔ سوفٹ ویئر ڈیولپمنٹ کو بطور کیریئر اختیار کرنے والے



امسال ایک مختلف رمضان

نائلہ الطاف کیانی

رمضان المبارک اسلامی تقویم کا نواں مہینا ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں ایک ایسی رات ہے جسے شب قدر کہتے ہیں، اس رات کو قرآن پاک نازل ہونا شروع ہوا۔ جیسا کہ قرآن پاک کی سورہ القدر میں ذکر کیا گیا ہے کہ انا انزلناف لیلۃ القدر، یعنی بے شک ہم نے اسے شب قدر میں نازل کیا۔ اور شب قدر کی عبادت ہزار راتوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ یہ وہ با برکت مہینا ہے جس کا انتظار عالم اسلام پورے ایک سال تک کرتا ہے۔ مسجدوں کو سجایا جاتا ہے۔ نماز پنج گانہ، تراویح اور شبینہ سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ رات کو سحری کے لئے جگانے ڈھول والے چکر لگاتے ہیں۔ سحری کی اپنی رونقیں ہوتی ہیں اور افطار کی اپنی۔ دوستوں رشتے داروں کی دعوتیں ہوتی ہیں۔ مل کے افطار کی جاتی ہے۔ آج کل کچھ سال سے تو افطار پارٹیاں ایک الگ ہی رنگ اختیار کر گئیں ہیں۔ سیاست دان افطار پارٹیوں کو سیاسی ملاقاتوں اور جوڑ توڑ کے لئے استعمال کرتے ہیں اور امرا اور وسا تعلقات بنانے کے لئے۔

جس طرف دیکھیے بڑی بڑی افطار پارٹیاں خبروں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ نوجوان ہوٹلوں پر دوستوں کے ساتھ افطار کر رہے ہیں اور گھریلو خواتین ٹی وی کے سامنے گیم شوز کے میزبانوں کے ساتھ۔ بلکہ اب تو سحری بھی دعوتوں اور ہوٹلوں میں ہونے لگی ہے۔ رمضان عبادت کے مہینے سے زیادہ سماجی رابطے کا مہینا بن گیا ہے۔ ایک باقاعدہ تہوار کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ مگر امسال کا رمضان مختلف ہوگا۔ کرونا وائرس کی وبا نے جہاں دنیا کو بدل دیا وہاں لوگوں کے رہن سہن کے طریقے اور مذہبی اور معاشرتی طریقے بھی بدل دیے ہیں۔ امسال کا رمضان تہوار نہیں ہوگا۔ نہ سحری باہر ہو سکے گی نہ افطار پر پارٹی ہو گی۔ نہ سموسوں پکوڑوں کے ٹھیلے سجیں گے، نہ کچوریوں اور جلیبیوں کی دکانوں کے باہر ہجوم ہوگا۔ نہ سحری اور افطار کے وقت گیم شوز مین مہمانوں میں تحائف اور گاڑیاں تقسیم کی جائیں گی، نہ مختلف چینلوں میں کسی معصوم بچے کو بلانے پر جھگڑا ہوگا۔ یہاں تک کہ نماز پنج گانہ بھی مسجدوں میں ادا نہیں ہو سکے گی۔ لوگوں کو تراویح گھر میں ادا کرنے کے لئے آمادہ کیا جائے گا۔ شبینہ کی محافل بھی نہیں سجیں گی۔ یہ سب سننے میں بہت عجیب لگتا ہے، کیوں کہ ہم میں سے کسی نے کبھی ایسا رمضان نہیں دیکھا تھا، ہمیں رمضان کو تہوار کے طور پر منانے کی عادت پڑ چکی ہے۔ مگر شاید یہ جان کر ہمیں تسلی ہو کہ تراویح کی نماز رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بھی گھر پر بھی پڑھی جاتی تھی۔ بلکہ صحیح بخاری کی حدیث نمبر 2012 کے مفہوم کے مطابق عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ ` رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ (رمضان کی) نصف شب میں مسجد تشریف لے گئے اور وہاں تراویح کی نماز پڑھی۔ کچھ صحابہ رضی اللہ عنہم بھی آپ کے ساتھ نماز میں شریک ہو گئے۔ صبح ہوئی تو انہوں نے اس کا چرچا کیا۔ چناں چہ دوسری رات میں لوگ پہلے سے بھی زیادہ جمع ہو گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ دوسری صبح کو اور زیادہ چرچا ہوا اور تیسری رات اس سے بھی زیادہ لوگ جمع ہو گئے۔

آپ نے (اس رات بھی) نماز پڑھی اور لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کی۔ چوتھی رات کو یہ عالم تھا کہ مسجد میں نماز پڑھنے آنے والوں کے لیے جگہ بھی باقی نہیں رہی تھی۔ (لیکن اس رات آپ برآمد ہی نہیں ہوئے) بلکہ صبح کی نماز کے لیے باہر تشریف لائے۔ جب نماز پڑھ لی تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر شہادت کے بعد فرمایا۔ امابعد! تمھارے یہاں جمع ہونے کا مجھے علم تھا، لیکن مجھے خوف اس کا ہوا کہ کہیں یہ نماز تم پر فرض نہ کر دی جائے اور پھر تم اس کی ادائی سے عاجز ہو جاؤ۔ اس کے بعد لوگ اپنے گھروں ہی میں حسب توفیق قیام اللیل کرنے لگے۔ آپ کے وصال کے بعد اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ کے دور میں بھی یہ سلسلہ جاری رہا۔ یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی نے ایک رات مسجد میں مسلمانوں کو اپنی اپنی نماز پڑھتے پایا اور آپ کی سخت نظم وضبط والی طبیعت کو یہ بات گراں گزری، چناں چہ آپ نے حضرت عمی ابن کعب کو امامت کی ذمہ داری سونپ دی اور تراویح باالجماعت رائج کر دی۔

امسال کا رمضان اس حساب سے بھی مختلف ہوگا، کہ مساجد اور مراقبہ مراکز میں اعتکاف کے لئے لوگ نہیں بیٹھ سکیں گے۔ اعتکاف جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب سنت ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہ کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے آخری دس دنوں میں اعتکاف فرماتے اور آپ کے وصال کے بعد آپ کی ازواج نے اعتکاف جاری رکھا۔'' (بخاری شریف کی حدیث نمبر 243 باب اعتکاف۔ باب نمبر 33۔)اس مرتبہ متمول حضرات مکہ مکرمہ میں آخری عشرہ گزارنے کا موقع تو نہیں پائیں گے مگر جو رقم آپ نے آخری عشرہ خانہ کعبہ کے قرب میں گزارنے کے لئے مختص کی تھی وہ اللہ کی راہ میں دے کر، غریب روزہ داروں کے حقوق ادا کر کے اللہ کا قرب ضرور پا سکتے ہیں۔ بظاہر ایسا دکھائی دیتا ہے کہ اس سال رمضان میں عید کی خریداری اور کپڑوں کی سلائی بھی نہیں ہوگی۔ آرائش و زیبائش، چاندرات کی گہما گہمی، چوڑیوں اور مہندی کی عارضی دکانیں، ڈپٹوں کی رنگائیاں، بچوں کے تحائف اور عید کے نئے جوڑوں کے بغیر عید خارج از امکان نہیں۔ غرض امسال ہر وہ روایت جو وقت کے ساتھ ساتھ رمضان اور عید کے ساتھ لازم ملزوم سمجھی جانے لگی ہے، موجود نہیں ہوگی۔

ہمیں چاہیے کہ خود کو، اہل وعیال کو اور خاص طور پر بچوں کو ذہنی طور پر ایک مختلف رمضان اور مختلف عید کے لئے آمادہ کریں۔ سادگی یوں بھی اللہ کو اور آللہ کے رسول کو پسند ہے۔ یہ وبا اپنے ساتھ بہت سی چیزوں کو ہمیشہ کے لئے تبدیل کر دے گی، ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم خود کو اور اپنے بچوں کو ایک طویل لڑائی کے کیے تیار کریں۔ اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ علمائے اسلام موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اجماع کے اہتمام کریں۔ شاید یہ رمضان دوبارہ سے اللہ پاک سے رابطہ بنانے کا موقع لے کر آیا ہو۔ استغفار اور توبہ کا موقع لے کر آیا ہو۔ یاد رکھیں سادگی سے رمضان منانا سنت نبوی ہے، قیام الیل کا گھر پر اہتمام کرنا بھی سنت ہے اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ گھر پر افطار بھی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ حکومت وقت نماز کی مساجد میں ادائی، افطار، تراویح اور عیدین سے متعلق جو بھی فیصلے کرے گی وہ ہماری بھلائی کے لئے ہوں گے۔ اور ہمیں ذمہ دار شہریوں کی طرح اپنی حکومت سے تعاون کرنا ہوگا۔ قرآن کا فرمان ہے کہ ''جس نے ایک انسان کی جان بچائی، گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی''۔ القرآن (5: 23) اس وقت اپنی اور دوسری کی جان بچانے کے لئے جو سب سے زیادہ کارگر کام کر سکتے ہیں، وہ ہے سماجی فاصلہ برقرار رکھنا اور گھر پر رہنا۔ قرآن کی آیت کے مطابق دوسروں کی جان بچانے کی نیت سے گھر پر رہنا اس وقت بذات خود عبادت ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو رمضان کو اصل روح کے مطابق گزارنے اور رمضان کی برکات سمیٹنے کی توفیق دے۔

کرونا وائرس اور بچوں کے سوالات

طاہر محمود بلوچ

اب تو اتنی بھی میسر نہیں پیمانے میں
جتنی چھوڑ آیا کرتے تھے مہ خانے میں

وہ مقامات جہاں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی اب سائیں سائیں کرتے ہیں۔ باقی تو سب ٹھیک تھا لیکن بچوں پر اس مسلسل اور پراسرار لاک ڈاو?ن کے کیا اثرات مرتب ہوں گے؟ اس حوالے سے ابھی تک کچھ پڑھنے، سننے یا دیکھنے کو نہیں ملا۔ اور شاید اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ابھی تو بڑوں کو اپنی پڑی ہے بھلا بچوں پر اس کے نفسیاتی اثرات کو کون اہمیت دے اور ویسے بھی ہم جس خطے میں رہ رہے ہیں یہاں پر تو نفسیاتی مسائل کو سیدھا سیدھا پاگل پن سمجھا جاتا ہے لہذا ایک بڑی تعداد ماہر نفسیات کے پاس جانے سے گریز کرتی ہے۔ میرے ایک دوست جو حال ہی میں کینیڈا شفٹ ہوئے ہیں اور ان کے پہنچنے کے فوراً بعد ہی دنیا لاک ڈاؤن کے فیز میں داخل ہو گئی۔ انہیں جاب کی اشد ضرورت تھی۔ لیکن ایسے وقت میں بھلا جاب کہاں؟ خیر انہوں نے ایمیزون کے سپلائی چین مینیجمنٹ سسٹم میں اپلائی کر دیا۔ اور مختلف مراحل سے گزرنے کے بعد وہ اب تقریباً انٹرویو جیسے آخری مرحلے تک پہنچ چکے ہیں۔ کل شام میری ان سے بات ہو رہی تھی تو انہوں نے ان تمام مراحل کی تفصیلات بتائیں کہ کیسے انہیں دو مختلف اوقات میں webinar کے ذریعہ سے ان لائن کلاسز دی گئیں۔

بنیادی طور پر وہاں کا ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ متعلقہ وسائل کو بروئے کار لا کر ایک بہترین انتخاب کی جانب بڑھتا ہے تاکہ اتنی محنت اور تردد کے بعد میرٹ پر انتخاب ہو سکے۔ مجھے میرے دوست نے یہ تمام تفصیلات اس لئے بھی بتائیں کیونکہ میں بھی جاب کے متلاشی افراد کو انٹرویو کی تیاری کرواتا ہوں۔ ان کی صلاحیتوں اور اعتماد کو کیسے سامنے لانا ہوتا ہے یہ بھی ایک مشکل کام ہے کیونکہ اس کے لئے بھی وقت درکار ہوتا ہے اور ہم جو سالہا سال سے بچوں کو سوچنے سے روکنے کی پریکٹس کروا رہے ہوتے ہیں اور تو اور انہیں سوال تک کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ اور یوں ساری زندگی انہیں ایک ایسے سہارے کی ضرورت ہوتی ہے جیسا سہارا ایک نابینا کو راستہ دکھاتا ہے۔ جبکہ ترقی یافتہ اقوام نے اس پہلو پر اتنا زیادہ کام کیا ہے کہ انہوں نے Behaviour Organisational کو نہ صرف ایک مضمون کے طور پر لیا بلکہ اسے پریکٹیکل شکل بھی دی۔ بات کہاں سے نکلی اور کہاں جا پہنچی۔ بچوں پر اس لاک ڈاؤن کے نفسیاتی اثرات کیا ہوں گے یہ سوال میرے ذہن میں اس وقت سے کلبلانے لگا جب آج صبح آفس کے لئے نکلتے وقت میری بیٹی نے پوچھا کہ بابا سکول کب تک بند رہیں گے؟

دراصل پہلے میں روزانہ اسے سکول چھوڑ کر دفتر آیا کرتا تھا لیکن چونکہ اب ایسا نہیں ہے۔ اور سکول ٹیچر کے اچھے رویے کی وجہ سے میری بیٹی شوق سے سکول جاتی ہے۔ اب ایسے وقت میں ہم بچوں کو کیا جواب دیں؟ اور دوسرا سوال بھی جان لیں کہ بابا سکول کیوں بند ہیں؟ جو بچے سن شعور کو پہنچ چکے ہیں انہیں تو سمجھانا آسان ہے لیکن نرسری کے بچوں کو مطمئن کرنا اور پھر وہ بچے جنہیں سوچنے اور سوال کرنے کی عادت ہو۔ بھلا انہیں کیسے مطمئن کریں؟ کیونکہ ہمارے ہاں کرائسز مینیجمنٹ کے لئے بنائے جانے والے لائحہ عمل کو ابھی مزید کئی امتحانات سے گزرنے کے بعد ایک بہترین شکل اختیار کرنا ہے۔ اس موضوع پر پھر کبھی بات کریں۔

شاید کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات

کرونا کو شکست دینے کا انتہائی روایتی طریقہ

ڈاکٹر سمیرا انجم

یادش بخیر! پچھلے چند سالوں میں ان دنوں ہم سب پاکستانی ڈینگی مچھر سے اس قدر خوف زدہ ہوا کرتے تھے کہ اس سے بڑی آفت کا تصور ہی محال تھا۔ اخبارات، نیوز بلیٹن، خواتین کی الوداعی گفتگو ہو یا اپوزیشن کے الزامات کچھ بھی ڈینگی کے ذکر کے بغیر نامکمل تھا۔ لیکن اب کرونا نے ایسی آفت مچائی ہے کہ ڈینگی کا سیزن تو آ گیا ہے مگر ڈینگی کا کوئی اتا پتا نہیں۔ رات جب بہت کوشش کے بعد بھی نیند مہربان ہونے کو تیار تو ہم نے سوچا کہ قوم کہ وسیع تر مفاد میں کھوج لگایا جائے کہ آخر ڈینگی کی کوئی خیر خبر کیوں نہیں آ رہی۔ معمولی سے غور وخوض کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ڈینگی کو شکست فاش دی جا چکی ہے۔ (نام دیکھا ہے۔ ڈینگی ڈینگو۔ جیسے کوئی منہ چڑا رہا ہو۔ مچھر کو اپنا یہ نام پتہ چلے تو شرم سے ہی فوت ہو جائے۔) اور ڈینگی کی اس شکست کا باعث کوئی اور نہیں کالج اساتذہ ہیں۔ باقی محکموں کے بارے میں ہم کچھ نہیں کہہ سکتے لیکن کالج اساتذہ کے بارے میں ہمیں پتہ ہے کہ ان سے ان کی بطور معلم کارکردگی کے حوالے سے کوئی باز پرس ہو نہ ہو ڈینگی کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی نظر انداز نہیں کی جاتی تھی بالخصوص بیالوجی کے پروفیسر۔

کالج پہنچتے ہی کالج میں جاری ڈینگی کے سدباب کے حوالے سے جاری سرگرمیوں کی تصویری روداد اپ لوڈ کرنا بیالوجی کہ پروفیسر کی اولین ذمہ داری شمار ہوتی تھی۔ اگر چند دن مسلسل تصویریں اپ لوڈ نہ ہو تو بڑی سرکار کے دربار میں حاضری یقینی۔ کالج میں جاری نصابی سرگرمیوں کو روک کر ڈینگی کے متعلق سیمینار کا انعقاد ہو، ڈینگ کے متعلق پینا فلیکس آویزاں کرنا ہو یا ڈینگی ڈسک کا قیام۔ ہم نے ان تمام اقدامات کو ہمیشہ خانہ پری ہی سمجھا۔ لیکن آج ڈینگی کی (اپنی) تباہی دیکھ کر اپنے پچھلے تصورات سے رجوع کرنے پر مجبور ہیں۔ لہذا ہم حکومت سے التماس کرتے ہیں کہ اگر وہ واقی کرونا کا رونا نکالنے میں سنجیدہ ہے تو فی الفور کالجز کھولنے کا اعلان کرے۔ ویسے بھی پطرس بہت پہلے کالجز کو طلبا سازی کے کارخانے قرار دے چکے ہیں۔ جہاں اتنا کچھ کھلنے کا اعلان کر دیا گیا ہے وہاں یہ صنعت بھی کھل جائے تو کرونا کی ایسی کی تیسی ہونے میں دیر نہیں لگے گی۔ صبح سویرے پروفیسر حضرات ہاتھوں میں سینیٹائزر لئے طلبا کے منتظر ہوں گے۔

کلاسز کو ڈس انفیکٹ کرنے کی تصویریں 9 بجے سے پہلے اپلوڈ کرنا ہوں گی۔ کالج میں جا بجا کرونا کی کریہہ صورت تصاویر والے پینا فلیکس آویزاں ہوں گے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ طالبات ماسک پہن کر کالج آئیں گی تو بہت سی معاشرتی برائیاں خود بخود ختم ہو جائیں گی اور میرا جسم میری مرضی کا نعرہ لگانے والیوں کو ایسا صدمہ پہنچے گا کہ اگلے سال عورت مارچ کا انعقاد ہی خطرے میں پڑ جائے گا (سوچیں کتنا بڑا فتنہ ختم ہو جائے گا اور ہماری صنف کرخت کو اپنی توانائیاں کہیں اور لگانے کا موقع ملے گا) کرونا کے حوالے سے نصابی سرگرمیاں روک کر سیمینار کا انعقاد کرنا۔ ان تمام کارروائیوں کے بعد کرونا ایسے دم دبا (مجھے بھی لگتا ہے ہونہ ہو کرونا بھی ایک کیڑا ہی ہے جو کئی دوسرے کیڑوں کی طرح ڈھیٹ بنا ہوا ہے) کر بھاگے گا جیسے ڈینگی منہ چھپاتا پھر رہا ہے۔ آپ کو میری یہ باتیں مضحکہ خیز معلوم ہو رہی ہوں گی۔ واللہ ان میں رتی برابر بھی مبالغہ نہیں۔ اگر آپ کو یقین نہ آئے تو میں مزید مثالیں بھی دے سکتی ہوں۔ نیب کو ہی لے لیں نیب نے ملک سے کرپشن کے سدباب کے لئے کالجز میں تقاریر، خاکوں، مصوری، خطاطی وغیرہ کے مقابلوں کے انعقاد کا اہتمام کر رکھا ہے۔ تحصیل اور ضلع کی سطح پر ان مقابلوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔ آج تک آپ نے کسی کالج کے طالب علم کو نیب کی پیشیاں بھگتتے ہوئے نہیں دیکھا ہوگا۔

جس ملک میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر سے لے کر سابق وزیراعظم (سابق ہونا ضروری ہے) تک نیب کی پیشیاں بھگتنے پر مجبور ہوں وہاں طلبا کا مالی (اخلاقی کرپشن کے سدباب کے لئے فی الحال کسی محکمے کے وجود سے میں لاعلم ہوں ورنہ ہمارے عزت مآب نیب کے چیئرمین کی وڈیو منظر عام پر آنے کے بعد ان کا خود زیر تفتیش ہونا لازمی تھا) کرپشن سے پاک ہونا کوئی معجزہ نہیں بلکہ نیب کی جانب سے کروائی جانے والی یہی سرگرمیاں ہیں جو نصابی سرگرمیاں چھوڑ کر کالج کے پروفیسرز حضرات کو منعقد کروانا ہوتی ہیں۔ آپ اب بھی قائل نہیں ہوئے۔ ایک اور مثال حاضر ہے۔ ہم نے آج تک اپنے کالج کی کسی طالبہ کو نشے کا عادی نہیں پایا (دوران لیکچرٹن ہو جانا الگ بات ہے) اب یہ مت کہیے گا کہ ایسے پسماندہ علاقے کی لڑکیاں اگر چائے کے نشے کا شکار ہو جائیں تو بھی بڑی بات ہے۔ نشے کی اس لعنت پر ہم نے کیسے قابو پا رکھا ہے؟ وہی سیمینار، پینا فلیکس تقریریں اور ڈرامے۔ میرا مطلب ہے خاکے اسکٹ وغیرہ۔ ہر مہینے باقاعدگی کے ساتھ نصابی سرگرمیوں کو معطل کر کے ان تمام ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد یقینی بنایا جاتا ہے۔

لہذا اوپر بیان کردہ تمام امثال یہ ظاہر کرتی ہیں کہ حکومت اگر واقعی کرونا کا خاتمہ چاہتی تو فی الفور کالجز کی چھٹیاں منسوخ کر کے مندرجہ بالا سرگرمیوں کا انعقاد یقینی بنائے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ ہم ایک روایتی معاشرہ ہیں۔ یہاں کوئی غیر روایتی سرگرمی (یہی لاک ڈاون وغیرہ) اپنا رنگ نہیں جما سکتی چاہے ہم خود نیلے نہ پڑ جائیں۔

کورونا وائرس نے دنیا بھر میں خوف کی لہر دوڑا دی ہے، لیکن اس کے باوجود تمام تر شواہد سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وائرس اتنا خطرناک نہیں ہے جتنا اس سے پیدا ہونے والا خوف بڑا ہے۔ تاریخ میں آنے والی وبائیں اس سے کہیں زیادہ بھیانک تھیں۔ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ ماضی میں کئی بار ایسا ہوا کہ خوفناک وباؤں نے بڑے پیمانے پر انسانی آبادی کو درہم برہم کر کے رکھ دیا اور ان کے مقابلے پر موجودہ کورونا وائرس کی وبا کی کوئی حیثیت نہیں۔

یہاں ہم ماضی میں پھیلنے والی دس ہولناک ترین وباؤں کا ذکر کر رہے ہیں جنہوں نے دنیا کے بڑے حصوں کو تہس نہس کر کے رکھ دیا۔ سب سے ہلکی وبا پہلے اور سب سے خوفناک آخر میں۔

10 – نیند کی وبا

کل ہلاکتیں: 15 لاکھ

1915 تا 1926 تک بھڑکنے والی اس وبا کا باعث ایک جرثومہ تھا جو دماغ کے اندر جا کر حملہ کرتا ہے۔ اس بیماری کو گردن توڑ بخار کی ایک شکل سمجھا جا سکتا ہے اور اس کے مریض پر شدید غنودگی طاری ہو جاتی ہے۔ مرض کی شدت میں مریض بت کا بت بنا رہ جاتا ہے اور ہل جل بھی نہیں سکتا ہے۔

9 – ایشیائی فلو

ہلاکتیں: 20 لاکھ

1957 تا 58 چین ہی سے ایک فلو اٹھا جس نے دیکھتے ہی دیکھتے دنیا بھر کو لپیٹ میں لے لیا۔ بعض ماہرین کے مطابق اس کا وائرس بطخوں سے انسانوں میں منتقل ہوا تھا۔ اس وبا سے 20 لاکھ کے قریب لوگ مارے گئے، جن میں صرف امریکا میں 70 ہزار ہلاکتیں شامل ہیں۔

8 – ایرانی طاعون

ہلاکتیں: 20 لاکھ سے زیادہ

ویسے تو طاعون کی بیماری وقتاً فوقتاً سر اٹھاتی رہی ہے، لیکن 1772 میں ایران میں ایک ہیبت ناک وبا پھوٹ پڑی۔ اس زمانے میں اس موذی مرض کا کوئی علاج نہیں تھا جس کی وجہ سے اس نے پورے ملک کو لپیٹ میں لے لیا۔

7- کوکولزتلی (2)

ہلاکتیں: 20 لاکھ سے 25 لاکھ

جب ہسپانوی مہم جوؤں نے براعظم امریکا پر دھاوا بولا تو اس سے انسانی تاریخ کے ایک ہولناک المیے نے جنم لیا۔ مقامی آبادی کے جسموں میں یورپی جراثیم کے خلاف کسی قسم کی مدافعت موجود نہیں تھی، اس لیے ان کی بستیوں کی بستیاں تاراج ہو گئیں۔

ایک سانحہ 1576 تا 1580 میں میکسیکو میں پیش آیا جس میں 20 لاکھ سے 25 لاکھ افراد لقمہ اجل بن گئے۔ یہ واضح نہیں ہے کہ اصل بیماری کیا تھی، لیکن مریضوں کو تیز بخار ہوتا تھا، اور بدن کے مختلف حصوں سے خون جاری ہو جاتا تھا۔

6 – انتونین کی وبا

ہلاکتیں: 50 لاکھ سے ایک کروڑ تک

یہ دہشت ناک مرض اس وقت پھیلا جب رومی سلطنت اپنے عروج پر تھی۔ 165 عیسوی سے 180 عیسوی تک جاری رہنے والی اس وبا نے یورپ کے بڑے حصے کو تہہ و بالا کر کے رکھ دیا۔ مشہور حکیم جالینوس اسی دور میں گزرا ہے اور اس نے مرض کی تفصیلات بیان کی ہیں، تاہم یہ واضح نہیں ہو سکا کہ یہ مرض کون سا تھا، اور اس سلسلے میں خسرہ اور چیچک دونوں کا نام لیا جاتا ہے۔

5 – کوکولزتلی (1)

یہ وبا بھی میکسیکو میں آئی تھی، لیکن کوکولزتلی 2 سے تقریباً 30 برس پہلے، اور اس کی وجہ بھی وہی تھی یعنی براعظم امریکا کے مقامی باشندوں میں یورپی جراثیم کے خلاف عدم مدافعت۔ لیکن اس وبا نے دوسری کے مقابلے پر کہیں زیادہ قیامت ڈھائی اور 50 لاکھ سے ڈیڑھ کروڑ لوگوں کو موت کی نیند سلا دیا۔

یہ اعداد و شمار اس لحاظ سے بیحد لرزہ خیز ہیں کہ اس وقت آبادی آج کے مقابلے پر بہت کم تھی اور تصور کیا جا سکتا ہے کہ اس نے کیسے پورے ملک کو بنجر بنا کر رکھ دیا ہوگا۔

کورونا سے پہلے تاریخ کی 10 بھیانک ترین وبائیں



4 – جسٹینین طاعون

ہلاکتیں: ڈھائی کروڑ

541 تا 542 میں آنے والی یہ وبا طاعون کی پہلی بڑی مثال ہے۔ اس وبا نے دو سال کے اندر اندر بازنطینی سلطنت اور اس سے ملحقہ ساسانی سلطنتوں کو سیلاب کی طرح لپیٹ میں لے لیا۔ اس وبا کا اثر اس قدر شدید تھا کہ ماہرین کے مطابق اس نے تاریخ کا دھارا ہی بدل کر رکھ دیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس وبا نے ان سلطنتوں کو اتنا کمزور کر دیا تھا کہ چند عشروں بعد عرب بڑی آسانی سے دونوں کو الٹنے میں کامیاب ہو گئے۔

3- ایڈز/ایچ آئی وی

ہلاکتیں: تین کروڑ

ایڈز نئی بیماری ہے جس کا وائرس مغربی افریقہ میں چمپینزیوں سے انسان میں منتقل ہوا اور پھر وہاں سے بقیہ دنیا میں پھیل گیا۔ اس بیماری نے سب سے زیادہ افریقہ کو متاثر کیا ہے اور حالیہ برسوں میں دنیا بھر میں ہونے والے 60 فیصد سے زیادہ مریضوں کا تعلق زیرِ صحارا افریقہ سے ہے۔



2 – ہسپانوی فلو

ہلاکتیں: دس کروڑ

یہ وبا اس وقت پھیلی جب دنیا ابھی ابھی پہلی عالمی جنگ کی تباہی کے ملبے تلے دبی ہوئی تھی یعنی 1918 تا 1920۔ اس وقت دنیا کی آبادی پونے دو ارب کے قریب تھی، جب کہ ہسپانوی فلو نے تقریباً ہر چوتھے شخص کو متاثر کیا۔

اس وقت جنگ کی صورتِ حال کی وجہ سے یورپ کے بیشتر حصوں میں اس فلو سے ہونے والی ہلاکتوں کو چھپایا گیا، جب کہ اسپین چونکہ جنگ میں شامل نہیں تھا اور وہاں سے بڑی ہلاکتوں کی خبریں آنے کے بعد یہ تاثر ملا جیسے اس بیماری نے خاص طور پر اسپین کو ہدف بنایا ہے۔

عام طور پر فلو بچوں اور بوڑھوں کے لیے زیادہ مہلک ثابت ہوتا ہے، لیکن ہسپانوی فلو نے جوانوں کو خاص طور پر ہلاک کیا۔

1 – سیاہ موت

ہلاکتیں: ساڑھے سات کروڑ تا 20 کروڑ

انسانی تاریخ کبھی اتنے بڑے سانحے سے دوچار نہیں ہوئی۔ 1347 سے 1351 تک طاعون کی اس وبا نے دنیا کو اس قدر متاثر کیا کہ کہا جاتا ہے کہ اگر یہ وبا نہ آئی ہوتی تو آج دنیا کا نقشہ کچھ اور ہوتا۔

ماہرین کے مطابق طاعون کا جرثومہ مشرقی ایشیا سے ہوتا ہوا تجارتی راستوں کے ذریعے مشرقِ وسطیٰ اور پھر یورپ جا پہنچا جہاں وہ 30 فیصد سے 60 فیصد آبادی کو موت کے منہ میں لے گیا۔ تباہی اس قدر بھیانک تھی کہ پورے شہر میں مُردوں کو دفنانے والا کوئی نہیں بچا۔

اس وبا کے اثرات کی وجہ سے تاریخ میں پہلی بار دنیا کی مجموعی آبادی کم ہو گئی اور دوبارہ آبادی کی اس سطح تک پہنچنے کے لیے دنیا کو دو سو سال لگ گئے۔

بونس: 21 ویں صدی کی سب سے مہلک وبا

2013 تا 2016 مغربی افریقہ میں پھیلنے والے ایبولا وائرس سے 11300 افراد ہلاک ہو گئے تھے، اور اس طرح یہ رواں صدی کی اب تک کی سب سے مہلک وبا ہے

☆☆☆☆

قرنطینہ کیا ھے؟

قرنطینہ لفظ اطالوی زبان کے لفظ giorniquaranta سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے چالیس دن۔

ریکارڈ کی گئی انسانی تاریخ میں 3 بار پلیگ (بیکٹیریا) نے لاکھوں انسانوں کو نگل لیا۔ پہلی بار بازنطینی سلطنت کا صفایا 541-AD542 میں کیا۔ پھر آیا یورپ کا بلیک ڈیتھ جو 1348 عیسوی سے شروع ہوا تو 4 سال میں 25 ملین افراد یعنی یورپ کی ایک تہائی سے زیادہ آبادی نگل گیا۔ اس دوران جو تجارتی جہاز شہر وینس کی بندرگاہ پر داخل ہوتے ان پر موجود تاجر اور عملے کے لیے لازم تھا کہ وہ چالیس دن جہاز میں ہی رکے رہیں۔ مقصد شہری آبادی سے دور رکھنا تھا۔ تاکہ اس دوران جس کو پلیگ کا مرض ہے اس کی علامات ظاہر ہو جائیں اور اس کو صحت مندوں سے الگ کر لیا جائے کہ یہ واحد طریقہ تھا باقی انسانوں کو بچانے کا۔

کچھ تہذیبوں تک قرنطینہ کا تصور نہیں پہنچا تھا یا وہ اس پر عمل کرنے پر قادر نہی تھے۔ مثال کے طور پر جب یوروپین 1492 میں امریکا پہنچے جسے وہ امریکہ دریافت کرنا کہتے ہیں تو اپنے ساتھ کئی ایک وائرل بیماریاں لے گئے جن میں خسرہ، چیچک، چکن پاکس وغیرہ شامل ہیں۔ یورپ کے باشندوں کے مدافعتی نظام نے تو ان بیماریوں کو جھیل لیا تھا لیکن بے چارے مقامی امریکیوں کی 90 فیصد آبادی ان بیماریوں سے مر گئی۔ محتاط اندازہ ہے کہ ان بیماریوں سے مرنے والے مقامی امریکیوں کی تعداد 55 سے 60 ملین تھی۔ آج بھی ان کی تعداد کم ہے اور پورے امریکا کی آبادی کا صرف 2 فیصد ہیں۔ اس کی ایک وجہ شاید وائرس سے بچنے کے طریقوں سے ناواقفیت بھی ہو۔

1855 میں تیسرا پلیگ چین اور برصغیر میں پھوٹا جس میں پہلی بار برطانوی فوج نے اس خطے میں باقاعدہ قرنطینہ۔ آئی سولیشن سنٹر۔ نقل و حرکت پر پابندی اور جبری حفظان صحت قوانین نافذ کیے جس کا عوام سے سخت ردعمل آیا لیکن وہی اصول بعد میں برصغیر کے ماڈرن نظام صحت کی بنیاد بنے۔ قرنطینہ انسانی تہذیب جتنا ہی پرانا ہے اس کا تذکرہ صحیفوں میں بھی ہے۔ بنی امیہ کے فرمانروا عبدالملک ابن مروان نے کوڑھ کی وبا کے دوران دمشق میں قرنطینہ بنوایا۔ شہر کو کئی دن کے لیے بند کر دیا اور کوڑھیوں کو صحت مندوں سے الگ کر کے دمشق قرنطینہ میں منتقل کیا۔

آپ کو قرنطینہ کی ضرورت اس لیے ہے کہ یہ تمام ecosystem آپس میں ایک دوسرے سے مسلسل برسرِ پیکار ہے۔ انسان کو افزائشِ نسل کے لیے موافق ماحول درکار ہے اسی طرح وائرس، بیکٹیریا کو زندہ رہنے اور افزائشِ نسل کے لیے حیات (نباتات، حیوان، انسان) کی بطور میزبان ضرورت ہے۔ وائرس بہت چھوٹا ہوتا ہے اس لیے وہ چاہے تو بیکٹیریا کو میزبان منتخب کرے چاہے انسان کو۔ ننھا سا structure ہے اور اس کا کام ہے انسانی خلیے (cell) کی دیوار توڑ کر اپنا جینیاتی مسالہ اندر ڈال کر اس کی کیمیائی مشنری استعمال کر کے مزید وائرس پیدا کرنا المختصر انسانی خلیے کو تباہ کرنا۔

انسانی جسم وائرس سے اس جنگ میں اپنا مدافعتی نظام (Antibodies cells.T۔ وغیرہ) استعمال کرتا ہے جو وائرس کو detect کر کے مختلف طریقوں سے قابو کرتی ہیں۔

اگر وائرس یہ جنگ جیت جائے تو انسان مر جاتا ہے۔ انسان جیت جائے تو وائرس پر قابو پا لیتا ہے۔ اس سارے عمل میں وائرس اپنی علامات ظاہر کرنے میں وقت لیتا ہے۔ covid-19 کی صورت میں یہ وقت 5 سے لے کر 14 دن تک ہے۔ اس کے لیے کم از کم 14 دن سارے شہر کو اپنے اپنے گھر کو ہی قرنطینہ بنا کر رہنا ضروری ہے۔ 14 دن بعد صحت مند کو بیمار سے الگ کر کے علاج کے ذریعے بہتر کیا جا سکے گا۔ جسے بیماری سے لڑنا ہے اسے بھی طبی قرنطینہ میں رکھا جائے گا جہاں طبی امداد میسر ہوتا کہ وائرس سے اس جنگ میں باقی انسان اور خود مریض کا اپنا مدافعتی نظام اس کی مدد کر سکے۔ قرنطینہ میں رہنا ضروری ہے یہ بقائے نسل انسانی کا سوال ہے۔ قرنطینہ ناہی قید ہے نا کسی بیرونی سازش کا نتیجہ ناہی چھٹیاں گزارنے کا بہانہ۔

انسانی تاریخ سے سیکھے گئے سبق میں یہ ہی واحد طریقہ ہے انسانی جسم میں داخل ہونے والے ان جانے وائرس سے لڑنے کا۔ کرونا وائرس کے بارے میں ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا لیکن اس کی تباہی پلیگ یا تاریخ انسانی میں مختلف وائرس کے ہاتھوں آئی تباہی سے بہت کم ہوگی۔ اس کی ویکسین بھی جلد بدیر جان لیوا وائرس سے بچاؤ کے لیے مارکیٹ میں آ جائے گی۔ لیکن تب تک اس سے بچنے کا واحد طریقہ وہی ہے جو ہزاروں سال کے انسانی تجربوں نے سکھایا۔۔ قرنطینہ اور مکمل تنہائی کچھ دن تک۔ جب تک مریضوں کو صحت مندوں سے الگ نہ کر لیا جائے۔

دیکھو مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو
میری سنو جو گوشِ نصیحت نیوش ہو

4 TIME WINNER OF SPEEDTEST AWARDS By OOKLA
4G SPEEDS

ڈاکٹر مبشر حسن کی سیاست، نظریات اور تضادات

عامر ریاض

برٹش پنجاب کے تاریخی شہر پانی پت میں 22 جنوری 1922ء کو پیدا ہونے والے ڈاکٹر مبشر حسن کا شمار ان سیاسی دانشوروں میں ہوتا ہے جنہوں نے 74 سالہ پاکستان کو بنتے، ٹوٹتے، برطانیہ کی گود سے امریکہ کی سرپرستیوں اور چین کی قربت میں جاتے ہی نہیں دیکھا بلکہ آمریتوں اور جمہوریتوں کے گواہ بھی تھے اور صاحبانِ اقتدار و مقتدر قوتوں سے رابطے میں بھی رہتے تھے۔

ان کے والد منور حسن کا خاندان 800 سال قبل عراق سے آیا تھا اور وہ ایک سرکاری ملازم تھے جن کے 2 بیٹے اور 3 بیٹیاں تھیں۔ 1940ء کی دہائی میں جب وہ پنجاب یونیورسٹی سے بی ایس سی سول انجینئرنگ کر رہے تھے تو انہوں نے قائدِ اعظم اور تحریکِ پاکستان کا لاہور اور جالندھر میں سرسری مشاہدہ کیا تھا کہ پھر قیامِ پاکستان کے بعد مبشر امریکا چلے گئے تھے۔

امریکا کی لوا اسٹیٹ یونیورسٹی سے ہائیڈرولک انجینئرنگ میں ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی کرنے کے بعد مبشر لاہور کی انجینئرنگ یونیورسٹی میں استاد مقرر ہوئے۔ پاکستانی سپریم کورٹ کے بنگالی جج جسٹس عبدالرحیم کے سفارت کار بیٹے جلال الدین عبدالرحیم المعروف جے اے رحیم سے ان کی یاد اللہ کام آئی اور ٹیکنوکریٹ مبشر، بھٹو کے وسیلہ سے سیاست کے اسیر ہوئے۔ بھٹو نے جنرل ایوب کی وزارتِ خارجہ کو عین معاہدہ تاشقند کے وقت ٹھکرایا تھا کیونکہ معاہدے میں مسئلہ کشمیر کو نظر انداز کیا گیا تھا۔ بھٹو کی اس جرآت رندانہ کو عوامی اور دانشورانہ سطح پر سراہا گیا تھا کہ نہ صرف بابائے سوشلزم شیخ رشید، شیخ رفیق، طفیل عباس، محمود علی قصوری، ملک معراج خالد جیسے کئی پکے سیاسی رہنما بھی بھٹو سے جا جڑے بلکہ مبشر حسن، جے اے رحیم، جنرل (ر) اکبر جیسے عوامی سیاست کے علمبردار ماہرین بھی بھٹو کے ہم رکاب ہوئے۔

نومبر 1967ء کو لاہور کے 4 مزنگ روڈ پر پیپلز پارٹی بنانے کا فیصلہ ہوا مگر جب پارٹی کے تاسیسی اجلاس کے لیے کوئی ہال نہ ملا تو گلبرگ کے جس گھر میں 30 نومبر اور یکم دسمبر کو پارٹی کا 2 روزہ تاسیسی کنونشن ہوا وہ ڈاکٹر مبشر حسن کی کوٹھی تھی۔ سندھ کو چھوڑ کر بھٹو نے پنجاب کے دل لاہور میں آ کر کیوں پارٹی بنائی یہ بات باوجوہ ڈاکٹر صاحب تادمِ مرگ لکھ نہ سکے۔ پیپلز پارٹی ان کا پہلا پیار تھا کہ اس کے بعد انہوں نے جتنے بھی پیار کیے وہ انہیں راس نہ آئے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کا تاسیسی اجلاس

پیپلز پارٹی پنجاب ہی کی پارٹی تھی۔ اس ابتدائی موقع پر شیخ رشید پنجاب کے صدر بنے اور ڈاکٹر مبشر فنانس سیکرٹری تھے۔ مگر وہ چند ماہ بعد اس ذمہ داری سے سبکدوش ہو گئے۔ بعد ازاں وہ پارٹی کے لاہور کے صدر بنے۔ شیخ رشید نے اپنی سوانح جہد مسلسل میں 29 مارچ 1970ء کو منعقد ہونے والے پنجاب ورکرز کنونشن کا ذکر کیا ہے جس میں پنجاب بھر سے 700 سے زائد جیالوں نے شرکت کی اور پارٹی قیادت سے سفارش کی کہ پارٹی میں کسی بڑے زمیندار، جاگیردار اور سیٹھ کو شامل نہ کیا جائے۔ کھر اور حنیف رامے کے ساتھ ساتھ اس قرارداد کی مخالفت کرنے والوں میں ڈاکٹر صاحب بھی شامل تھے۔ تاہم 1970ء کے الیکشن میں سندھ کے برعکس پنجاب میں بہت کم جاگیرداروں کو پارٹی ٹکٹ ملا جس کے نتیجے میں پیپلز پارٹی کو پنجاب میں فقید المثال کامیابی ملی اور 20 دسمبر 1971ء کو بھٹو صاحب کو اقتدار مل گیا۔

ڈاکٹر مبشر اس پہلی عوامی حکومت کے وزیرِ خزانہ بنے۔ بطور وزیرِ خزانہ انہوں نے صنعتوں، تعلیمی اداروں، بینکوں، کمپنیوں اور چھوٹے بڑے صنعتی یونٹوں کو قومیانے جیسے اہم مگر متنازعہ فیصلے کیے۔ مگر ان فیصلوں کا متوازن تجزیہ ڈاکٹر صاحب نہیں کر سکے۔ 1974ء میں وہ وزارت سے مستعفی ہوئے اور پارٹی کے جنرل سیکرٹری بن گئے۔ تاہم پارٹی کی تنظیمِ نو کا سوال تشنہ ہی رہا۔ بقول شیخ رشید قومی اتحاد کی تحریک کے دوران بھٹو صاحب کے اسرار کے باوجود ڈاکٹر مبشر نے سیکرٹری جنرل کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا کہ جب پارٹی پر آزمائش کا وقت تھا۔

ڈاکٹر صاحب نے بہت سی کتب لکھیں اور ان کے لاتعداد انٹرویوز اور بیانات ریکارڈ کا حصہ ہیں مگر ان میں بھی کئی سوالات کے جوابات نہیں ہیں۔ بھٹو اور بھٹو دور سے متعلق انہوں نے بہت سی باتیں کیں جن سے اختلاف کیا جا سکتا ہے مگر یہ تنقید بالعموم بعد کی سوچ یا آفٹر تھاٹ کے زمرے میں آتی ہے۔ وہ بے نظیر بھٹو کے ناقدین میں شامل تھے اور ان کا اسرار تھا کہ بے نظیر نے بھٹو کی پارٹی کو یکسر بدل ڈالا ہے۔ تاہم بے نظیر کا یہ کہنا تھا کہ انہوں نے پارٹی کی روح کو برقرار رکھتے ہوئے ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھا ہے۔ 1900 کی دہائی کے وسط میں سرد جنگ کے خاتمے کے بعد گجرال فارمولے اور اقبال احمد کے وسیلے سے ڈاکٹر مبشر باوجوہ پاک انڈیا دوستی کے سفیر بنے اور بہت سے دوستوں کے ہمراہ پاک انڈیا پیپلز فورم کی بنیاد رکھی۔

ایک دن وہ گورنمنٹ کالج کے سامنے گول باغ میں چوپال کے ہفتہ وار سیشن میں تشریف لائے اور پاک انڈیا دوستی پر بات کی۔ میں نے ان سے پوچھا کہ ایک زمانے میں آپ بھارت کے ساتھ ہزار سالہ جنگ کے نقیب تھے اور آج امن کے داعی تو کیا آپ کل غلط تھے؟ اس پر انہوں نے کہا کہ جنگ کی باتیں اس دور میں ٹھیک تھیں اور امن کی باتیں آج درست ہیں۔ پیپلز پارٹی چھوڑنے کے بعد ڈاکٹر صاحب میر مرتضیٰ بھٹو کی غیر سیاسی بیوہ غنوی بھٹو کی پارٹی پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو میں چلے گئے مگر یہ پارٹی باوجوہ پیپلز پارٹی کا متبادل نہیں بن سکی۔

مشرف دور میں ڈاکٹر صاحب متنازعہ چناب فارمولے کے اسیر ہوئے جس پر کشمیری راضی نہیں تھے۔ وہ مقامی حکومتوں کے بندوبست کے قائل تھے مگر یہ تجزیہ نہ کر سکے کہ ایوب سے مشرف تک ہر آمر مقامی حکومتوں کے نظام کو محض اپنے مفادات کے تحت ہی استعمال کرنا چاہتا تھا کہ جس کی بدترین مثال مشرف دور کا بلدیاتی نظام تھا جسے چھاونیوں سے دیس نکالا دیا ہوا تھا۔ ان کی ایمانداری اور خلوص پر 2 رائے نہ بھی ہو مگر ان کی سیاست اور سیاسی خیالات پر تادیر بحث رہے گی۔ 14 مارچ کو پنجابی کیلنڈر کے پہلے مہینے چیتر کی پہلی تاریخ تھی اور ہم دوست پنجاب کلچر ڈے منانے لاہور پریس کلب جا رہے تھے کہ ڈاکٹر مبشر حسن کی وفات کی خبر آئی۔



وہ 98 برس کی عمر میں راہی ملک عدم ہوئے مگر ان کی تحریریں، بیانات اور انٹرویوز پاکستان کی سیاسی تاریخ میں دلچسپیاں لینے والوں کو تادیر ستاتی رہیں گی۔



افغانستان کا مستقبل، امریکی عزائم اور پاکستان کیلئے امکانات

آصف شاہد

کابل کے صدارتی محل میں امریکی نمائندہ خصوصی اور نیٹو ملکوں کے سفیروں اور فوجی حکام کی موجودگی میں افغان صدر اشرف غنی پیر کو ایک اور مدتِ صدارت کے لیے حلف اٹھا رہے تھے تو اچانک دارالحکومت کی فضا دھماکوں سے گونج اٹھی۔ صدر اشرف غنی نے دھماکوں کی آواز سنائی دینے پر اپنی جیکٹ کھول کر دکھائی اور کہا کہ اس جیکٹ کے نیچے کوئی حفاظتی شیلڈ نہیں، صرف لباس ہے، افغان عوام کے لیے یہ قربانی ہے، ان کا لیڈر بھی ملک کے لیے قربانی دینے کو تیار ہے۔

دوسری طرف اشرف غنی کے ساتھ اقتدار میں شریک رہنے کے بعد ان کے مدمقابل الیکشن میں حصہ لینے والے عبداللہ عبداللہ نے انتخابی نتائج کو تسلیم نہ کرتے ہوئے جلسہ عام میں ملک کی صدارت کا حلف اٹھایا اور کہا کہ اگر وہ اشرف غنی کی انتخابی جیت کو مان لیں تو ملک میں جمہوریت کا خاتمہ ہوجائے گا۔ عبداللہ عبداللہ نے سیاسی ڈیڈلاک کے خاتمے کے لیے دوبارہ مذاکرات کا بھی مطالبہ کیا۔ یہاں یہ بات یاد رہے کہ ایک ہی ملک میں 2 صدور اور حلف کی 2 تقریبات امریکا کی طرف سے سیاسی ڈیڈلاک توڑنے کی بھرپور کوششوں کے باوجود ہوئیں اور دونوں لیڈروں نے خود کو ملک کا منتخب صدر قرار دیا اور ایک دوسرے کو تقریبِ حلف برداری میں شرکت کے دعوت نامے بھی بھجوائے۔

دونوں لیڈران کو رات بھر امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد سمجھانے کی کوشش کرتے رہے۔ ایک بار یہ اطلاع بھی آئی کہ عبداللہ نے تقریبِ حلف برداری ملتوی کردی ہے اور اشرف غنی کے ساتھ زلمے خلیل زاد کی ملاقات جاری ہے یعنی ڈیڈلاک ٹوٹ سکتا ہے لیکن پھر دونوں نے حلف کی تقریب سجالی، لیکن امریکی نمائندہ خصوصی نے اشرف غنی کی تقریب میں شریک ہوکر انہیں سند اقتدار سونپ دی۔ قوم کا غم کھانے اور قربانی کا دعویٰ کرنے والے ان لیڈران کے لیے عوام نے الیکشن میں زیادہ گرمجوشی نہیں دکھائی تھی اور ووٹنگ کی شرح بہت کم رہی، اور پھر جب گنتی اور نتائج میں تاخیر ہوئی تو انتخابی فراڈ کے الزامات لگائے گئے۔

ستمبر میں ہونے والے الیکشن کے تقریباً 6 ماہ بعد بھی فریقین کوئی سیاسی حل نکالنے میں ناکام رہے۔ حلف برداری سے پہلے رات بھر ہونے والے مذاکرات میں اشرف غنی نے عبداللہ عبداللہ کو کابینہ میں 40 فیصد وزارتوں اور امن مذاکرات کی نگرانی دینے کی پیشکش کی لیکن عبداللہ عبداللہ حکومت میں براہِ راست اپنے اختیار کی بات پر اڑے رہے۔ یوں قربانی دینے والوں نے کابل میں سیاسی اختلاف کی سنگینی کو بڑھاوا دینے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ یہ منظرنامہ امریکا اور افغان طالبان کے درمیان دوحہ میں امن معاہدے پر دستخط کے بعد کا ہے۔ اس معاہدے کے بعد جہاں امن کی امید جاگی تھی وہیں اس طرح کے اختلافات کا خدشہ بھی موجود تھا۔

یہاں یہ بات بھی یاد رہے کہ اشرف غنی کی تقریبِ حلف برداری میں شامل ہوکر اسے سندِ عطا کرنے والے امریکی حکام نے دوحہ معاہدے سے اشرف غنی کو باہر رکھا تھا۔ دودھ سے مکھی کی طرح نکالے جانے کے طعنوں پر آپے سے باہر ہوئے اشرف غنی نے دوحہ معاہدے کے تحت 5 ہزار طالبان قیدیوں کو رہا کرنے سے انکار کرکے امن معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی پہلی کوشش کی۔ اشرف غنی اس کوشش میں کچھ کامیاب بھی نظر آئے کیونکہ طالبان نے کئی افغان شہروں میں سرکاری فورسز کو نشانہ بنایا اور امریکا ان فورسز کو بچانے کے لیے ڈرونز کو متحرک کرنے پر مجبور ہوا، یوں طالبان ٹھکانے میزائلوں کی زد میں آگئے۔ ابتدائی جھڑپوں سے لگا دوبارہ مکمل جنگ چھڑنے کو ہے لیکن پھر دونوں طرف سے فائر فائٹنگ کی کوشش ہوئی۔ معاہدے پر دستخط کے فوری بعد چھڑنے والی لڑائی پر امریکی سیکرٹری دفاع مارک ایسپر نے سینیٹ میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ افغان طالبان امریکی فورسز پر حملے نہ کرکے معاہدے کی پاسداری کر رہے ہیں تاہم تشدد میں کمی کی شرط پوری نہیں کی جارہی۔

افغان طالبان کے تمام لوگوں کو آن بورڈ رکھنا ایک چیلنج ہے۔ اس گروپ میں سخت گیر بھی ہیں اور لچک رکھنے والے بھی ہیں۔ میرے خیال میں طالبان کے یہ دو دھڑے بھی ایک دوسرے کے ساتھ کشمکش میں ہیں۔ افغان اتحادیوں کے دفاع کی ذمہ داری نبھاتے رہیں گے۔ فائر فائٹنگ کی کوشش رنگ لائی اور تشدد میں کمی آگئی۔ اب اشرف غنی اور عبداللہ عبداللہ کی طرف سے بیک وقت ملک کی صدارت کا دعویٰ کھڑا ہوگیا ہے۔ بین الافغان مذاکرات میں افغان طالبان ایک فریق ہیں، باقی افغانستان کی نمائندگی کے لیے وفد میں کون کون شامل ہوگا اور وہ کس بنیاد پر نمائندہ ہوگا؟ یہ ایک بڑا جھگڑا ہے جسے طے کرنے کے بعد ہی بین الافغان مذاکرات شروع ہوں گے۔ ان مذاکرات میں یہ ایک بڑی رکاوٹ ہے جسے امریکا بھی سمجھتا ہے۔

اگر بین الافغان مذاکرات ناکام رہتے ہیں تو افغانستان ایک اور خانہ جنگی کی طرف جاسکتا ہے۔ امریکا اور طالبان کے درمیان معاہدے سے یوں لگتا ہے کہ امریکا کو افغانستان میں کسی نئی خانہ جنگی کی کوئی زیادہ پروا نہیں اور امریکی صدر صرف اور صرف امریکی ووٹروں پر توجہ دیے ہوئے ہیں۔ امریکی صدر نے مستقبل میں افغانستان پر طالبان کی حکومت بننے کے امکانات کا بیان دے کر خفیہ دستاویز اور اس کے مندرجات کی تصدیق کی ہے۔ اگر بین الافغان مذاکرات کامیاب نہیں ہوتے اور طالبان افغانستان میں امارتِ اسلامیہ کی تشکیل کی کوشش میں جنگ جیت لیتے ہیں تو اس خانہ جنگی میں علاقائی طاقتیں بھی دخل اندازی کریں گی یوں افغانستان ایک بار پھر علاقائی کشمکش کا گڑھ بن جائے گا۔

ایران کے وزیرِ خارجہ پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ امریکا اور طالبان کے معاہدے کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، امریکا کو افغان عوام کے مستقبل کے تعین کا حق نہیں۔ بھارت پہلے ہی اس معاہدے میں باہر رکھے جانے پر پریشان ہے اور اشرف غنی انتظامیہ کو مدد کے وعدے کر رہا ہے۔ اس خانہ جنگی کی صورت میں پاکستان اپنے مغربی بارڈر پر ہونے والی کشمکش سے متاثر ہوگا۔ پاکستان کو ان حالات کا مکمل ادراک ہے اسی لیے معاہدے پر دستخط کی تقریب سے پہلے وزیرِ خارجہ شاہ محمود نے کہا کہ پاکستان افغانستان سے امریکا کا ذمہ دارانہ انخلا چاہتا ہے۔ وزیرِ خارجہ کے بیان میں سوویت انخلا کے بعد امریکیوں کی بے اعتنائی کی طرف اشارہ تھا۔

دوحہ معاہدے کے بعد اشرف غنی، امریکی سیکرٹری دفاع مارک ایسپر اور نیٹو کے سیکرٹری جنرل نے امن عمل پر افغان امریکا مشترکہ اعلامیہ جاری کیا، جس میں کہا گیا کہ امریکا افغانستان اور پاکستان کے درمیان ایک دوسرے کی زمین ایک دوسرے کے خلاف استعمال نہ ہونے کے لیے معاہدوں میں سہولت کاری کا کام کرے گا۔ اس پر پاکستان کا ردِعمل واضح تھا کہ افغانستان کسی بھی معاہدے کے لیے براہِ راست بات کرے، امریکا افغانستان سے انخلا کی تیاری کر رہا ہے جبکہ افغانستان اور پاکستان نے ہمیشہ ایک دوسرے کا ہمسایہ رہنا ہے۔ امریکا اور افغان طالبان کے درمیان جو معاہدہ سامنے آیا ہے یہ اصل معاہدے کا محض ایک حصہ ہے جو دنیا کو دکھانے کے لیے ہے، اس معاہدے کا ایک بڑا حصہ خفیہ ہے جو شاید کبھی بھی سامنے نہیں آسکے۔ امریکی کانگریس کے ارکان بھی ان خفیہ دستاویزات پر تحفظات کا اظہار کررہے ہیں۔

افغان طالبان کے ترجمان سہیل شاہین نے کسی بھی خفیہ دستاویز کی تردید کی لیکن پھر امریکی عہدیداروں کی طرف سے تصدیق کے بعد انہیں بھی ماننا ہی پڑا۔ امریکی سیکرٹری دفاع مارک ایسپر سے سوال کیا گیا کہ 4 صفحات پر مشتمل معاہدے میں تشدد میں کمی کے الفاظ موجود نہیں، اس پر مارک ایسپر نے کہا کہ یہ الفاظ شاید اس معاہدے کے ساتھ ضمنی دستاویزات میں موجود ہیں۔ مارک ایسپر نے اس طرح خفیہ دستاویزات کا اعتراف کیا۔ امریکی صدر کے کانگریس میں سب سے بڑے حمایتی سینیٹر لنزے گراہم اور رکن کانگریس لز چینی نے بھی ان خفیہ دستاویزات پر تحفظات کے اظہار سے گریز نہیں کیا۔ خاتون رکن کانگریس لز چینی نے کانگریس میں سماعت کے دوران کہا کہ یہ خفیہ دستاویزات افغان طالبان نے دیکھی ہیں اور میرے خیال میں امریکی عوام بھی یہ جاننے کا پورا حق رکھتے ہیں کہ ٹرمپ انتظامیہ نے افغان طالبان کے ساتھ ان جنگوں کے خاتمے کی طرف پہلے قدم کے طور پر دیکھ رہے ہیں اور نومبر کے الیکشن میں ایک انتخابی وعدہ پورا کرکے دوسری مدت صدارت کے متمنی ہیں۔ امریکی صدر کے عزائم کا اندازہ سیکرٹری دفاع مارک ایسپر کی طرف سے 10 مارچ سے انخلا کے اعلان سے ہوتا ہے۔ امریکا 3 ماہ میں فوج کی تعداد 14 ہزار سے کم کرکے ساڑھے 8 ہزار کردے گا۔



امریکا اور طالبان کے مابین خفیہ معاہدے کے بارے میں ایک خیال یہ بھی ہے کہ مکمل انخلا نہیں ہوگا بلکہ امریکا انسدادِ دہشت گردی آپریشن کے لیے دستے تعینات رکھے گا۔ یہ دستے داعش کے خلاف کارروائیوں کے ذمہ دار ہوں گے، یوں 19 سال کی جنگ کے بعد امریکا اور طالبان دوست یا اتحادی کا درجہ اختیار کرلیں گے۔ معاہدے کے ابتدائی مرحلے میں افغان طالبان اپنے زیرِ قبضہ علاقوں سے امریکی اور غیر ملکی افواج پر داعش کے حملوں کو روکنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ معاہدے میں فریق امریکا اور 'امارتِ اسلامیہ' ہیں۔ معاہدے میں امارتِ اسلامیہ کا لفظ لکھنے کے ساتھ بظاہر یہ وضاحت شامل ہے کہ امریکا اس سے متفق نہیں لیکن معاہدہ اسی فریق کے ساتھ ہوا ہے یوں امریکا نے طالبان کی حکومت تسلیم کی ہے جو افغان دھڑوں اور باقی دنیا کے لیے ایک بڑا مسئلہ ہے۔

امریکی سیاستدان اور ڈیموکریٹ پارٹی کے صدارتی امیدوار جب افغانستان سے انخلا کی بات کرتے ہیں تو لڑاکا دستوں کی واپسی کی بات کرتے ہیں۔ لڑاکا دستے فوج کی اصطلاح نہیں بلکہ سیاسی اصطلاح ہے، اور سفارت خانوں میں تعینات سی آئی اے کے آپریٹوز، فوجی ٹرینرز، ایڈوائزرز، انٹیلی جنس رابطہ کار، ایئر اسٹرائیک فارورڈ آبزرورز، ڈرون آپریٹرز، لاجسٹک عملہ اس اصطلاح کے دائرے میں آتے ہیں، لیکن ہاں اسپیشل فورسز ان لڑاکا دستوں میں شامل نہیں ہوتے۔

سابق فوجیوں کے گروپ کامن ڈیفنس نے پچھلے سال امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف جنگوں کے خاتمے کے لیے ایک کانفرنس بلائی اور جنگیں ختم کرنے اور فوجی واپس بلانے کے وعدے کا ایک مسودہ بنایا جس پر ڈیموکریٹ صدارتی امیدواروں میں سے صرف 2 نے دستخط کیے اور ان 2 میں سے بھی ایک خاتون امیدوار الزبتھ وارن مقابلے سے باہر ہوچکی ہیں اور دوسرے امیدوار برنی سینڈرز ہیں جو اب تک دوڑ میں شامل ہیں جبکہ باقی ڈیموکریٹ امیدوار اس پر دستخط سے گریز کی پالیسی پر عمل پیرا رہے۔ اس پوری صورتحال سے امریکی سیاست دانوں میں جنگوں کے خاتمے کے کمزور عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ پھر عہدنامے پر دستخط کرنے والے امیدوار بھی فوج کی واپسی سے متعلق کوئی واضح روڈ میپ دینے میں ناکام رہے۔

افغانستان سے فوجی انخلا کے لیے نہ صرف واشنگٹن میں سیاسی عزم کمزور ہے بلکہ پینٹاگون اور امریکی اسٹیبلشمنٹ بھی مکمل انخلا کے حق میں نہیں۔ امریکا کو افغانستان میں موجود اڈے چین، روس اور ایران پر دباؤ برقرار رکھنے کے لیے ہر صورت میں درکار ہیں۔ پینٹاگون طالبان سے معاہدے کے بعد سپر پاور مقابلے کے لیے تیاری کررہا ہے، اور اگر امریکا افغان فوجی اڈے خالی کردیتا ہے تو سپر پاور مقابلے میں اہم اسٹریٹیجک پوزیشن کھوسکتا ہے۔ پھر اگر امریکا فوجی دستے واپس بلا بھی لیتا ہے تو کنٹریکٹرز واپس بلانے کی گارنٹی کہیں بھی نہیں لکھی۔

اس بات کی تصدیق یوں بھی ہوتی ہے کہ امریکا نے افغانستان سے فوجی انخلا سے پہلے اسپیشل آپریشنز فورسز نیٹ ورک کی تیاری شروع کردی ہے۔ امریکا 14 ہزار فوجیوں کو کم کرکے ساڑھے 8 ہزار تک لارہا ہے لیکن اس نیٹ ورک کے لیے کتنے اہلکار تعینات ہوں گے یہ ابھی واضح نہیں کیا گیا۔ امریکی جرنیل افغانستان سے انخلا کی صورت میں 3 سے 5 ہزار اہلکاروں پر مشتمل انسدادِ دہشت گردی فورس کی تجویز دیتے آئے ہیں۔ امریکی عہدیدار نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر میڈیا سے یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ 14 ماہ میں انخلا ایک عزم ہے یہ حتمی وقت نہیں۔ امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد میوخ سیکیورٹی کانفرنس میں واضح کرچکے ہیں کہ ساڑھے 3 ہزار فوجیوں کا انخلا 135 دنوں میں ہونا ہے، اگر ان دنوں میں تشدد میں واضح کمی نہ آئی تو فوجی انخلا رک بھی سکتا ہے۔ خلیل زاد کی یہ وضاحت منظرِ عام پر آنے والے معاہدے میں موجود نہیں بلکہ ممکنہ طور پر خفیہ دستاویز کا حصہ ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جو معاہدہ کیا ہے وہ ایک جوا ہے۔ اگر ٹرمپ دوبارہ صدر بن گئے تو اس معاہدے پر عمل کی کوشش کرسکتے ہیں لیکن اگر وہ اس جوئے میں ناکام رہے تو جیت کر آنے والا نیا صدر اس ڈیل پر نظرِ ثانی کرسکتا ہے۔

اگر امن معاہدہ کسی بھی موقع پر ناکام ہوتا ہے تو طالبان افغان فورسز پر حملوں میں تیزی لائیں گے اور افغان فورسز امریکا کی مدد کے بغیر دفاع کے قابل نہیں۔ ان حالات میں افغان فورسز مکمل ناکامی کی صورت میں تتر بتر ہوسکتی ہیں اور تاجک اور دیگر نسلی گروپ دوبارہ خانہ جنگی کا حصہ بن سکتے ہیں اور افغان طالبان یکطرفہ طور پر امارتِ اسلامیہ کے قیام کا اعلان کرسکتے ہیں۔ اس صورت میں کانگریس میں دونوں جماعتیں امریکی انخلا کے خلاف قرارداد یا بل منظور کرسکتی ہیں اور امریکی صدر ٹرمپ حقیقی امن تک فوجی انخلا روکنے کا اعلان کرسکتے ہیں۔ یہ تمام امکانات امریکی، پاکستانی اور دیگر بین الاقوامی قیادت کی نظروں سے اوجھل ہرگز نہیں ہوں گے۔ ان امکانات کو مدِنظر رکھتے ہوئے پاکستان کو امن عمل میں پہلے سے زیادہ سرگرم کردار ادا کرنا پڑے گا تاکہ مغربی سرحد پر حالات دوبارہ خراب ہونے سے روکے جاسکیں اور مہاجرین کا نیا ریلا مسائل کے نئے انبار کے ساتھ پاکستان میں داخل نہ ہو۔

اس سرگرم کردار کے لیے پاکستان کو امریکا اور دیگر طاقتیں رعایتیں دینے پر مجبور ہوں گی۔ امریکا میں یہ بات زیرِ بحث ہے کہ پاکستان کو اس کردار کے بدلے آزاد تجارتی معاہدے کی پیشکش کی جائے۔ امریکی صدر بھی بار بار پاکستان کے ساتھ تجارت بڑھانے کی بات کرکے اسی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ لیکن یہ سب پاکستانی حکام پر منحصر ہے کہ وہ علاقائی اور بین الاقوامی مفادات کے حصول کے لیے اس موقع کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ اگر پاکستان نے اپنے پتے درست طریقے سے کھیلے تو امریکا مارچ میں ساڑھے 3 ہزار فوجیوں کے انخلا تک پاکستان کو آزاد تجارتی معاہدے سمیت کئی رعایتوں کی پیشکش کرسکتا ہے۔

پی ٹی سی ایل کی 700 تنصیبات سولر سسٹم پر منتقل کر دیں: راشد خان

پی ٹی سی ایل نے اپنی مارکیٹ لیڈر شپ کو برقرار رکھتے ہوئے آئی پی بینڈ وڈتھ بزنس میں مزید اضافہ کیا، اس توسیع نے Satellite کی ترقی کیساتھ ملکر پی ٹی سی ایل کو cellular,LDI and local loop operators کو واحد بینڈ وڈتھ فراہم کرنے والا ادارہ بنا دیا

ملازمین کی صلاحیتوں میں اضافہ، تعلیم اور مدبرانہ قیادت کے فروغ کیلئے نئے پروگرامز کا آغاز کیا: سی ای او پی ٹی سی ایل

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ کے صدر اور سی ای او راشد خان نے کہا ہے کہ کلین اینڈ گرین پاکستان مہم کے لیے جدید سولر پلانٹ سسٹم نصب کرنے کا جامع منصوبہ شروع کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کے تحت بچت اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے پاکستان بھر میں پی ٹی سی ایل کی 700 سے زائد تنصیبات کو سولر سسٹم پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک آرٹ نمائش کا انعقاد کیا گیا، بریسٹ کینسر کے حوالے سے اس موذی مرض کے متعلق غلط فہمیوں کو کامیابی کی ساتھ زائل کیا گیا، نوجوانوں اور پیشہ ور افراد کے درمیان خلا کو پر کرنے کیلئے پروگرامز شروع کیے گئے، صنعتی شعبے کے ماہرین کے براہ راست تجربات اور کامیابیوں کو حاصل کرنے کیلئے پی ٹی سی ایل نے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔

راشد خان نے کہا کہ پی ٹی سی ایل نے ملازمین کی استعداد کار میں اضافے، تعلیم کی فراہمی اور مدبرانہ قیادت کے فروغ کیلئے نئے پروگرامز کا آغاز کیا، انہوں نے کہا کہ غیر ملکی زرمبادلہ پر مبنی اثاثوں پر ملنے والے منافع سے سرمایہ کاری پر زیادہ آمدنی حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے ملک کی معروف ٹیلی کام اور آئی سی ٹی خدمات فراہم کرنے والی کمپنی پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی نتائج کا اعلان کیا، پی ٹی سی ایل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 5% حتمی نقد منافع کا اعلان کیا ہے یعنی Re 0.50 فی حصص جو کہ عبوری نقد منافع یعنی Re 0.50 فی حصص کے علاوہ ہے، اس سال کا کل منافع 10% یعنی کہ Re 1.00 فی حصص ہے۔ پی ٹی سی ایل گروپ کی آمدنی 2.1% YoY بڑھنے سے 129.5 ارب روپے ہوگئی۔ گروپ کی تمام کمپنیوں نے ترقی کی رفتار میں اپنا مثبت کردار ادا کیا۔ یوفون نے ترقی کی رفتار برقرار رکھتے ہوئے سال 2019 میں 23 ملین سبسکرائبرز کی حد عبور کر کے اپنے مارکیٹ شیئر میں بہتری حاصل کی۔ یو بینک جو پی ٹی سی ایل کا مائیکرو فنانس بینکنگ کا ذیلی ادارہ ہے نے گزشتہ سال کے مقابلے میں 2.4 ارب روپے رہا۔ ندیم خان، چیف فنانشل آفیسر، پی ٹی سی ایل اور فریحہ طاہر شاہ، جنرل منیجر، کارپوریٹ کمیونی کیشن، پی ٹی سی ایل، بھی اس موقع پر موجود تھے، جنہوں نے مالی سال 2019 کے مالیاتی نتائج کا اعلان کیا اور کہا کہ منافع میں کمی کی بنیادی وجوہات میں، مہنگائی، روپے کی قدر میں مسلسل کمی، بجلی کی قیمتوں میں اضافہ شامل ہیں۔ پی ٹی سی ایل کی 71.5 ارب روپے کی آمدنی گزشتہ سال کے مقابلے میں قدرے زائد رہی۔ پی ٹی سی ایل کی معروف براڈ بینڈ سروسز نے آمدنی میں 5% YoY اضافہ حاصل کیا۔ ملک کے 11 اہم شہروں میں فائبر-ٹو-دی-ہوم بچھانے سے پی ٹی سی ایل برانڈ کی قدر میں اضافہ ہوا۔ فکسڈ لائن نیٹ ورک انفراسٹرکچر میں اپ گریڈیشن سے شکایات کی شرح میں خاطر خواہ کمی لانے کیساتھ ساتھ پی ٹی سی ایل بینکنگ نیٹ ورک کو مزید تیزی سے پھیلاتے ہوئے واضح ترقی کی اور اپنی آمدنی میں 48% اضافہ کیا۔ پی ٹی سی ایل گروپ کا آپریٹنگ منافع اور خالص منافع 6.7 ارب روپے اور بزنس نے 2018 کے بعد اپنی ترقی کی رفتار کو جاری رکھتے ہوئے نئے اسٹریٹجک آئی سی ٹی اور کلاؤڈ پراجیکٹس حاصل کر کے مجموعی طور پر 13 فیصد ترقی کی۔ پی ٹی سی ایل نے اپنی مارکیٹ لیڈر شپ کو کامیابی سے برقرار رکھتے ہوئے آئی پی بینڈ وڈتھ بزنس میں مزید اضافہ بھی کیا ہے۔ اس توسیع نے VSAT کی ترقی کیساتھ ملکر پی ٹی سی ایل کو cellular, LDI and local loop operators کو واحد بینڈ وڈتھ فراہم کرنے والا ادارہ بنا دیا ہے۔ اس عرصہ کے دوران وائرلیس کی آمدنی میں سیلولر کمپنیز کی جانب سے سخت مسابقتی رجحان کی وجہ سے YoY میں کمی نظر آئی۔ وائس کی آمدنی اور اس کی ٹریفک والیوم میں مسلسل کمی کی وجوہات غیر قانونی / گرے ٹریفک ٹرمینیشن، او ٹی ٹی اور سیلولر سروسز پر مسلسل منتقلی نظر آئی۔ پی ٹی سی ایل کا آپریٹنگ منافع پچھلے سال کے مقابلے میں 24% قدرے کم رہا۔ اس عرصے کے دوران آپریٹنگ منافع مہنگائی، بجلی کی قیمتوں میں اضافے اور روپے کی قدر میں کمی کی وجہ سے گزشتہ سال کے مقابلے میں دباؤ کا شکار رہا۔ پی ٹی سی ایل کا خالص منافع ٹیکس کی ادائیگی کے بعد 6.3 ارب روپے رہا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 14.5% کم ہے۔ غیر ملکی زرمبادلہ پر مبنی اثاثوں پر ملنے والے منافع سے سرمایہ کاری پر زیادہ آمدنی حاصل ہوئی جس کے باعث نان آپریٹنگ آمدن میں اضافے نے آپریٹنگ منافع کی سطح میں 24% سے مجموعی منافع کی سطح پر 14.5% کمی کرنے میں مدد کی ہے۔

> **ملک کے 11 اہم شہروں میں فائبر ٹو دی ہوم بچھانے سے پی ٹی سی ایل برانڈ کی قدر میں اضافہ ہوا، فکسڈ لائن نیٹ ورک انفراسٹرکچر میں اپ گریڈیشن سے شکایات میں خاطر خواہ کمی لانے کیساتھ ساتھ پی ٹی سی ایل صارفین کو تیز انٹرنیٹ پیکجز بھی مہیا کر رہا ہے**



صارفین کو تیز انٹرنیٹ پیکجز بھی مہیا کر رہا ہے۔ نیٹ ورک اپ گریڈیشن کیساتھ ساتھ پی ٹی سی ایل نے صارفین کو بہتر سہولیات مہیا کرنے کیلئے ایکسپیرینس مینجمنٹ، کسٹمر کیئر سسٹم کا نفاذ اور متعلقہ بہترین طریقوں کو اپنانے جیسے اقدامات بھی اٹھائے ہیں۔ رواں سال پی ٹی سی ایل کے کسٹمر ہیپی نس انڈکس فریم ورک پر عمل درآمد کیلئے گئے اقدامات کو ٹیلی کام گلوبل سمٹ کے دوران لندن میں منعقدہ چودھویں سالانہ کسٹمر ایکسپیرینس مینجمنٹ (CMM) ایوارڈز میں تسلیم کیا گیا۔ کارپوریٹ اور ہول سیل



پی ٹی سی ایل نے ملازمین کے استعداد کار میں اضافہ، تعلیم کی فراہمی اور مدبرانہ قیادت کے فروغ کیلئے ٹاکس پی ٹی سی ایل، پی ٹی سی ایل سفیر اور ڈیجیٹل لرننگ ہیکاتھون جیسے نئے پروگرامز کا آغاز کیا۔ نوجوانوں اور پیشہ ور افراد کے درمیان خلا کو پر کرنے کیلئے یہ پروگرامز نوجوانوں کیلئے صنعتی شعبے کے ماہرین کے براہ راست تجربات اور کامیابیاں حاصل کرنے کیلئے کامیابی کے سفر کی کہانی بھی سناتے ہیں۔ پی ٹی سی ایل نے بریسٹ کینسر کے حوالے سے ایک ماہ پر مشتمل طویل آگاہی مہم بھی شروع کی جس نے اس بیماری سے متعلق غلط فہمیوں کو کامیابی کے ساتھ زائل کیا۔ پی این سی اے کے اشتراک سے پی ٹی سی ایل اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کام نے کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ایک آرٹ نمائش کا بھی انعقاد کیا۔ کلین اینڈ گرین پاکستان مہم کیلئے اپنے اقدامات کے سلسلے میں جدید سولر پاور سسٹمز نصب کرنے کیلئے ایک جامع منصوبے کا آغاز کیا۔ منصوبے کے تحت توانائی کی بچت اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے پاکستان بھر میں پی ٹی سی ایل کی 700 سے زائد تنصیبات کو سولر سسٹم پر منتقل کیا گیا۔

4 TIME WINNER OF SPEEDTEST AWARDS By OOKLA

موضوعات	صفحہ نمبر
اداریہ	3
پی ٹی سی ایل سی ای او خصوصی انٹرویو	4
امریکا کا افغانستان میں مستقبل	5
پی پی کے بانی رکن ڈاکٹر مبشر	6
قرنطینہ کیا ہے؟؟	7
امسال ایک مختلف رمضان	8
کمپیوٹر کی تعلیم	9
کورونا وبا یا سازش؟؟؟؟	11
سائیں بابا لیبارٹری والے	12
تصویری خبرنامہ	13
ٹیکنالوجی نیوز	16
موبائل فون تعارف	21

FLARE
Business News Magazine



MixFM 90.6 پتوکی نمبر 1 ریڈیو چینل
MixFM 99 قصور نمبر 1 ریڈیو چینل
MixFM 100 پاکپتن/عارف والا نمبر 1 ریڈیو چینل

sms
ملک بھر میں پہلی بار تمام موبائل فون نیٹ ورکس پر کمپنی کے نام ساتھ
صرف 14 پیسہ میں ایس ایم ایس بھیجیں
رابطہ: 0323-4972029

تم بھی تماشا بننے کیلئے تیار رہو

غربت برسوں سے ہمارے اڑوس پڑوس میں ڈیرے ڈال کر خراٹے مارتی رہی اور ہم چوکوں، چوارہوں، ریگستانوں، صحراؤں اور شہروں میں غریب تلاش کرتے پھرتے رہے۔ جس طرح ہر مانگنے والا بھکاری نہیں ہوتا اسی طرح ہر مٹھی بند کرنے اور ہاتھ سمیٹنے والا امیر بھی نہیں ہوتا۔ ہاتھ پھیلانا یہ غربت کی کوئی نشانی نہیں۔ اس دنیا، اس ملک اور اس معاشرے میں ایسے ہزاروں ولاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں اور اربوں لوگ ایسے بھی ہیں جو غربت، تنگدستی، مجبوری، لاچاری اور فقر وفاقوں کے باوجود شرم کے مارے کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتے۔ سوچنے کی بات ہے ایسے لوگ پھر ایسے معاشرے میں جہاں دس روپے کی امداد بھی کیمرے، فیس بک، یوٹیوب، اخبارات اور ٹی وی چینلز پر دنیا کے سامنے دی جارہی ہو کیسے یہ راز بے راز کریں گے کہ وہ کوئی غریب، فقیر، مجبور اور لاچار ہیں۔۔؟ غربت واقعی بہت بڑی بلاء ہے لیکن آج اس غربت سے بھی بڑی آفت ایک غریب، مجبور، لاچار، تنگدست اور ایک خودار ماں، بہن، بیٹی، باپ، بیٹے یا کسی بھائی کی آٹے کے ایک تھیلے، پانچ کلو چینی، ایک کلو ڈالڈا یا دو کلو چاول امداد لینے کی تصویر کا امداد کے گھر میں پہنچنے سے پہلے فیس بک، یوٹیوب، اخبارات اور ٹی وی چینلز پر سامنے آنا ہے۔ جو لوگ شرم کے مارے ساری عمر اپنی غربت، تنگدستی، مجبوری، لاچاری اور فقر وفاقوں کو دنیا سے چھپائے رکھے۔ جو فقر وفاقوں کو ہنسی خوشی گلے لگائے پر شرم کا کڑوا گھونٹ کبھی نہ پیئے۔ جو ایک خشک روٹی، خالی پانی اور گھاس پوس پر صرف اس لیئے گزارا کریں کہ ان کے چہرے سے خودداری، شرم وحیاء کی چادر کہیں سرک نہ جائیں۔ پھر جب اچانک بیس کلو آٹے اور پانچ کلو چینی لینے پر ان کا شرم وحیا سے لبریز چہرہ فیس بک، یوٹیوب، اخبارات اور ٹی وی چینلز پر دنیا کے سامنے آئے گا تو خدارا صرف ایک منٹ کے لئے سوچیں۔ ایسے لوگوں پر پھر کیا گزر رہی ہوگی۔۔؟ ایسے لوگ پھر شرم سے پانی پانی ہو کر مریں گے نہیں تو کیا خاک جیئیں گے۔۔؟ مانا کہ غربت کی کوئی قیمت نہیں۔ بھوک پھر انسان سے دنیا کا ہر کام اور دھندہ کروا دیتی ہے مگر ایک بات یاد رکھیں کہ شرم وحیاء کے مقابلے میں غربت، بھوک وافلاس بھی کچھ نہیں۔ اکثر خودار لوگ غربت، بیروزگاری، فقر وفاقوں اور بھوک وافلاس کے ہاتھوں بھوک سے بلک بلک کر جان تو دے دیتے ہیں لیکن شرم وحیاء پر وہ کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے۔ دین اسلام جس نے ہر معاملے میں قدم بقدم ہماری رہنمائی فرمائی۔ صدقہ، خیرات، زکوٰۃ اور غریب، مجبور اور لاچار لوگوں وانسانوں کی مدد کرنے کے طور طریقے بھی ہمیں کھل کر بتا دیئے ہیں۔ جب تم کسی کی مدد کرنا چاہو تو اس طرح کرو کہ اگر دائیں ہاتھ سے کسی غریب، مجبور اور لاچار کو کچھ دو تو بائیں ہاتھ کو بھی اس کی خبر نہ ہو۔ نام کے تو ہم سب مسلمان ہیں لیکن اسلامی تعلیمات، حدود اور قیود سے آج ہم اتنے دور اتنے دور ہو گئے ہیں کہ اتنے دور وہ کالے کافر بھی نہیں ہونگے۔ دس کلو آٹے یا پانچ کلو چینی پر کسی کی غربت کا مذاق اڑانا یا کسی کو دنیا کے سامنے تماشا بنانا یہ کہاں کی انسانیت۔۔؟ کونسی مسلمانی۔۔؟ اور کہاں کی بھلائی وخیر خواہی ہے۔۔؟ پہلے جو کہا جاتا تھا کہ نیکی کر دریا میں ڈال۔ کیا وہ نیکی اب صرف ایچ ڈی کیمرے، فیس بک، یوٹیوب، اخبارات اور ٹی وی چینلز پر ڈالنے کے لئے رہ گئی ہے۔۔؟ غریب، مجبور اور لاچار ماؤں، بہنوں، بیٹیوں، بیٹوں اور بھائیوں کی امداد لینے والی تصاویر ہم پہلے کھینچواتے ہیں اور ایک کلو آٹے کی امداد ہم انہیں بعد میں دیتے ہیں۔ کسی غریب اور مجبور ماں، بہن، بیٹی اور بھائی کی تصویر بناتے ہوئے کیا ہم نے کبھی یہ سوچا۔۔؟ کہ اگر اس طرح کوئی ہمیں ایک کلو آٹے اور پاؤ چینی کے لئے دنیا کے سامنے تماشا بنائیں تو پھر ہم پر کیا گزرے گی۔۔؟ یا پھر ہماری کیا حالت ہوگی۔۔؟ اس ملک میں مہنگائی، غربت اور بیروزگاری کی وجہ سے پہلے ہی ہر شخص کا جینا حرام اور محال ہو گیا تھا۔ اوپر سے کرونا کی وباء نے غریب طبقے پر بجلیاں گرادی ہیں۔ لاک ڈاؤن اور نظام زندگی مفلوج ہونے کے باعث آج ملک میں سفید پوش طبقے کے لئے زندگی کا نظام چلانا مشکل ہی نہیں ناممکن سا ہو کر رہ گیا ہے۔ ان حالات میں ضرورت اس بات کی تھی کہ مخیّر حضرات آگے بڑھتے اور ان غریبوں کے چولہے بجھنے سے بچانے میں اپنا کردار ادا کرتے مگر افسوس ہزاروں کروڑ پتیوں اور درجنوں ارب پتیوں کے بیچ میں بھی آج کوئی ایسا مخیّر نظر نہیں آرہا جنہوں نے اپنے در غریبوں کے لئے واہ کر دیئے ہوں۔ مشکل کی اس گھڑی میں گنتی کے جو چند لوگ آگے بڑھے ہیں یا سامنے آئے ہیں۔ انتہائی معذرت کے ساتھ انہیں بھی کسی غریب، مجبور اور لاچار کو کوئی امداد دینے سے زیادہ اس ایک سیلفی کی پڑی ہوئی ہے جس سیلفی سے میڈیا اور سوشل میڈیا پر وہ کرائے کے چند ٹٹوؤں سے اپنی کچھ واہ واہ کروا سکیں۔ میڈیا اور سوشل میڈیا پر جب کسی غریب اور مجبور ماں، بہن اور بیٹی کو آٹے کا ایک تھیلا تھمانے کی سیلفی جب نظروں سے گزرتی ہے تو دل پھٹنے لگتا ہے۔ کیا غریب اب اس کام کے لئے ہی رہ گئے ہیں۔۔؟ غریبوں کی غربت کا اس طرح مذاق اڑانے سے یہ زمین پھٹتی کیوں نہیں۔۔؟ یہ آسمان ہم پر گرتا کیوں نہیں۔۔؟ لوگ کرونا کا رونا رو رہے ہیں۔ ہمارے جیسے اعمال اور افعال ہیں۔ ان کے مقابلے میں تو یہ کرونا شرونا کچھ بھی نہیں۔ ہم تو پتھروں کی بارش اور کسی دردناک عذاب کے اس سے بھی زیادہ مستحق ہیں۔ جب ہمیں بے حساب دینے والا اپنے خزانوں سے مال اور زر دیتے ہوئے ہمارا مذاق نہیں اڑاتا پھر ہم کون ہوتے ہیں چند ٹکوں کی خاطر کسی غریب، مجبو اور لاچار کا مذاق اڑانے والے۔ میڈیا، سوشل میڈیا اور سیلفی کے بغیر بھی کسی غریب اور مجبور کی مدد کی جاسکتی ہے۔ رات کے اندھیرے میں غریبوں کے گھروں میں راشن دینے والے بھی تو کسی کی مدد کر رہے ہیں۔ بیواہ خواتین، بے سہارا ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور یتیموں کی چپکے سے کفالت کرنے والے بھی تو کسی کی مدد کر رہے ہیں۔ بٹگرام میں ایک نوجوان ڈاکٹر فیاض پنجگل فکر انسانیت کے سائے تلے فیس بک، میڈیا اور سوشل میڈیا سے ہٹ کر عملی میدان میں سرکاری ہسپتالوں کے اندر اور باہر اس لاک ڈاؤن کے دوران غریب اور مجبور عوام میں تیار کھانا مفت تقسیم کر رہے ہیں۔ کسی بھوکے کو کھانا کھلانا تو ویسے بھی ثواب کا کام ہے پھر اوپر سے جب لاک ڈاؤن ہو پھر تو یہ ثواب یقینی طور پر ڈبل اور ٹرپل ہوگا۔ دس کلو آٹے اور پانچ کلو چینی پر کسی غریب ماں، بہن اور بیٹی کو تماشا بنانا بہت آسان مگر اپنے گھر میں اپنے ہاتھوں سے کھانا بنا کر کسی غریب، مجبور اور بھوکے کو کھلانا بہت مشکل ہے اور یہی مشکل اس وقت وہ اصل مدد اور تعاون ہے جس کی اس ملک، قوم اور معاشرے کو سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ فیس بک پر تیس مار خان بننے والے ہمارے نام نہاد سخی بادشاہوں کو ڈاکٹر فیاض پنجگل جیسے نوجوانوں کی بے لوث خدمت اور پر خلوص جذبے سے کچھ سبق حاصل کر کے مشکل کی اس گھڑی میں غریبوں اور مجبوروں کی حقیقی معنوں میں مدد کے لئے آگے بڑھنا چاہیئے۔ وقت اور حالات ہمیشہ ایک جیسے کبھی نہیں رہتے۔ آج جو لوگ غریب ہیں کل یہ امیر اور جو امیر ہیں یہ کل غریب بھی ہو سکتے ہیں۔ مال، دولت، طاقت اور اقتدار یہ تو حقیقت میں قدرت کی طرف سے انسانوں کا ایک قسم کا امتحان لینا ہوتا ہے۔ کامیاب لوگ وہی ہوتے ہیں جو مال، دولت، طاقت اور اقتدار کے امتحان میں سرخرو ہوتے ہیں۔ دولت، طاقت اور اقتدار کے گھمنڈ میں جو لوگ خدا کو بھول کر فرعون بنتے ہیں وہ پھر زندگی بھر کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔ اس لئے غریبوں کی غربت کا مذاق اڑانے والے ایک بات یاد رکھیں کہ وقت اور حالات بدلنے میں کبھی دیر نہیں لگتا۔ جو حالات آج ان غریبوں کے ہیں کل کو یہی بلکہ اس سے بھی بدتر حالات ان فیس بکی امیروں اور سخیوں کے بھی ہو سکتے ہیں۔ اس لیئے نیکی کر فیس بک پر ڈالنے کی بجائے دریا میں پھینکنی چاہیئے۔ کیونکہ نیکیوں کا بدلہ دینے والی ذات کو بدلہ دینے کے لئے کسی فیس بک اور دریا کی کوئی ضرورت نہیں۔

کُن فَیَکُون

تیرے رستے سے ہٹ گئے تھے
ٹکڑیوں میں بٹ گئے تھے
ہم بڑے ظالم تھے مولا، بندگی سے کٹ گئے تھے
تھا ہمیں طاقت کا زعم، حکمرانی کا زور تھا
تھی ترقی ہر طرف دنیا میں یہ ہی شور تھا
قد کو اونچا کرلیا تھا ہو گئے تھے خود جدا
ہم حدوں کو پار کر کے بن گئے تھے خود خدا
ہم بہت نادان تھے، ہم بڑے مغرور تھے
تھے تو تیرے نام لیوا، ہم مگر مفخور تھے
نعمتوں کو تیری ہم نے اس طرح ٹھکرا دیا
غیر کو اپنا بنایا تجھ کو ہی جھٹلا دیا

اب خدا کا امتحاں ہے اور دور ابتلا
دربدر لاچار ہم ہیں خوف میں ہیں مبتلا
مسجدیں خالی ہیں ساری، رونقیں نا پید ہیں
موت ہے آزاد ہر سو، زندگیاں قید ہیں
خلوتوں میں ہے عبادت، دل مگر ہے بے قرار
ذکر تیرا کر رہے ہیں رو رہے ہیں زار زار
آزمائش صبر کی ہے، شُکر کا ہے امتحاں
تیری تنبیہ ہے یہ مالک گرچہ تُو ہے مہرباں
زندگی ہے قید میں، گوشہ تنہائی ہے
اب ہمیں اک بار پھر سے یاد تیری آئی ہے
اے خدائے لم یزل تیری حشمت کی قسم

رحمتوں کی برکتوں کی پھر طنابیں گاڑھ دے
دل میں پھر سے تُو اُتر، نیتوں کو بھانپ لے
ہے ندامت، شرمساری، تُو گناہوں کو ڈھانپ لے
اے رب ذوالجلال، تیری عظمت کا واسطہ
منتظر ہیں تیری ''کُن'' کے، ہو جا ہم پہ مہرباں
تیری ''کُن'' کے بعد ہوگا ''فَیَکُون'' کُو بہ کُو
نعمتوں کے سب ہی دریا پھر بہیں گے جُو بہ جُو
اپنے کعبے کو جبینوں سے بسا لے پھر سے تُو
نوع انساں کو وباؤں سے بچا لے پھر سے تُو

سلیم احمد (کراچی)

☆☆☆☆

خوشخبری

گزشتہ 15 سال سے باقاعدگی سے کثیر الاشاعت انگریزی میگزین Flare کی مسلسل اور کامیاب اشاعت کے بعد قارئین کی پرزور فرمائش پر اَب فلیئر میگزین میں اردو صفحات کو شامل کیا جا رہا ہے۔ آپ بھی اِن اردو صفحات پر اپنے فیچرز اور آرٹیکلز اور تصاویر شائع کروانے کے لیے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ flarurdu.com flare.pk flare.mag@gmail.com

ایڈیٹر انچیف: زبیر قصوری
ایڈیٹر: سردار فاخر علی ایڈووکیٹ
گرافکس ڈیزائنر: دلشاد حسن شاہ


Blazing Fast
Business
Internet
Over Fiber Optics to your Office
Get a Free Quote!
(Whatsapp & SMS) 0300-8451444
Enjoy Blazing-Fast Internet,
Managed Corporate Telephony
& Crystal Clear Digital TV on
Brain Fiber.
Brain FTTx is currently available in most business areas and large tenant buildings of Lahore.
Brain
Telecommunication Ltd.
Head Office: 730-Nizam Block Allama Iqbal Town, Lahore. Email: corpsales@brain.pk Ph: 042 111 222 777

ماہنامہ

فلیئر

انٹرنیشنل

Free download:flare.pk facebook.com/FlareMagazineOfficial twitter.com/flaremagazinepk

مارچ۔اپریل 2020ء

MixFM 100
پاکپتن/عارف والا نمبر 1 ریڈیو چینل

MixFM 99
قصور نمبر 1 ریڈیو چینل

MixFM 90.6
پٹوکی نمبر 1 ریڈیو چینل



صدر عارف علوی اور وزیر ریلوے شیخ رشید قلیوں میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

ہیں تلخ بہت بندہ مزدور کے اوقات

محنت کش اپنے بچے کو کندھے پر اٹھائے اپنے خاندان کا
پیٹ پالنے کیلئے لکڑی کی بنی ٹوکریاں فروخت کر رہا ہے

پاکستان میں سب سے زیادہ شائع ہونے والے بزنس حالات حاضرہ اور لائف سٹائل فلیر میگزین کی نئی ایپلی کیشن Free press card پلے سٹور پر شائع ہوگئی ہے۔ نہ صرف پاکستان سے بلکہ دنیا بھر کے لوگ فلیر میگزین فری ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے اور نمائندہ بھی اس موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے بن سکیں گے۔

Mi Exclusive Stores

Packages Mall, **Lahore**



Giga Mall, **Islamabad**



D Ground, **Faisalabad**



Star City Mall, **Karachi**



Smartlink Technologies | mistore.pk

vivo



S1 Pro

Upgrade Your Style

8+128 | **48MP** | **SUPER AMOLED**

8GB RAM + 128GB ROM Storage

Diamond Design Quad Camera

In-Display Fingerprint Scanning

vivo.com/pk

Rs. 43,999

RECOMMENDED RETAIL PRICE